در پردہ مباد کہ برآورندۂ این بلائی منظوم سخن از بحر بن مال و دماغ خویشتن تمیر الدولہ منظر الملک منشی سید منظر علی امیر مرحوم لکھنوی در شناوری محیط غوامض سخن آنکس ست کہ گوہ کمال شناوریش درین محیط ہمین مجمع البحرین بس است خصے حوصلۂ تربیہ شناس ارباب فن باد پر گہ نثار این صاحب بدیت چشمۂ کہ لطبع صفاگین شکوہ تمع این مجمع البحرین دو بالا گردانید تا باہ جون ۱۹۰۶ء مطابق ربیع الثانی ۱۳۲۴ ہجری خنکی بخش دیدۂ مشتاقان آمد

به عون صناع مکین و مکان فضل خلاق زمین و زمان

قصائد حمد و نعت و منقبت و مدح رب المشرقین و رسول الثقلین و حیدر صفدر و حسنین علیہم السلام غیر

مسمّٰے

مجمع البحرین ذوالسنین

جلد دوم

از تدبیر الدولہ مظفر الملک حضرت منشی سید مظفر علی اسیر مرحوم لکھنوی معنی آگاہ محمد است و علی فاطمہ و حسن و حسین

در مطبع نامی منشی نولکشور واقع لکھنؤ بہ طبع مزین و مطبوع جہانشد

اعلان۔ حق تصنیف اس کتاب کا بحق نولکشور پریس محفوظ و محدود ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رگ جان تک نظر آتی ہی سو جا سے بآسانی
نقاہت سے ہوے ہین جسم کے مُہرے سلیمانی

یہ زایل طاقت جنبش ہوئی ہی ناتوانی سے
نگہ ہی چشم مین قیدی نفس سینے مین زندانی

کیا دَور فلک نے اِسقدر لاغر ہلال آسا
کہ پیشانی ہوئی ہی گھٹ کے شکل چین پیشانی

بزنگ خس ہی جسم زار جوشِ غم سے ڈرتا ہون
بہائے صورتِ دریا نہ اسکو ہو کے دل پانی

وہ لاغر ہون کہ عکس آئینے مین پڑتا نہین میرا
مری گم گشتگی ہی سخت مجکو وجہ حیرانی

کہان طاقت کہ بار رخت اپنے دوش سے سنبھلے
وفورِ ضعف سے تن پر گران ہی رخت عُریانی

ہلا ؤن دست و پا کیا مین کہ کچھ بھی ہو نہین سکتا
عبث ہی ذبح کے م مُرغ بسمل کی پَر افشانی

گئے وہ دن کہ جوڑے کی طرح تھی دل کو جمعیت
گرہ مین مثل زلف اب کیا ہی جز نقد پریشانی

خط تقدیر کو پڑھکر یہ ہر دم دھیان آتا ہی
کہ اپنے سر سے توڑون آپ اپنی لوح پیشانی

نہایت دست جور چرخ سے دل تنگ آیا ہی
عجب کیا ہی کہ چھوڑے روح قالب کو بآسانی

کہان امید روزی کشت زار ملک ہستی مین
کہین برقِ خرابی ہی کہین سیلاب ویرانی

کھنچی ہی تیغ آفت مسلخ قصاب ہی گردون
ستارے جوش حیرت سے ہین شکل چشم قربانی

وہ بدقسمت ہون باران سے حفاظت مین اگر چاہون
برس کر ابر کی صورت بھگوئے اور بارانی

شریک حال کب آفت زدون کا کوئی ہوتا ہی
بجائین ناخدا البغلین اگر کشتی ہو طوفانی

فلک کی چشم پوشی سے ہوا قحط لباس ایسا
کہ اب بازار مین بکنے لگا ہے رختِ عریانی

یہ رسم ترکِ الفت ہی کہے سو شعر اگر شاعر
ملے مصراعِ اول سے نہ کوئی مصرعِ ثانی

ہزار اہلِ جہان ڈھونڈھیں نہ ہاتھ آئے کہیں دولت
دہنِ معشوق کا اس عہد مین ہی گنج پنہانی

گدا ہون کیون نہ دنیا مین ہدف تیرِ حوادث کے
کہ تاجِ فرقِ سلطان ہی مقامِ لعلِ پیکانی

صفائے دل ہی زائل کیا کوئی شکل ہی دیکھے
نہان ہی سنگ مین آئینہ محفل کو ہی حیرانی

کرم کے وقت بھی یہ چرخِ ممسک کا ارادہ ہی
کہ ہو خوانِ تہی بھوکھون کے آگے وقتِ مہمانی

حسینون کو بھی ماتم سے نہین فرصت زمانے مین
سیہ پوشی آنکھ کی پتلی ہی گیسو کو پریشانی

تماشائی ہین گلزارِ جہان کے بدگمان ایسے
کرین شبنم سے گل پر تہمتِ آلودہ دامانی

مگر رنجِ حوادث کچھ نہین مجکو کہ صابر ہون
تصور مین ہی ہر دم انقلابِ عالمِ فانی

گلِ رعنا زمانے کی دورنگی کو سمجھتا ہون
مشامِ جان کو ہی پھولون کی بو رنگ پریشانی

جو ہین دیندار اُنکو دولتِ دنیا سے کیا مطلب
نہین حاجت کہ ہو اوراقِ قرآن پر زر افشانی

مدد درکار کیا اُنکو ہی جنکی اصل اچھی ہی
کرے لوحِ طلا کو کیا مذہب خامۂ مانی

صفائے دل کبھی مٹتی نہین ہی تیرہ بختی مین
سیہ جامے مین پتلی آنکھ کی کتنی ہی نورانی

ملالِ فاقہ کم ہوتا ہی انسان کی جو عادت ہو
کہ سہل اوّل سے ماہِ صوم مین ہی عشرۂ ثانی

حوادث کی سپر ہی دہر مین افلاس مُفلس کو
نہین دیکھی کسی نے کشتیِ درویش طوفانی

سپرِ شمشیرِ آفت کی ہی حسرت جسکو کہتے ہین
ہوا کب عید کے دن آہوے تصویر قربانی

جو ہین اہلِ نجابت شاد رہتے ہین مصیبت مین
ہزارون زخم ہین لیکن ہی خندان گل کی پیشانی

کہو ارباب دولت سے عبث ہین موت سے غافل
کہ ہی پروازِ دولت مرغِ بسمل کی پر افشانی

صدف کا سینہ گوہر کے سبب سے چاک ہوتا ہی
جہان مین جمع دولت ہی پیامِ خانہ ویرانی

نشاطِ چند روزہ اور پردہ فاش کرتی ہی
پسند آتی ہی دیوانون کو فصلِ گل مین عریانی

نہو پیرو کسی کا چاہیئے تجکو جو جمعیت
نصیبِ گرد کیا ہی قافلے سے جزِ پریشانی

اسیر اس بحث لاحاصل سے کیا حاصل تجھے ہوگا
کہ کوتہ ہی شبِ فکر اور افسانہ ہی طولانی

کلامِ شاعرانہ منحصر رکھ اور لوگون پر
نہ تو سعدی نہ تو خسرو نہ تو عرفی نہ خاقانی

صلہ کیا چاہیئے تجکو کہ بے پروا ہی دولت سے
نکر دیندار ہو کر اہلِ دنیا کی ثنا خوانی

ثنا کر اُسکی جسکا نام ہی آفاق مین احمدؐ
ثنا کر اُسکی جسکا ہی لقب محبوب یزدانی

جھکے ہین جسکی پابوسی کو اکثر سر فرشتون کے
گروہِ انبیا مین جسنے پایا تاج سلطانی

عصا در دست روز و شب نہ رہتے کسطرح حاضر
مباہاتِ کلیم اللہ تھی اُس در کی دربانی

وہ ناخواندہ بھرا ہی جسکا علمِ غیب سے سینہ
جہان روح القدس لیتے ہین تعلیم سخندانی

وہ تختِ سلطنت ہی کوچہ اُس شاہِ دو عالم کا
جہان ہر مور کو زیبا ہی دعوائے سلیمانی

کیا جسدن سے اُسکے حفظ نے آباد عالم کو
چھپی دہشت سے جاکر چغد کے سایہ مین ویرانی

سُناؤن سامعین کو اور بھی دو مطلع روشن
کہ لاثانی ہون دونون ایک کا پر ایک ہو ثانی

مطلع ثانی

ظہور پاک سے پہونچا فلک تک نور ایمانی
زحل کو کیون نہ دے برجیس ترغیب مسلمانی

کبھی ہمت مین دستِ گوہر افشان کا نہو ثانی
کرے ابرِ بہاری ایک رو کر گو لہو پانی

محبت اُس شہِ عالی مکان کی دل مین رکھتے ہین
قلوب المومنین اسوجہ سے ہین عرش ربانی

زبان کلک نے قوسین کی تفسیر کی گویا
لکھا لفظ محمدؐ مین جو میم اول و ثانی

مگر پیرِ فلک اس نام کی تسبیح پڑھتا ہی
کیا کرتا ہی انجم سے جو ہر شب سُبحہ گردانی

سپر مہتاب کی گردون پہ ہوتی کیون نہ دو ٹکڑے
بُنانِ پاک مین تھے جوہر تیغ صفا ہانی

عنایت سے کیا تنہا نہ چشمِ کور کو بینا
جہ بے آب مین آب دہن سے بھر دیا پانی

کیا سیراک طبق تقسیم کرکے سارے لشکر کو
بڑھائی آبرو کیا میزبان کی روزِ مہمانی

فرشتے سجدے کرتے روز خلقت کیون نہ آدم کو
چمکی تھی انھین کے نور سے آدم کی پیشانی

زہے رعب نبوت سامنا جسوقت ہوتا تھا
یہودی کانپ اُٹھتے تھے لرز جاتے تھے نصرانی

جواب اک حرف کا ممکن نہین اب تک فصیحونسے
گواہی دیتی ہین اعجاز کی آیات قرآنی

انھین کی نان جونے اُسکو بدلا سرخروئی سے
ہوئی آدم کو جو گندم کے کھانے سے پشیمانی

خدائی کی عیان پیغمبری سے شان ہوتی ہے
نہ ہی اللہ کا ثانی نہ کوئی آپ کا ثانی

درِ اقدس کے سجدے مین خدا جانے ہی کیا لذت
تن جبریل مین ہر عضو کو ہے رشک پیشانی

شرف مُہر نبوت کو ملا یہ دوش اقدس سے
برائے نام چہ یہ جسکا ہی مُہر سلیمانی

چھڑایا آپ نے یونس کو قید بطن ماہی سے
رہائی آپ نے بخشی ہوے یوسف جو زندانی

وضو کے وقت اشارہ جب ہوا افلاک کی جانب
مسیحا لیکے آئے چشمۂ خورشید سے پانی

ظہور نور حضرت بسکہ تھا منظور خالق کو
ہوا نافذ پئے ایجاد عالم حکم ربانی

ترے ہے رحمت کہ ہوا کے سبب پشت کمان سدھی
ترے ہے ہیبت کہ اُس سے خشک ہے شمشیر کا پانی

فلک کو وہ نہ رکھین باز بدعت سے تو عالم مین
کرے سیلاب آسا چاندنی بھی خانہ ویرانی

تواضع آپ نے کی کر لیا تسخیر عالم کو
ہوا فتح خمیدہ خاتم دست سلیمانی

جو اس در کے سوا در پر کسی کے سر جھکا تے ہین
انھین سجدے سے کیا حاصل سوائے داغ پیشانی

سزا جب سرکشون کی آپ کو منظور ہوتی ہے
شرارون کو بجھاتا ہے سما کر سنگ مین پانی

بنایا یون جمال پاک نے سایہ کی ظلمت کو
سواد شب کو کھو دیتی ہے جیسے صبح نورانی

نفاست دور ہو جاتی ہے جوہر کی لطافت سے
کہان سایہ کہ ذات پاک تھی خود نور یزدانی

اُسی عالم مین چھوڑ آئے وہ اپنا سایۂ عالی
رہین آرام سے تا ساکنان عرش ربانی

بنا کوثر جو چشم لطف کی آئینہ کی جانب
نگاہ قہر سے دیکھا تو پتھر ہو گیا پانی

بیان ہو وصف بندون کی زبان سے کسطرح اُسکا
خدا قرآن مین کرتا ہو خود جسکی ثنا خوانی

ق شب معراج مین بیدار ہو کر خواب راحت سے
گیا تا لامکان جسوقت وہ محبوب یزدانی

نہ تھا گر امتیاز عاشق و معشوق پھر کیا تھا
جہان ہے جلوہ گاہ حق کہان گنجائش ثانی

دلا خاموش اس گفتار سے بہتر ہے خاموشی
فلک ہے حلقۂ پرکار نقطہ عقل انسانی

جدا ہین وہ نہ خالق سے نہ خالق ہے جدا اُن سے
سمجھنا فرق ظل و شخص مین ہے عین نادانی

نہ تھا کوئی وہان محرم تو ظاہر ہے سبب اسکا
رہین محفوظ تا تشکیک سے اوہام انسانی

پڑا سنگ آکے دانتون پر کہان پتھر کہان گوہر
غضب ہے آتۂ بدعت کی دیکھو تیز دندانی

لب گلرنگ پر جسدم بہا خون بن دندان
ہوا لعل بدخشان پر گمان لعل سیلانی

کرم دیکھو کہ دشمن سے لیا پتھر دیا گوہر
کہان یہ ابر نیسان مین طریق گوہر افشانی

زبان اُسوقت بھی گویا رہی ذکر الٰہی مین
صف دندان سے لی ہاتھون مین تسبیح سلیمانی

نہین غم زخم شمشیر زبان خلق سے اُنکو
کہ جسم پاک پر ہے جوشن تائید ربانی

قیامت تک خلل ممکن نہین ایوان ایسان مین
کہ بارہ جانشین ہین آپ کے ارکان ایمانی

دکھاؤ یا رسول اللہ اپنا چہرۂ روشن
کہ تابان ہو سواد کفر مین نور مسلمانی

ظہور پاک کا مشتاق ہر یون قلب صاف اپنا
محبت جسطرح مومن کو ہو مومن سے روحانی

اٹھاؤ پردۂ عارض بہت مشتاق ہین آنکھین
دکھاؤ تیرہ بختون کو تماشا صبح نورانی

سواری آپ کی دیکھین تو مشتاقون کو تسکین ہو
کہ بے سلطان بہت ہوتی ہو لشکر کو پریشانی

مری لفظون مین مضمون اسطرح ہین مدح حضرت سے
صدف مین جیسے موتی سنگ مین لعل بدخشانی

رہے نشو موالید ثلثہ جب تلک یارب
عناصر سے ہو جب تک دہر مین ترکیب انسانی

الٰہی عید زیر تیغ ہو جب تک شہیدون کو
دکھائے آئینہ قاتل کو جب تک چشم قربانی

بہو دو گبر و ترسا تابع حکم شریعت ہون
بڑھے ہر دم جہان مین رونق دین مسلمانی

قصیدہ در بیان عقد جناب فاطمہ زہرا علیہا السلام با علی مرتضیٰ شیر خدا علیہ السلام

پھر بہار آئی ہوئی بزم چمن کی تزئین
نونہالان چمن کی ہین قبائین رنگین

دی ہر اک پھول کو بلبل نے ترقی کی دعا
غنچے چٹکے تو صدا آئی کہ آمین آمین

قلم نور سے کاتب نے لکھا وصف بہار
ماہ و خورشید ورق بنگئے نقطے پروین

شاخین دکھلانے لگین کاہکشان کا عالم
تمثل خورشید ہو خورشید فلک سطح زمین

چمن چار عناصر مین نئے گل پھولے
بنگیا قطعۂ یاقوت خط لوح جبین

گل کے مانند نئے ہوتے ہین مضمون پیدا
تازہ اس فصل مین شاعر سے نکلتی ہی زمین

طالع نیک سنجم کو نظر آتے ہین
چرخ پر سعد ہین سب نجم کوئی نحس نہین

ساغر جم کی ہر اک پھول مین ہی کیفیت
داغ لالے کا بعینہ ہی سلیمان کا نگین

گل گلزار عجب نور کی تصویر مین ہین
محو حیرت ہی جنھین دیکھکے صور تگر چین

خط محرر جو لکھے بیٹھ کے گلشن مین تو ہو
ورق گل کی طرح صفحۂ کاغذ رنگین

جام یاقوت بنے جوش بہار ان کے سبب
آئے کاسہ جو گدا ہاتھ مین لیکر چو مین

بسکہ موزونی گلشن ہی طبائع کو پسند
مصرع سرو کو کرنے لگے شاعر تضمین

سیر کو قاصد سے آتی ہین ہزارون پریان — حورون نے کھول دیے ہین درفردوس بریں
فرحت انگیز زمانہ ہو معطر ہین دماغ — آسمان مشک کا خوشبو سے ہو صندل کی زمین
سبب اسکا ہی کہ ہوتا ہی شریعت کو فروغ — خانۂ دین مین ہی آراستہ بزم تزئین
آج ہوتی ہی تمھین دولت کونین نصیب — مژدہ دیتے ہین پیمبر کو یہ جبریل امین
بخشے جاتے ہین جو مثل کف دریا ہین گناہ — جوش پر ہی کرم خالق افلاک و زمین
اس بہاران مین مناسب ہی کہ خوش ہو کے کرے — عندلیب قلم فکر بیان رنگین
دیدۂ حور کی پتلی ہو سر دست دوات — کہکشان خامۂ تحریر ورق ماہ مبین
حال بلقیس و سلیمان جو لکھون کیا حاصل — قصۂ آدم و حوا مجھے مطلوب نہین
کام ہی مجکو زلیخا سے نہ یوسف سے غرض — مصر و کنعان سے مرے شعر کی بہتر ہی زمین
آج وہ قصۂ دلچسپ کرون زیب رقم — جسکے احمد جسے جاگیر مین دین خلد برین
ہی روایت مین کہ جب حد تنا کو پہونچی — دختر ختم رسل فاطمۂ ماہ جبین
خواستگاری کو گئے جتنے تھے اشراف عرب — دعوت اونکی ہوئی لیکن نہ اجابت کے قرین
واکسی طرح نبی نے نہ کیا باب قبول — چوب دربان دم انکار ہوئی چین جبین
آشنا تیر دعا ایک ہدف سے نہوا — کھینچی خجلت ہوئے سب مثل کمان گوشہ نشین
نقش یہ بات ہر اک دل پہ ہوئی آخر کار — چاہیے اور کوئی مہر نبوت کا نگین
کوئی مضمون ہے نیا طبع نبی کو ہر غوب — ہی یقین قامت حیدر کا ہو مصرع تضمین
کتنے اخلاص گئے متصل شیر خدا — عرق شرم جبین پر صفت نقطۂ نشین
ہی یہ مشہور کہ اس دن کسی نخلستان مین — آب اونٹون کو پلاتے تھے شہ عرش نشین
دی جو ترغیب تمنائے طلبگاری عقد — رو کے حیدر نے کہا یہ مجھے مقدور نہین
فقر ہی سد رہ شوق حیا مانع عقد — آسمان ہو نہین سکتا کبھی پیوند زمین
مور کو وصل سلیمان ہو میسر کیونکر — کیا کرے مسند سلطان کی طلب خاک نشین
طاقت قطرہ ہی دریا سے کرے ہمچشمی — ذرہ ہم مرتبۂ مہر جہانتاب نہین
فاقہ کش ہون مین تہیدست ہون شرم آتی ہی — پیرہن گندہ و کہنہ تو غذا نان جوین

ایک مدت سے تمنا ہی مگر ساکت ہون
چاہیے عقد کو مقدور صداق و کابین

عرض کی سب نے کہ یہ سچ ہی پر ای شیر خدا
دخل کچھ خالق عالم کی مشیت مین نہین

چاہیے آپ کو جانا طرف ختم رسل
آپ مشتاق ہین اس بات کے وہ ہادی دین

ہوے مجبور چلے شیر خدا حجت حق
مصطفے خانۂ ام سلمہ مین تھے مکین

حلقۂ در کو ہلایا تو محمد نے کہا
دیکھ تو کون ہی ہنگام توقف یہ نہین

در کو ام سلمہ کھول کہ وہ آیا ہی
جسکی معلوم ہی اللہ و نبی کو تمکین

بت شکن وہ جو ہوا دوش محمد پہ سوار
نقش پا جسکا ہوا مہر نبوت کا نگین

حکم سے جسکے پھرا اوج فلک پر خورشید
جس سے سب حال بیان کرتی ہی ہر روز زمین

وہ مجاہد کہ جسے باعث راحت ہی جہاد
تیغ پہلو مین ظفر تکیہ مکان خانۂ زین

جسکا دنیا مین ہی سلطان تہیدست خطاب
عالم فقر مین حاصل ہی جسے دولت دین

وہ بہادر جو نیستان شجاعت کا ہی شیر
ہی ترازو ے عدالت کا جو عادل شاہین

در کو ام سلمہ نے جو برعت کھولا
ہالۂ در سے نمودار ہوا ماہ مبین

آکے بیٹھے جو علی پہلوے پیغمبر مین
سر تسلیم گریبان مین نظر سوے زمین

عرض مطلب کا ارادہ تھا مگر تھے خاموش
شرم آلودہ نگاہین عرق آلودہ جبین

یا علی کچھ کہو آخر یہ محمد نے کہا
پردۂ گوش ہین مشتاق کلام رنگین

عرض کی حیدر صفدر نے کہ یا ختم رسل
نیت ذرہ نہان مہر درخشان سے نہین

مہربان آپ سوا ہین پدر و مادر سے
آپ کے ظل حمایت مین پلا مین مسکین

سایہ مدد م ہی حضرت کا تو مین سایہ ہون
قدم پاک نہ چھوڑے کبھی تا عرش برین

دل مین میرے ہوس دولت دنیا دی ہی
کیا تعجب جو ہو محتاج کو حاصل تمکین

یہ سخن سنتے ہی ایسے ہوے خرسند نبی
مثل خورشید چمکنے لگی حضرت کی جبین

متبسم ہوے فرمایا کہ ای راحت جان
مال کچھ پاس تمہارے ہی بقدر کابین

اشک بھر لاکے کہا حیدر صفدر نے شہا
حال افلاس ہی ظاہر کہ مین ہون خاک نشین

ایک شمشیر ہی اور ایک زرہ ایک شتر
تین چیزین ہین مرے ملک مین ای سرور دین

بولے محبوب خدا تیغ ہی لازم تمکو
کہ جہاد رہ خالق ہی تمہارا آئین

ہی پیغمبر راحلہ اشتر کی ضرورت بھی تمھین
چارہ ہنگام سفر کوئی سواری سے نہین

اکتفا کرتے ہین ہم ایک زرہ پر تم سے
اُسکی قیمت ہی فقط خیر نساء کا کابین

یا علیؑ تمکو مبارک ہو وصالِ زہرا
دے چکے ہین یہ بشارت مجھے جبریل امینؑ

عقد زہرا کا ہوا آپ سے بالائے فلک
جنکا پروردشِ خالقِ افلاک و زمین

دست جبریل مین تھا پارچہ صاف حریر
جسمین سطرین تھین رقم نور کی با صد تمکین

حکم اللہ کا یہ پہلے فرشتون کو ہوا
کہ کرین شادی زہراؑ مین وہ اپنی تزئین

حلۂ نور ہے شجرۂ طوبیٰ کے ورق
ہوئی آراستہ زیور سے ہر اک حور العین

چرخ چارم پہ جو تھی مسجد بیت المعمور
اُس مین آ آ کے ملائک ہوئے سب صدر نشین

انبیا جتنے تھے حاضر ہوئے اُس مجلس مین
منبر نور ہوا نصب لطافت آئین

ہی جو اسمٰعیل فرشتہ وہ چڑھا منبر پر
متفق اُسکی فصاحت پہ ہین سب عرش نشین

معجزہ نطق مسیحا کی طرح نطق اُسکا
لحن داؤد سے بہتر کہین آواز حزین

تھی سر ابل سموات کو جنبش اُسدم
متصل عرش سے آتی تھی صدائے تحسین

حکم حق سے جو نکاح آپ کا زہرا سے ہوا
ہوئے سکانِ سموات گواہانِ متین

صورتِ واقعہ لکھی گئی بالائے حریر
خازنِ گلشنِ فردوس ہوا اُسکا امین

عید سے عید ہوئی باغِ جنان مین سب کو
ہوئی غلمان سے بغلگیر ہر اک حور العین

مہر زہرا مین بندھے ہشت چمن ہفت بحار
بخشش اُمت و آب و نمک و وے زمین

یا علی تم نہین آئے تھے ابھی میرے پاس
کہہ رہے تھے اسی احوال کو جبریل امینؑ

اب چلو جانبِ مسجد کہ بجا لاؤن مین
خالق ارض و سموات کا فرمانِ متین

دوسرا سال تو ہجرت کا تھا اور ماہ رجب
اس مناکح سے زیادہ ہوئی جب رونقِ دین

آئے مسجد مین نبیؐ لیکے علیؑ کو ہمراہ
باب مسجد کا کھلا صورتِ چشمِ حق بین

مژدہ دینے لگا انصارِ پیمبرؐ کو بلال
جمع احباب ہوئے صورتِ عقدِ پروین

سُرخیِ رنگ شفق بنگئی ہمرنگ حنا
لائے مہدی کے طبق نہ طبقِ چرخ برین

شکرِ خندۂ شیرین سے بھرین گردون نے | سینیان ماہ کی خورشید کی زرین سیمین
ہار گوٹے کا بلا تھا جو فلک کو اوسدن | کہکشان ہو وہی پیشِ نظر اہلِ یقین
چرخ چرخی ہوا مہتاب برنگِ مہتاب | پچلجھڑی مہر جہانتاب تماشے پر وین
ڈالیان لیکے چلین باغ جنان سے حورین | جان فرہاد پھڑک جاے وہ میوے شیرین
حکم یہ حیدرِ صفدر کو پیمبرؐ کا ہوا | کہ پڑھو خطبہ فصاحت سے بآئین متین
پڑھ کے منبر پہ پڑھا پہلے علیؑ نے خطبہ | کہ فصاحت ہوئی قربان زبانِ شیرین
کر چکے خطبے کو جب حیدرِ کرار تمام | آپ منبر پہ برآمد ہوئے وہ قبلۂ دین
حمد کے بعد پڑھا نعت علیؑ و زہراؑ | جس سے وہ چند ہوئی دین مبین کی تمکین
شور احباب مین اٹھا کہ مبارک ہو یہ عقد | غل ہوا اہلِ سموات مین آمین آمین
شہ کونین نے دعوت کا کیا پھر سامان | شہد و روغن سے ہوا پختہ طعام شیرین
گو کہ قلت تھی ملا سب کو ولیکن وہ طعام | وقت تقسیم ہوا معجزۂ سرور دین
یہ قصیدہ ترا مقبولِ پیمبرؐ ہوا سیمر | ختم کر ختم کہ اب طول سزاوار نہین
عرض کر حضرتِ محبوبِ خدا سے یا شاہ | ہو عطا اسکے صلے مین چمنِ خلد برین
نام آجاے اگر تم سے سخی کا لب پر | کھول دے دل کی گرہ چاہیے دندانہ سین
باغِ عالم مین کہان بہتر آرام نصیب | غنچہ آسا ہی گریبان مرے سر کو بالین
ہون گنہگار بجا ہی جو بہاؤن آنسو | تپ مین ہوتی ہی مریضون کو عرق سے تسکین
طبع روشن کو ہی اس نظم سے ایسی شادی | نام رکھا ہی قصیدے کا سراج التمکین

در منقبت اسد اللہ الغالب علی ابن ابیطالب امام اول علیہ السلام

ہوا سے نشہ یہ اس دور مین ہی عالمگیر | شراب پیر کو لازم ہی جیسے طفل کو شیر
طلسم کہنہ ہے پستانِ دایۂ دنیا | کہ آب اسمین ہی وہ چند شیر عشر عشیر
بلند مرتبہ مسکہ ہی مسجد سے | صداے قلقل مینا سے پست ہی تکبیر
کیا ہی کھود کے مسجد کو میکدہ تعمیر | ہوا ہی خشت در میکدہ نشان کعبہ ہندے مین

جو سرفروش تھے آگے وہ بیفروش ہوئے
شراب کھینچتے ہین کھینچتے تھے جو شمشیر

عبادت اور کہان ہو تو عادتِ قصاب
کسی کو ذبح جو کرتے ہین کہتے ہین تکبیر

بجاے علم ہو تحصیلِ علم موسیقی
جو ہاتھ مین تھی وہی اب گلے مین ہو تحریر

ہنر ذلیل ہو ایسا کہ گھٹ کے نجابت سے
ہوا ہو تیشہ کفِ کوہکن مین ناخن گیسو

عجب نہین ہو یہ اہلِ دول کی خست سے
بنائین شملہ سر چھین کر دے نقر

کسی سے کام نکلتا نہین زمانے مین
وزیر و میر ہین سب گنجفے کے میر و وزیر

اڑ ہوا سے چمن کا بدل گیا ایسا
اوگے زمین سے حنظل جو بوئیے انجیر

نزاع سے ہو یہ معمور رزمگاہِ چمن
کہ مرغ مرغ پر اب کھینچتا ہو تیغ صفیر

فروغ ماہ درخشان ضیاے خنجر شمر
سنانِ نیزۂ خونی شعاعِ مہر منیر

یہ آسمان ہو ستمگر کہ صورتِ خوشہ
جو چار دانے بھی دے تو لگاے اکھون تیر

جہان مین ایک کا ایسا ہو دوسرا قاتل ق
بہانہ ڈھونڈتے ہین بہر قتل سب تقصیر

کوئی مریض خیارین مانگتا ہو اگر
تو باندھ دیتے ہین عطار جوہر شمشیر

جو اتفاق سے ہو سامنا لڑائی کا ق
تمام عمر نہ نکلے نیام سے شمشیر

دم نبرد کبھی تا جگہ سے ہل نہ سکین
سوار دیتے ہین گھوڑون کو دانہ زنجیر

درخت سے نہین ملتے درخت ہل ہل کر
یہ ٹھونک ٹھونک کے خم جھومتے ہین کشتی گیر

گناہ اہلِ ستم اندنون گناہ نہین
خطا جو تیر کرے اوسکو کون دے تقریر

یہ عالم دہر مین تقدیر کی ہو کوتاہی
کہ قصر قصر تھی ہر ایک بحر بحر قصیر

زمین دیکھتے رہتے ہین آسمان کے عوض
منجمون کا یہ ہو پست اختر تقدیر

معلم آپ ہی پڑھتا ہو مفلسی کا سبق
مصور آپ ہی حیران ہو کھینچکر تصویر

فقیر ہو گئے ملاح اندنون ایسے
سفینہ کشتیِ سائل ہو موج موج حصیر

فسانہ گو کو جو بلوائیے کبھی دمِ خواب
کہے نہ قصہ کوئی غیر شکوۂ تقدیر

قفس مین قید ہو طائر کی طرح خود صیاد
جنون مین آپ ہی حدا و پنجے ہو نخچیر

گلے کو کاٹ کے مرجاے اسقدر ہو تنگ
جو باڑھیے کو دیے باڑھ کے لیے شمشیر

کمان کے گھر سے کمانگر کو کچھ حصول نہین — گریز کیون نہ کرے پر لگا کے صورت تیر
خراب ملک امان محکمہ اجل کا ہی گرم — سوائے مقبرہ ہوتی نہین کہین تعمیر
یہ وہ زمانہ ہی ہرگز کوئی نہین سنتا — میان خلق پڑھین خواہ مرثیہ دلگیر
نہ اک نگاہ پہ لین مول طفل مکتب کے — بغل مین داب کے انشا جو آپ آئے منیر
غرض عجیب ہی یہ وقت وقت ناپرسان — کہ پوچھتا نہین کوئی کسی سے جز تعبیر
غریب جان کے ہر وقت آسیا کی طرح — ستم سے پیس رہا ہی مجھے زمانہ پیر
پھرا پھرا ہی مگر جانتا نہین سرکش — کہ دستگیر ہی میرا امیر کل امیر
امام جن و بشر حاکم قضا و قدر — قسیم نار و جنان نائب بشیر و نذیر
علی حکیم علی حاکم و علی محکم — علی خلاصۂ قدرت خلاصۂ تقدیر
نہین ہی رتبہ والا سے کمس بشر کو خبر — نبی ہین مخبر صادق خدائے پاک خبیر
کیا برید جو اسود کا ہاتھ وجہ یہ تھی — کہ اسکے ہاتھ سے چھٹ جاے دامن تقصیر
یہ نور ہی کہ برابر ہی نور کے سایہ — یہ رعب ہی کہ نکلتا نہین عدم سے نظیر
اشارہ ہی یہ لب نان جو کا مولا سے — کہ قطع الفت دنیا کی ہی یہی شمشیر
جو ذات پاک ہی حضرت کی مصحف ناطق — تو ہین حسینؑ و حسنؑ جوشن صغیر و کبیر
یہ ایک جوہر ذاتی ہی دو شرف پائے — نبیؐ نے دی انھین دختر خدا نے دی شمشیر
یہ زور معجزہ دیکھو کہ سنگ سے کھینچی — ز دام ناقۂ صالح لبان موے خمیر
کنار بحر ہو موجود لیکے کشتی نوح — جو وقت غرق کہے کوئی یا جناب امیرؑ
عجب نہین ہی جو وہ لطف عام دور کرے — غبار خاطر صفا دو کینہ پنجیر
جو بحر مین گل عارض کا عکس پڑتا ہی — حباب ٹوٹ کے دیتے ہین بلبلون کی صفیر
وہ راستباز رہی کجرووں سے طبع نفور — کبھی کمان کو دیکھا نہ پھر کے صورت تیر
جو کاسہ گر کا خیال آئے اس مسیحا کو — عجب نہین ہی جو مٹی کی بول اٹھے تصویر
خیال اسکی سخا کا کرین جو اہل جنون — گلے مین طوق طلائی ہو نقرئی زنجیر
کمال دیکھکے ہو خود بخود صرف سجدہ — جمال دیکھ کے تکبیر خود کہے تکبیر

جو قول آپ کا ہو جانِ مبتدا و خبر — ہزار ذہن قوی ہو کبھی پھرے نہ ضمیر
نہیب عدل سے پانی ہو کوہ کا زہرہ — جو دست سنگ سے شیشہ کرے ملائم نفیر
یہ ایک موج ہے دریائے فیض اقدس کی — ملا جو ماہ کو پستانِ آفتاب سے شیر
ہوئے یہ فیض سے محتاج صاحبِ دولت — گلے میں پہنے ہیں تسبیح موتیوں کی فقیر
کروں بطرز مخاطب اسیر اب تعریف — کہ میں حضور ہیں ہوں سامنے جنابِ امیر

مطلع ثانی

تمہارا مثل ہو کیا کوئی یا جناب امیر — نہ ہے رسول کا سایہ نہ ہے خدا کا نظیر
خلاف آپ کے باطل نماز دوزخ و حج — بغیر آپ کے بیکار سجدہ و تکبیر
محبت آپ کی تعمیل حکم پیغمبر — اطاعت آپ کی مثلِ سجود ربِّ قدیر
ہے ایک ہاتھ میں آتش تو ایک ہاتھ میں آب — خدا نے تم کو کیا نائبِ بشیر و نذیر
صدائے اشہد ان لا الہ دے بیشک — جو آئے روضۂ اقدس میں طوطی تصویر
جو شب کو آپ کے روضے کو خواب میں دیکھے — سحر کو دے اُسے رضوان بہشت کی تعبیر
تمہارے سایہ کو سب دیکھکر یہ کہتے ہیں — عجب قدم بقدم بادشاہ کے ہے وزیر
نہیں ہے غم جو عدو منکرِ شجاعت ہوں — مٹائے سے کوئی مٹتے ہیں جو ہر شمشیر
سقیفہ بندی اعدا سے کیا شکست تمہیں — دلیل فتح نہیں اجتماع جمِ غفیر
اُسی کا ہاتھ ہے اور ساغرِ شرابِ طہور — جو شوق دل سے ہے مستِ شرابِ خم غدیر
حضور قلب یہ ہے تم ہوئے جو محو نماز — تو آ کے پاؤں سے اصحاب نے نکالا تیر
سمجھ گئے کہ عدو جنگ میں ہوا تہِ تیغ — نبیؐ کے کان میں پہونچی جو آپ کی تکبیر
نگاہِ لطف ہمیشہ غریب و مسکین پر — ہمیشہ مدِ نظر خاطرِ یتیم و اسیر
دیا گدا کو وہ تمنے نہ تھا جو قسمت میں — ہوئی زبان کو جنبش بدل گئی تقدیر
تمہارے چہرۂ روشن کا نور تھا وہ بھی — کلیم کو نظر آئی جو طور پر تنویر
سر اُنکے جھک گئے ہیبت سے آپ کی دم جنگ — ہمیشہ جھولتی تھی جنکی عرش پر شمشیر
اذان سحر کو تمہاری سنے تو ہے یہ یقین — کہ مرغ بیضۂ فولاد کو اُگلتے نکبیر

جو آئینہ مین پڑے عکس آپ کا تو ابھی
کرے دبار سلیمان کو مور چہ تسخیر

حضور آپ کے شاہان کی کہ کیا رتبہ
امالہ ہے سے عبارت ہی کاف سے تصغیر

گلوے دشمن اگر طوق سے رہا ہو جاے
تو پنجۂ ملک الموت ہو گریبان گیر

ہوئے جو صرف سجود آپ ہفت اعضا سے
زمین کعبہ ہوئی ہفت آسمان کی سیر

جمال شاہد مقصود جبین سے ظاہر ہی
وہ آئینہ ہی شریعت مین آپ کی تقریر

تمھاری شان مین آیا ہی ہل اتے یا شاہ
تمھاری شان مین نازل ہی آیۂ تعمیر

رسول کعبہ تو ہین آپ پوشش کعبہ
نبی کے کلام الٰہی تو آپ ہین تفسیر

لب شریف سے اعجاز عیسوی زندہ
زبادہ ترید بیضا سے ہاتھ ہین تنویر

زمین پر آپ ہین مسند نشین عرش خدا
مسیح چرخ چہارم ہین ایک تکیہ دار فقیر

کرو اشارہ تو دشمن ہو خود بخود زخمی
بریدہ جیسے ہی ہاحلق بے شمشیر

دکھاؤ کشت جہان مین جو قوت اعجاز
تو آب تیغ سے ہو سبز دانۂ زنجیر

ہی ایسی پنجۂ زور آزما مین قوت عدل
دو نیمہ ہوکے ہزاہر ہی کشتۂ شمشیر

حضور قوت بازو ہوئی ہی شاخ کمان
بسان دست شکستہ وبال گردن تیر

جمال کس شہ دلدل سوار کا دیکھا
کہ چشم تر مین ہوئی پتلیون کو عید غدیر

سنان وہ ناخن گیرا جو کوہ پر چمکے
نکال لے رگ خارا بسان موے خمیر

کھلے جو منہ صفت ذوالفقار مین میرا
زبان چلنے لگے صاف صورت شمشیر

بناے ہستی اعدا کو یون مٹاتی ہی
کہ جیسے قطرۂ شبنم کو آفتاب منیر

ابھی تو ایک کو دو دیکھے صورت احول
جو اسکی چشم موحد مین کھینچ دین تصویر

اگر پہاڑ تھا قوت مین مرحب کافر
ہوئی پہاڑ کی چوٹی وہ جوہر شمشیر

غرض مٹائی زمانے سے ایسی ظلمت کفر
کہ حق نمود ہوا مثل آفتاب منیر

عجب سمند سبک رو کہ جسکے پرتو سے
زمین رہتی ہی گردش مین مثل چرخ اثیر

برنگ مہر وہ سارے بروج طے کر جاے
سر مژہ تلک آئے نہ آنکھ سے تنویر

ازل سے جاکے ابد تک پھر آے سو سو بار
نہ پھرنے پاے سوے مبتدا خبر کی ضمیر

دبی سوار کی چٹکی مین گر ذرا بھی عنان — نکل گیا وہ کمانِ فلک سے صورتِ تیر
گذر ہی اُسکا مساواتِ جرم ارضی مین — برنگ علمِ خداوندِ مالکِ تقدیر
کسی زمین پہ اگر اُسکا نقش پڑ جاے — وہان کی خاک کمالِ شرف سے ہو اکسیر
ملے ذرا سی وہ اکسیر کیمیا گر کو — کھلاے اُسکو جو بستر پہ ناتوان ہو پیر
جوان وہ پیر ہو یہ قوتِ جوانی سے — جو اُسکی کھینچدین دیوار باغ پر تصویر
اُکھڑ کے جڑ سے روانہ ہون آسمان کی طرف — تمام نخل چمن جس طرح ہوائی تیر
اسیر مدحتِ مولا کی انتہا ہی کہان — وفورِ الفتِ کامل بھی کیجیے تحریر
مری زبان کمان اور وصفِ پاک کمان — سوالِ عفوِ خطا ہی خجالتِ تقصیر
جو آپ کے درِ دولت تلک رسائی ہو — عجب نہین ہی جو دے مجکو سلطنت تقدیر
جگہ جو مجکو ملے در پہ کیا تعجب ہی — کہ اب بھی ثامنِ اصحاب کہف ہی قطمیر
داغ تازہ ہو بوے گل جنان سے جو ہو — غبار کوچۂ اقدس مرے کفن کا عبیر
نظر مین ہی وہ کتاب چہاردہ بابی — جناب مہدی ہادی ہین جسمین جزو اخیر
وہ نغمہ سنج ریاضِ ثناے حیدر ہون — بلند طائرِ سدرہ سے بھی مری ہی صفیر
طلازمان کو اس ذکر سے وہ حسنِ بیان — سنے جو اسکو کرے وجد محسنِ تاثیر
سواے شعر و سخن اور بھی ہی مجکو شرف — کہ بندہ میر ہی اور میرزا جلال اسیر
دلا کلام تعلی کا نا مناسب ہی — کہ تیرے کام ہین عصیان خطا کنہ تقصیر
فروغ چہرہ و دود گناہ ہین جیسے — ضیاے کوکبِ شب تاب و ظلمتِ شبِ قیر
پڑے جو سقف فلک پر تو بیٹھ جائے ابھی — یہ ظل تن مین ہی تاثیر پستیِ تقدیر
ہوا یہ حال مرا کثرتِ جرائم سے — کہ رنگ چہرہ عامل ہون مین دمِ تغییر
بجاے آب جو میدے مین ہون شریک آنسو — یقین ہی روز قیامت تلک اُٹھے نہ خمیر
دلا اگرچہ ہی مجرم مگر نہو نومید — بہت وسیع ہی دامانِ فضلِ ربِّ قدیر
کبھی نہ کیجیے بجز فال نیک اپنے لیئے — جو خواب دیکھیے یوسف سے پوچھیے تعبیر
ہزار مین ترے حامی ہین خود علی ولیؑ — شفیع روز قیامت ہین خود رسولِ کبیرؐ

ق

در منقبت امام اول اسد اللہ الغالب علی ابن ابیطالب علیہ السلام

پھر ہوا سرد چلی جھوم کے آیا بادل
چاہیے گرم صراحی سے ہو مستوں کی بغل

ابر کہسار گہر ریز ہی صحرا صحرا
رقص طاؤس چمن کرتے ہین جنگل جنگل

کھلوا اے گوشہ نشینو کہ کھلے باغ مین گل
مژدہ اے بادہ کشو جھوم کے آیا بادل

بادۂ صاف کی پانی مین ہوئی کیفیت
بنگئی شیشۂ بلور صفا سے بوتل

غول کے غول چلے آتے ہین میخوارون کے
دھن ہی گانے کی کسی کو کوئی پڑھتا ہی غزل

دختر رز نے دکھایا ہی پری کا جوبن
مست سمجھے ہین یہ شیشے کو کہ ہی رنگ محل

شیشۂ سبز سے ساغر مین گرا بادۂ سرخ
کیا تماشا ہی کہ طوطی نے دیے لعل اوگل

واہ کیا سبزۂ نوخیز دکھاتا ہی بہار
باغ مین چار طرف سبز بچھا ہی مخمل

شاخ و برگ شجر باغ بلندی سے سبب
کف ارباب سخا ہین نظر اہل دول

چین پاتے تھے جو سایہ مین درختون کے غریب
اسی احسان کا دیا ہی انھین اللہ نے پھل

باغ مین آکے جو ہو صرف عبادت زاہد
سبز ہر دانۂ تسبیح سے ہو کشت عمل

آگ مین بھی یہ لطافت ہی کہ شب کو طائر
آشیان سے نگون بلا کھ دکھاؤ مشعل

غنچۂ گل نظر آتے ہین حباب لب جو
شاخ ہر موج سے ہر نہر مین پھوٹی کوپل

نہر صاف ایسی ہی منھ دھوئے اگر آکے کبھی
مثل خورشید چمکنے لگے رخسار زحل

جوش گل سے یہ چمن زار مین ہی جوش نشاط
آشیان بلبل گلزار کو ہی عیش محل

پانون ڈالے جو کبھی نہر مین اللہ ری صفا
ہی یقین مرکب شبرنگ ابھی ہو ارجل

ایسی پھولون کی ہی کثرت کہ در گلشن سے
آشیان تک نہین آسکتی ہی بلبل کی اجل

بسکہ ہر شئی کو رطوبت ہی ہوا سے حاصل
خاک چھانے کوئی چھلنی مین تو برسے بادل

مست و مدہوش ہین سب کس سے ہو گھڑیون کا شمار
مئی ہوئی خاک بنا شیشۂ ساعت بوتل

موجزن چشمۂ حیوان ہی دامن خضر
زیر سبزہ نہین جاری یہ چمن مین جدول

سرو آتا ہی نظر باغ مین ایسا موزون
جسکے آگے قد محبوب کا مصرع مخمل

صفحۂ گل کے جو معنی اُسے سمجھائے فلک
کلمہ پڑھ کے مسلمان ہو ہندو ے رحل

غافلون کو بھی دیا طالع بیدار نے اوج
خواب مین باغ جنان دیکھ رہا ہی محمل

بطن مریم سے ہوئے حضرت عیسےٰ پیدا
شاخ گل سے یہ نہین باغ مین پھوٹی کونپل

گر پڑے باغ مین یاروت کا دانہ بھی اگر
ایک ساعت بھی نہ گذرے کہ انار آئے نکل

دم جانبخش نسیم سحری نے کھوئے
دست و پا تھے جو صنمخانے مین اصنام کے شل

اُڑ چلے ہین صفت زُہرہ تعجب کیا ہی
جا کے ہون شمس و قمر چرخ پہ عزی و ہُبل

عکس آسا ہی عیان پردہ نشینون کا جمال
بسکہ آئینہ ہوے ہین در و دیوار محل

سبز ہو کر وہ زمرّد ہو یہ طوطی خضرا سے
نمس اگر جاے کسی دانۂ گوہر کو نگل

جلوہ گر بزم مین ہی معجز ابراہیم
پھول انگاری ہین پھولون کی ہی ڈالی منقل

ڈھال کی پھولون پہ دل زنیون کے بلبل ہین
دہن زخم کو دیتا ہی مزہ تیغ کا پھل

تازہ پھولون سے ہوا سینۂ عشاق کے داغ
کوچۂ چاک گریبان ہی چمن کی جدول

طفل مکتب بھی معلم سے پڑھا کرتے ہین
گل کشتی کا سبق روز گلستان کے بدل

منھ سے نکلے اگر آواز بنے نغمۂ ساز
کیجیے شرح مین گفتار تو موزون ہو غزل

کشت زارون مین وہ سبزہ نظر آتا ہی ہرا
چشم بینا ہو تو ہی کان زمرّد جنگل

مطلع ثانی

بہر آئینۂ تن بسکہ ہوا ہی صیقل
راز دل ہوتا ہی معلوم بیان سے اوّل

رہروون کو سفر دشت تری کا ہی سفر
بسکہ ہر جادہ ہی سیراب برنگ جدول

ہوگئے دہر مین درویش و تونگر یکسان
ہی لحافت مین دو شالے کے برابر کمل

شاخ سے شاخ جو سودہ ہو تو بے سود نہین
کہ رگڑنے سے ہوا دیتا ہی خوشبو صندل

اسقدر خندۂ شادی سے ہی لبریز زمین
زعفران اُگتی ہی ہر کشت مین سرسون کے بدل

کار مقراض سروہی نے کیا ان روزون
گل نئے رنگ کے کترے جو تراشی بوتل

چرخ ہوا کھ زمین بوس خوشامد کے سبب
خوشہ دہقان نہ کرے خوشۂ پروین سے بدل

لالہ پھولا سر مجنون پہ نہین داغ جنون
اشک غمگان پہ ہی یا شاخ سے پھوٹی کونپل

آگ کو جوشِ بہاران نے کیا آبحیات — نظرِ خضر مین ہی چشمۂ حیوان منقل
خاک تحریک ہوا سے جو اڑے گلشن کی — ہو وہ پیشانیِ حورانِ جنان پر صندل
آبِ شمشیر نہین شہد ہی بسمل کے لیے — تیغ جلاد کا پشہ ہی کہ زنبورِ عسل
جوہری آئے تو ہو دل سے خریدار ابھی — دُرِ غلطان کو کرے دانۂ شبنم سے بدل
ہی تماشائیون سے اور ہی نرگس کا دماغ — پھر گئی آنکھ بیانِ نظرِ اہلِ دول
بڑھ کے سنبل ہی کہین گیسوئے محبوب سے بھی — پیچ اسطرح کے اُسمین ہین نہ اسطرح کے بل
مِل سوسن کی سیاہی بھی عجب دیتی ہی لطف — چشمِ محبوب مین دیکھا نہین ایسا کاجل
ساقیا دیکھ تو کیسے ہین یہ ایامِ بہار — حاجتِ جام نہین منھ سے لگا دے بوتل
نشۂ بادۂ گلگون سے شگفتہ ہو جو طبع — وہ قصیدہ مین سناؤن جسے پہونچے نہ غزل
مدحتِ ساقیِ کوثر مین قصیدہ ہو مگر — ذاتِ جسکی ہو بہارِ چمنِ علم و عمل
صاحبِ دلدل و قنبر قمرِ چرخِ ہدے — نائبِ صاحبِ معراج امامِ اوّل
رہنما عقدہ کُشا واقفِ اسرارِ خدا — ہادیِ راہ ہُدیٰ ناسخِ ادیان و ملل
بادشاہِ دو جہان مالکِ گلزارِ جنان — باعثِ کون و مکان واقفِ اسرارِ ازل
پیکرِ خاک مین وارد ہوئے آخر آخر — سیر کی باغِ نبوت کی اوّل اوّل
وہی اللہ کی جانب سے مقرر ہوتے — بعد احمدؐ کوئی ہوتا جو نبی مرسل
قوتِ دستِ مبارک سے اُٹھے پردۂ علم — زورِ بازو سے کھلے جوہرِ شمشیرِ عمل
حق کو منظور جو اُس مہر کا ہوتا نہ ظہور — تا ابد سینے مین رہتا نفسِ صبحِ ازل
نہی وہ تھی کہ ثبت کو بنایا منفی — امر وہ امر کہ ماضی کو کیا مستقبل
طرفِ وادیِ ایمن جو سواری نکلے — بہرِ تسلیم چلین طور سے موسیٰ پیدل
پہلے آدم سے ہوا نور اُنھین کا پیدا — جسطرح روح ہوئی خلقِ بدن سے اول
حاجتِ آبِ وضو اُنکو جو ہو وقتِ نماز — خضر بھر لائین ابھی آبِ بقا سے چھاگل
اُنکو خالق نے کیا ملکِ عرب مین پیدا — کیون نہ ہو آنِ ہو زبانِ عربی مین منزل
حکم قرآن مین جو تھا اُسکو بجا لائے آپ — علم ایسا نہ کسی کا ہی نہ ایسا ہی عمل

کیا عبادت تھی جو سجدے مین جھکایا سر پاک — ایک سجدے مین ہوئی شام ابد صبح ازل
کیا شجاعت تھی چلی تیغ جو میدان مین کبھی — آئی کشتون کی شفاعت کے لیے آپ اجل
کیا سخاوت ہی کہ جسوقت کیا قصد دعا — پھر گئی خلق کی تقدیر زبان سے اول
زوجہ خاتون قیامت سی خدا نے بخشی — بہر حوران جنان جسکا مصلا آنچل
روپسرا ایسے کہ جنکے لیئے تعمیر ہوئے — باغ فردوس مین یاقوت و زمرد کے محل
منکشف حال برادر کہ خدا کے محبوب — خلق خالق نے کیا ہی جنھین سب سے اول
بغض انسے ہی جسے اُسکو ہی اللہ سے بغض — آپ کا رنج ہی ایذا ہے نبی مرسل
آپ کو احمد مرسل سے جدا جو سمجھا — دیدۂ غور سے دیکھا تو وہ نکلا احول
وہ حلالی ہی جو رکھتا ہی محبت انسے — ہی جو حضرت کا عدو اُسکے ہی نطفے مین خلل
جتنے احباب ہین حوروں کے ہین سب محرم راز — خلد مین جائین تو دستک کا نہین کوئی محل
ساکن اُس در کے یہ فردوس سے بے پروا ہین — آج رضوان جو بلاتا ہی تو کہتے ہین کہ کل
جی مین ہی اور کوئی مطلع عالی لکھیے — آسمان جسکو کہے مطلع دیوان ازل

مطلع ثالث

کون آگاہ ابد سے نہین تا روز ازل — درمیان حضرت آدم ہین وہ آخر اول
آئینہ ہی وہ دل پاک کہ ہی جس سے عیان — حسن محبوب سراپردۂ تقدیر ازل
یہ بھی فرمان ہی اُسی شاہ قدر قدرت کا — تالب گور محافظ ہی جو انسان کی اجل
خوف حضرت کا کرے سنگ کا زہرہ پانی — دختر رز سے اگر گرم ہو مینا کی بغل
عہد مین آپ کے میکش بھی ہوئے ہین عابد — ہی دعاے قدح اب ہاتھ مین ساغر کے بدل
بزم والا مین جلے شب کو جو شمع مومی — چھین لے تاج شرف مہر سے زنبور عسل
وصف اُس عارض روشن کا رقم کرتے ہین ہم — مثل فیضی نہین تفسیر ہماری مہمل
کون پوچھے ہو اگر آپ کا دشمن بیمار — پوچھنے کو کبھی آجاے تو آجاے اجل
جانکر رتبہ عداوت سے پھرا ہی منکر — ق — علم کس کام کا جس پر نہو انسان کا عمل
نامبارک ہو طالع کا بلندی ہو اگر — حوصلہ فیل ہو اُسکو دہن گرگ اجل

شوم طالع حاسد کا بیان کیجیے کیا ق پہونچے گردون پہ جو شیطان کی طرح ضرب مثل
جسقدر گنبد گردون پہ ستارے ہین سعید قدم نحس سے منحوس ہون مانند زحل
دست دشمن مین احادیث کی دیکھی جو کتاب غول کی ہاتھ مین ہمکو نظر آئی مشعل
یا علی آپ ہین مقبول جناب احدے مین بھی اللہ کے بندون مین ہون اک عبد اقل
نہ مجھے یاد مسائل نہ مجھے علم ادب نہ مجھے شغل عبادت نہ مجھے فکر عمل
یاد تربت ہی نہ محشر ہی نہ میزان نہ صراط نہ تو اندیشہ عقبیٰ نہ غم عہد ازل
روزہ رکھتا ہون تو رکھتا ہون کبھی عید کے دن بارہا وقت سے پڑھتا ہون نماز ین اول
جو کہا مین نے دیا مجکو خدا نے میرے نہوا مجھسے جو تھا حکم خداوند اجل
لقمہ حرام نے یہان تک تو اثر دکھلایا سونگھون سیب اگر مین تو بنے وہ حنظل
آشنا میرا زمانے مین تو جلاد فلک پوچھیے اختر تقدیر کو میرے تو خجل
رام رام آپ ہی کہہ کہہ کے برہمن بھاگے بتکدے مین جو گرون بجدۂ عزیٰ و ہبل
بوریے پر کبھی مسجد کے جو رکھون مین قدم لب محراب سے آواز یہ نکلے کہ نکل
عکس پڑ جاے اگر اختر طالع کا مرے کف دریاے پر آشوب ہو مغز سر گل
چاہ مین گرنے لگون کوری دل سے مین اگر ساتھ یوسف ہون تو اتنا بھی نہ بولین کہ سنبھل
دیکھکر پیر ہی مجھے تلوار بھی دانت ارہ کرتا ہی سو اگیسوے محبوب سے بل
واہ رے بخت سپند سر آتش کی طرح درم آتا ہی اگر ہاتھ مین جاتا ہی اچھل
ہاتھ دریا مین جو ڈالون ابھی دریا ہو سراب پانون جنگل مین دھرون خاک ہو جل کر جنگل
سامنا فقر مین ہی بے سر و سامانی کا بوریا خاک ہی آہون کا دھوان ہی کمل
اور کچھ یاد نہین مجکو بجز یاد سخن اور کچھ فکر نہین مجکو بجز فکر غزل
دست و پا بستہ ہین لٹکا ہون کنوین مین مین غریق نہین ممکن کہ کھلے عقدۂ ما لایحل
رشتۂ نام مین لٹکا ہون جو ٹوٹے رشتہ اشد ہا ہی جو بن چاہ مین جاے وہ نکل
تیغ کھینچے ہوئے جلاد کھڑا ہی لب چاہ تبوریان مجھپہ بدلتا ہی کہ باہر تو نکل
پر ذرہ اشہد لکھا ہی جو کنوین مین اُس جا ہی ہجوم نگہان جیسے ہو تیرہ بادل

واہ ری بیخبری ساری بلائین یکسو
حرص کہتے ہین اسے چاٹ رہا ہون وہ عسل

حال میرا تو یہ اور آپ سے امید نجات
دیکھیے کیا کہے منکر یہ خداوند اجل

دیکھیے آپ کی خاطر ہو خدا کو غالب
کھینچ لیجائین مجھے نار مین یا میرے عمل

دیکھ اس ہرزہ درائی سے دلا توبہ کر
خاطر شاہ جو غالب ہی تو کیا خوف زلل

کف دریا ہین اگر جرم تو قطرے سے ہین کم
مثل کہسار گنہ ہین تو یہان ہین حنظل

دوستی شاہ سے جسکو ہی اسے خوف ہو کیا
ہی یہی قول متین چیدۂ ادیان و ملل

یا علی کیا مین گنہگار کہون آتی ہی شرم
قابل عرض نہین حال ہی ایسا مختل

جب صدا آپ کو دی آپ مدد کو پہونچے
سیکڑون کھول دیے عقدۂ مالا ینحل

اب بھی ہو جاے شفا غم کے مرض سے مجکو
یہ بھی مشکل ہو مری آپ کی تائید سے حل

جب تلک صبح کو پھولے گل خورشید فلک
جب تلک رات کو مہتاب جلائے مشعل

ہاتھ پہونچے نہ گریبان محب تک تا حشر
خون دشمن سے خالبستہ رہے پاے اجل

آخر آخر ہو مرا روز قیامت مین حساب
داخل روضۂ فردوس ہون قول اول

در منقبت اسد اللہ الغالب علی ابن ابیطالب علیہ السلام

عروس باغ نے پائی ہی دولت بیدار
خاے پنجۂ گل ہی طلاے دست افشار

شراب حسن سے ہین مست شاہدان چمن
درخت جھوم رہے ہین کھڑے قطار قطار

یہ جرم خاک مین بالیدگی ہی ان روزون
کہ بے مشقت مزدور اٹھ گئی دیوار

لکھا طبیب ہوا نے وہ نسخہ تبرید
کہ جسکے پیتے ہی اوتری تپ درون چنار

غریب کرتے ہین بریان جو دانۂ گندم
تو کھل کے ہوتے ہین سب رشک دانہاے انار

وضو کا حکم ہی کسطرح ہو تیمم کو
کہ موج آب ہی اٹھتا ہی خاک سے جو غبار

کمان سے اوج ہوا پر چلے کسی کا جو تیر
تو کھل کے غنچۂ پیکان بنے گل سوفار

یہ اڑ چلا ہی گل جعفری کہ کہتا ہی
چمن مین ہین ہون کہ جنت مین جعفر طیار

بہار مین بھی تماشا شب برات کا ہی
انار پھول رہے ہین کہ چھوٹتے ہین انار

نہین لطافت آب وہوا سے جائے عجب
جو عطر اب گل کاغذ سے کھینچ لین عطار

ہوا مین آپ خجالت ہوگی ریش سفید
کہے یہ شیخ سے کوئی خضاب ہی بیکار

ہوائے موسم گل بسکہ ہی نشاط افزا
عجب نہین جو کرے رقص صورت دیوار

ہر ایک میوۂ شیرین پہ طوطیون کا ہجوم
مثل یہ ٹھیک ہوئی یک انار و صد بیمار

ہوا بدلگئی صحت ہوئی مریضون کو
وہ بے بصر ہی جو نرگس کو اب کہے بیمار

فقط گلون مین عقیق یمن کا رنگ نہین
کہ داغ لالہ سے آتی ہی بوے مشک تتار

چمن کا بول رہا ہی یہ آج کل طوطی
کہ آئینہ مین زمرد ہی سبزۂ زنگار

لگا خزان کے جو مضمون باندھنے شاعر
بغیر قصد دکھایا سخن نے رنگ بہار

وہ کون سرو ہی نہین جس پہ پھول صورت شاخ
لکھا ہی فیض نمونی علاقۂ دستار

یقین ہی نخل سے حنظل کے ہون رطب پیدا
درخت سیب اُگے بوئیے جو تخم کنار

ق
یہ نقد نامیہ ارزان ہی باغ عالم مین
کرین شمار جو زر دار درہم و دینار

گنین جو دس ابھی دینار دس سے سو ہو جائین
شمار سو کو نہ پہونچے درم ہون سو سے ہزار

ق
کسی مکان مین نقاش کی ہوئی جو طلب
قلم اُٹھانے نپایا وہ بہر نقش و نگار

کہ اسمین موج ہوا سے شگفتہ ہو گئے گل
برنگ باغ منقش ہوئے در و دیوار

ق
چمن مین آکے زن حاملہ اگر کوئی
سحر کو کھائے گھڑی دو گھڑی ہوا سے بہلا

یقین ہی جب متولد ہو طفل دنیا مین
کرے مسیح کی مانند دعوۂ گفتار

مین ایسی فصل مین مانند گل گریبان چاک
مین ایسے وقت مین نالان برنگ بلبل زار

بسان طرۂ سنبل دماغ آشفتہ
برنگ غنچۂ صد برگ زد سینہ فگار

گیا تو باغ مین لیکن عجیب حالت سے
روش روش پہ قدم مثل سرو لنگر دار

عصا لیئے ہوئے ٹھہرا کسی کنارے پر
جھکائے فرق حیا مثل نرگس بیمار

برنگ لالہ جگر داغ داغ لیک غلط
کہ چار داغ دہان ہین یہان ہین داغ ہزار

حواس باختہ حیران عالم نیرنگ
نگاہ صرف تماشاے دور لیل و نہار

کبھی یہ بخت سے شکوہ کہ تا کجا گردش
کبھی نگاہ سوے آسمان شعبدہ کار

کبھی یہ دل مین تصور کہ مین تو ہون پیرگاہ
اڑا کے لائی ہی مجکو کہان نسیم بہار

وہان کا حال جو دیکھا تو اور ہی عالم
نگارخانۂ ارژنگ سب در و دیوار

ہزار ہا گلِ تر صرف خندۂ شادی
ہر ایک باغ کی دیوار قہقہہ دیوار

برنگ سبزۂ بیگانہ باغِ بیگانہ
جو آشنائے شناسا تو ایک بلبلِ زار

جہان مین اُلفتِ جنس سب پہ ظاہر ہی
گیا قریب کہا مین نے کیون ہی سینہ فگار

جگر سے اک نفسِ سرد بھر کے اُسنے کہا
کہ میری آتشِ دل سے ہی گرم یہ بازار

مین ایک گل کی ہون عاشق کہ جسکے سو عاشق
ستیزۂ خوئی شبنم کہون کہ کاوشِ خار

اُدھر ہی میری اسیری کی گھات مین صیاد
اُجاڑنے پہ گھر اس سمت باغبان تیار

سو دست بدعتِ گلچین سے اور گل پھولا
بگڑ گیا وہ مرا رنگ لُٹ گئی وہ بہار

مین اور صورتِ یعقوب کلبۂ احزان
گیا وہ یوسفِ مصرِ چمن سوی بازار

ارادہ ہی کہ چلون اب چمن سے فریادی
علم لیئے ہوئے نالے کا مثلِ ماتمدار

درِ امام زمان پہ کہ جسکے حکم سے دُور
نزاع بازو کبوتر ہوئی سلیمان وار

اُنھین کی ذات مین جمعیتِ صفاتِ خدا
وہی ہین ثانیِ اثنینِ احمدِ مختار

شہیدِ راہ خدا آبروئے تیغِ جہاد
دلیرِ افسحِ آفاق قاتلِ کفار

پئے ہدایتِ راہِ خدا نصیری کو
خدا یا کیسے کیا زندہ کیسے ستّر بار

یہ ایک فیض ہی اُس گنجِ بخشش عالم کا
کہ دی گدا کو سریر راہ اشتروں کی قطار

ہوئے وہ اہلِ ضلالت پہ حملہ ور ایسے
خدا کے گھر سے مکرر لقب بلا کرار

جنون نے پیرِ الم مین لیا جو سانپ کا بھیس
تو اُسکے ہاتھ مین طاؤس بنگئی تلوار

جو بادشاہ مین توبہ کرے کوئی مجرم
شکستِ رنگ سے نکلے صدائے استغفار

وہی ہین عین پیمبر وہی ہین عینِ خدا
خدا کے نور پیمبر کے دیدۂ بیدار

اگرچہ قولِ نصیری کا ہون مین منکرِ بحت
کہین کہین مرے اشعار مین ہین کچھ اشعار

وہ خوب جانتے ہین اسکو ہین جو معنی فہم
کہ ایک لفظ مین معنی کی ہوتی ہی تکرار

کہے جو اُسکو خدا بار بار کافر ہی
کبیرہ ہو جو صغیرہ پہ کیجئے اصرار

کلام حق کی نہ تفسیر کر سکین جبریل
اگر کرین نہ مقامات اُنسے استفسار

ذرا جو لے کوئی سو راہ ادب سے آپ کا نام
ق
سزا ملے اُسے ہو جاے دفعۃً بیمار

دو نیمہ ہو کے نہال حیات گر جاے
ابھی ہو نبض مین پیدا کشاکش منشار

نم کرم سے یہان تک ہی گہنگی موقوف
کہ لوگ کہتے ہین دیوار کو بھی فردا وار

جلا دیے ہین یہ مُردے کہ پشہ غال کی طرح
ہر ایک گور مین زندے ہین اب ہزار ہزار

وہی ہین خواجۂ ہر ہشت خلد عالم مین
اُنھین کے وصف مین نازل ہوئین کتابین چار

درار پاک پہ ہر ایک صبح ہوتے ہین
طیور گلشن فردوس گرد پھر کے نثار

علوے روضۂ عالی ہی عرش سے بڑھکر
ضیا مین قبۂ عرش ہی چراغ مزار

گرے جو خاک پہ قطرہ تو نجم ثابت ہو
اُڑے ہوا مین جو ذرہ ہو کوکب سیار

پرون سے رہتے ہین جاروب کش ملک صبح
مسیح دامن مریم سے جھاڑتے ہین غبار

درست کیون نہو اُس قصر پاک کا نقشہ
برنگ کعبۂ دل جسکا ہو خدا معمار

بھرا ہی اہل زیارت سے یون روضۂ پاک
کہ جیسے جلوۂ یوسف سے مصر کا بازار

کہون جو طور بجا ہی مگر ہی اتنا فرق
کہ وہ برق تجلی یہان ہی بے اصرار

وہم نظارہ یہ کہتے ہین خود رسول خدا
کہ پردۂ شب معراج ہی یہی دیوار

شرف یہ حق نے دیا روضۂ مقدس کو
کرے جو ایک زیارت کوئی تو حج ہون ہزار

یہین نبی کی زیارت یہین خدا کا ہی حج
چہ خوش بود کہ برآید بیک کرشمہ دو کار

قریب روضۂ اقدس کے جو ہوا مدفون
سند بہشت کی پائی بقید استمرار

وہان عذاب لحد ہی نہ پرسش اعمال
وہان سوال نکیرین ہی نہ رنج فشار

محبت شہ والا ہی مثل کشتی نوح
بلا جسے یہ سفینہ ہی اُسکا بیڑا پار

جہان کو یہ نم فیض سے صفا بخشی
کہ نام کو نہین باقی کسی کے دل مین غبار

یہ اُنکے عدل سے عالم مین ہی حفاظت عام
کہ گرکے پنبہ پہ بنتا ہی پنبہ دانہ شرار

ذرا جو دامن گل چاک ہو گلستان مین
زبان خار سے نکلے صدا سے استغفار

مریض کو نہ ملے خلعت شفا بے حکم
گلے کا ہار رہے روز حشر تک تب حار

شریک ہو نہ اگر آپ کے وقار کا قاف
رہے نہ قاف کو بالائے ارض استقرار

وقیع زخم پڑے اُسکا آسمان پہ اگر
نہ ملتئم ہو کسی طرح مثل چاکِ اناء

سپہرِ مہر کے مانند ماہ و ٹکڑے سے
دمِ وغا ہو وہ انگشتِ احمدِ مختار

ہزار اُسکو نظر آئین دو کا ذکر نہین
نگاہ دیدۂ احول سے ہو اگر وہ دوچار

تمھاری مدح کرون یا امام کیا مقدور
بیان نورِ روحِ قدس کو ہو عجز کا اقرار

کلام سادہ مرا صورتِ سخن تکمیہ
ذلیل و زائد و نامعتبر ہو بے تکرار

کچھ اپنا حال بھی اب تمسے التماس کرون
جو گوشِ دل سے سنین آپ اے بلند وقار

وہ نا قبول ہون آئے نظر جو سایہ مرا
توڑ کے بام پہ چڑھ جائے صورتِ دیوار

گنون گناہ مین اپنے جو لیکے سبحۂ اشک
شمار مین نہ فراغت ہو تا بروزِ شمار

یہ سب ہی راست مگر آپ ہین مرے حامی
ذلیل ہو جو کرے پیچ چرخِ کج رفتار

تمھارے روضۂ اقدس مین اُڑ کے پہونچون مین
زمانہ خاک کرے خاک سے مجھے جو غبار

تمھین سے کام ہی مجھکو کسی سے کام نہین
کہو تو کہدون مین سو گند کھا کے سو سو بار

بارگاہِ خداوندِ عرش و لوح و قلم
جہان کہ احمدِ مختار کُل کے ہین مختار

بصنعِ رب کہ کیے جسنے خلق کُن کہ کر
ملک کرو۔ کرّوبیان و انبیا ہزار ہزار

بصنعتِ ازلی جسنے سیکڑون عالم
بدل کے صورتِ نو ہی بنائے سو سو بار

بابرِ رحمتِ خلاقِ آسمان و زمین
کہ جسکے فیض سے ہی گلشنِ جہان کی بہار

بنارِ قہر کہ جلجائین آسمان سا تون
بسانِ پنبۂ خرمن پڑے جو ایک شرار

بمصطفیٰ کہ ہوئے اُن پہ واشبِ معراج
برنگِ دیدۂ مشتاق سب درِ اسرار

بانبیائے کریم و باولیائے کرام
باتقیائے کبیر و باصفیائے کبار

بصبرِ حضرتِ ایوب و گریۂ یعقوب
کہ ایک بحرِ حقیقت ہی ایک کوہِ وقار

بخون بے سبب سرخپوشِ باغِ بہشت
بپارۂ جگرِ سبز پوشِ شکر گذار

بدردِ ماتمیانِ اسیرِ پنجۂ ظلم
بطوقِ گردنِ بیمارِ منقطع رفتار

بارتفاعِ سما و بامتدادِ زمان
بہ انتشارِ خزان و بہ انبساطِ بہار

باجتماعِ حواس و باستماعِ سخن — باختراعِ نزاع و بانقطاعِ جوار
بانقلابِ زمانہ کہ ایک گردش مین — جلائے مور کے گھر مین چراغ دیدۂ مار
بہ تیرہ بختی جرم و سپید روئی عفو — بہوشیاری مست و بہ غفلتِ ہشیار
بزخم سینۂ بلبل کہ مثلِ زخمِ زبان — نہ چاہیئے آسے مرہم نہ بخیہ ہو درکار
بدودِ شام کہ تیرہ ہی صورتِ گیسو — بشیر صبح کہ صد چاک ہو گریبان وار
بچاکِ سینۂ مہتاب صورتِ بسمل — بزخم ریزی انگشتِ احمدِ مختار
بضبطِ گریۂ غم جس سے استوار ہو کوہ — بظرفِ شرم گنہ جسمین موجزن ہین بحار
بچشمِ اشک نشان و بگوشِ نالہ شنو — بدستِ کارگذار و بپائے آبلہ دار
بہ سخت جانیِ بسمل بزخم ریزیِ تیغ — بہ سرفروشیِ عاشق بہ بے نیازیِ یار
بدلکشائیِ صحن و بہ تنگیِ روزن — بپستیِ بنِ چاہ و بہ رفعتِ دیوار
بہ نکتہ سنجیِ بلبل بعطر بیزیِ گل — بدانہ چینیِ مور و بہ جانگزائیِ مار
بشاہدانِ ستمگارِ آسمان حرکات — بعابدانِ صفاکیشِ جبرئیل آثار
بہ منعمانِ طمع لباسِ ساغر نوش — بصابرانِ شکم خالی و نماز گذار
بداغِ ماتم آوارگانِ وادی و کوہ — بخوابِ راحتِ آسودگانِ شہر و دیار
بہ آبیاریِ جود و بموج خیزیِ بحر — بعطر بیزیِ خلق و بلبلۂ عطار
بقاہ قاہ امیر و بلندیِ اقبال — بآہ آہ فقیر و شکنجۂ ادبار
بہ آہ سرد مریضان لاعلاجِ جنون — بخوے گرم پریِ پیکرانِ گلرخسار
بہ عیب پوشیِ انظار چشمِ قدرشناس — بحرفگیری بر جاے طبعِ نکتہ گذار
بخندہ روئیِ ساغرکشانِ محفلِ وصل — بہ اشک ریزیِ غمدیدگانِ فرقتِ یار
بطاعتِ علما و بسجدۂ صلحا — بہ تربتِ شہدا و بسجدۂ ابرار
کہ راہ اُلفت اگر آپ کی ہو تیغ کی باڑہ — چلون مین سر سے بھکر اُسے رہ ہموار
زبان سے جو کہا ہی وہی کہے جاؤن — جو قتل ہون مین بر رنگِ تعمیرِ شرر بار
جو ٹوٹے شیشۂ دل تو ہی صدا آئے — کہ یا جناب فلک قدر حیدرِ کرار

نہین ہی خوف مجھے مرگ سے کسی صورت — پیادہ آیا ہون جاؤنگا مین یہان سے سوار
جو خوف ہو مرے دل مین شہا تو اتنا ہی — کہ قصر زیست ہی بار گناہ سے مسمار
مگر نہین ہی کوئی خوف کی جگہ ہرگز — شفیع روز قیامت ہو تم خدا غفار
فرار دوست کا یارب ہو روضۂ جنت — لحد عدوے شقی کی شکنجۂ ادبار

در منقبت اسد اللہ الغالب علی ابن ابیطالب علیہ السلام

نہین ملتا ہی کہین ڈھونڈھتے ہین اہل محن — کنج راحت کسی معشوق کا گویا ہی دہن
منقلب ہی یہ زمانہ کہ نہین جاے عجب — ناف آہو مین ہو خون بارہ گر مشک ختن
بیوفا مردم دنیا ہین وفادار کہان — نام رکھا ہی کسی نے حبشی کا روشن
آب در کار ہو عیسی کو اگر وقت عطش — کیا تعجب ہی اگر چشمہ چھپائے سوزن
کسی مردے کو کفن بھی جو میسر آئے — گھر سے ہمراہ جنازے کے چلے دو کفن
پیچ ہر بات مین ہی صورت گیسوے بتان — مثل پیشانی مسمک ہی ہر اک دل مین شکن
خرمی نام ہی جس شے کا وہ گورکا ہی پھول — عیش کہتے ہین جسے لوگ وہ ہی سانپ کا من
قحط روزی سے وہ کانٹے کی طرح خشک ہوئے — پھول سے جنکے زیادہ تھے نزاکت مین بدن
پھول سے کام نہ کانٹے سے تعلق باقی — نہ میسر ہی گریبان نہ کسی کو دامن
جامہ معلوم بجز جامۂ عریان بدنی — پیچ قسمت کا عمامہ ہی قبا داغ بدن
مشک آنسو یہ ہوئے کلفت خاطر کے سبب — آنکھین اب خاک فشان ہین صفت پروین
جادۂ راہ جسے جانتے ہین رہگذری — چاک ہی پنجۂ وحشت سے زمین کا دامن
اہل محنت کو ہی گردش کے سوا کیا حاصل — بند ہین چشم و دہن صورت گاو خرمن
کام مزدور نکلتا نہین اپنون سے یہان — پیاس پیاسون کی بجھائے نہ کبھی آب دہن
مثل شیطان نہ دیا کسکو زمانے نے فریب — کشت آدم کو ہوا دانہ گندم جو زن
سیکڑون شیشۂ ناموس کیے چکنا چور — ایک پیمانہ جو گردون نے دیے سنگ شکن
سانپ موجون کے ہین تالاب مین دریا دریا — مور ہین خرمن دہقان مین بھی خرمن خرمن
نہ تو وہ لالہ و نرگس ہین نہ وہ گل بوٹے — آگئی فصل خزان ہو گئے تاراج چمن

۱۲ سے ۱۲ تک از انجاس

شہرتِ معرکہ آرائی رستم تا چند
تا کجا نامورِ کشور ایران بہمن

ساغرِ زانوئے جمشید ہی ٹکڑے ٹکڑے
زنگ آلودہ سکندر کا ہی آئینۂ تن

نہ سلیمان ہی نہ اب تختِ سلیمان باقی
تخت ہی تخت زمین خلعتِ شاہی ہی کفن

ہی پُر آشوب بہت منزلِ دنیائے دنی
راہ چل دیکھ کے اے رہروِ آوارہ وطن

تیر جوڑے ہوئے دشمن ہین کمین گاہون مین
بھیس بدلے ہوئے رستے مین کھڑے ہین رہزن

چاہ خس پوش ہی ہر ایک قدم چشم براہ
گرگ ہر گام پہ کھولے ہوئے بیٹھا ہی دہن

ہی ستانے کو ترے غولِ بیابان کا چراغ
شمع سمجھا ہی سرِ راہ جسے تو روشن

فکر ہر وقت تجھے افسر و اورنگ کی ہی
موت کہتی ہی کہ تیا ہی تابوت و کفن

موت نزدیک ہی کر سرکشیِ نفس سے خوف
چاہ مین پھینک دے پشت سے تجکو تو سن

پانچ دن زیست کے پانچون ہین وہ ہین العدمین
چار عنصر ہین ترے تن مین وہ چارون دشمن

فکرِ معشوق مین تو تیرے تجسس مین اجل
مرگ پروانے کی ہی زندگیِ شمع لگن

کب تلک سختیِ ایام اٹھائے کوئی
دل ہی پتھر نہ کسی کا نہ کلیجا آہن

شکوۂ گردشِ ایام کہان تک اے دل
جو تنک حوصلہ ہین کرتے ہین ایسے وہ سخن

خار و دامن سے جو الجھین تو ذرا مار نہ دم
دس زبانون پہ ہی خاموش چمن مین سوسن

اہلِ رفعت کو نہین حادثۂ دہر سے کم
برق نے ماہ کا کس روز جلایا خرمن

تو ہی انسان نکرا ندوہ گرفتار ہی کا
طوق کے بوجھ سے قمری کی جھکی کب گردن

چاہیے اور تجھے خندۂ شادی کے لئے
خون سے لبریز اگر صورتِ ساغر ہو دہن

بارِ عصیان کے لیئے چاہیے حمّال ضرور
تیغ کھینچے کوئی قاتل تو جھکا دے گردن

کیا تکلف ہی کیا پاک جو دامن سے غبار
خاک ہو جائینگے اک روز سب اعضاے بدن

مار اندوہ کسی کے دلِ غمگین سے نکال
کہ ملے اُسکے صلے مین تجھے جنت کا چمن

طالبِ حق ہی تو لازم ہی مشقت تجکو
راہِ یوسف مین ہی زندان غم و چاہ و محن

ہو بہا پاس تو لاکھون ہین دریش بہا
سیکڑون دُرِ ثمن چاہیے مقدورِ ثمن

راستبازی کا جو دعویٰ ہی تو سجدہ ہی ضرور
سر سے رکھتا ہی قلم تیغ کے نیچے گردن

منزل دہر مین باقی نہین اب لطف قیام
آشنا دوست تھے جتنے ہوئے آوارہ وطن

بزم کس کام کی صحبت جو احبا کی نہ ہو
دانت گر جائین تو بیکار ہی انسان کا دہن

لطف کیا کیجیے گلزار مین تنہا جو مقیم
دام مین پھنس گئے سب زمزمہ سنجان چمن

ایک دن مین جو گیا گور غریبان کی طرف
نظر آئے مجھے بوسیدہ ہزارون مدفن

دیکھتا کیا ہون کہ سب خسرو اورنگ نشین
بستر خاک پہ پہنے ہوئے سوتے ہین کفن

نہ تمنائے گل و لالہ نہ سودائے بہار
نہ سر ساغر و مینا نہ ہوائے گلشن

بند کاشانہ تاریک مین اک مدت سے
در مین رخنہ ہی نہ دیوار مین کوئی روزن

طائر بد نے وہ تاریک دکھایا کشور
شام غربت ہی جہان روشنی صبح وطن

لوح پیشانی پر نور تر سنگ مزار
ورق چہرۂ نوخط صفحۂ خشت کہن

بعد تکبیر کیا مین نے یہ مردون سے خطاب
کہو کس حال مین ہو عیش ہے تمکو کہ محن

بزم احباب بھی کچھ یاد ہی آواز تو دو
کہو مرغان سحر دام ہی کچھ ذوق چمن

خواب آرام مین ہو تم کہ کھلی ہین آنکھین
گور تاریک تمھین ہاتھ لگی یا روشن

سب ہین بوسیدہ کہ باقی ہی کفن مین کوئی تار
اب بھی قابو مین تمھارے ہی کوئی عضو بدن

کسطرح پرسش اعمال ہوئی کیا گذری
عمل نیک بھی ٹھہرا کوئی ہو گرم سخن

آئی اک قبر سے آواز کہ آہ اے غافل
کیا کہین حال کہ ہی شرم گنہ مہر دہن

خاک نے پہلے محبت سے دبایا ایسا
استخوان چور ہوئے پس گئے اعضاے بدن

بعد اک دم کے کھلی آنکھ تو دیکھا کچھ اور
کہ نکیرین ہین دو گرز لیے شعلہ فگن

نہ کوئی دوست نہ ہمدم نہ برادر نہ رفیق
نہ خموشی مین گذارہ نہ ہمین تاب سخن

دل سے آنے لگی آواز کہ یا شیر خدا
منھ سے بیساختہ گھبرا کے کہا یا ذوالمن

دیکھتی کیا ہین یہ آنکھین کہ چلے آتے ہین
ہم غریبون کی مدد کے لیئے مولاے زمن

خود دیے آکے نکیرین کو حضرت نے جواب
کیا بچایا ہمین آفت سے نہ بے خلق حسن

چاہیئے تجکو نہو وصف سے اُسکے غافل
منھ مین جب تک ہی زبان انجمن افروز سخن

سُنکے یہ بات کیا مین نے قصیدہ موزون
مطلع مہر سے بھی جسکا ہی مطلع روشن

مطلع ثانی

ذات پاک آپ کی وہ بحر ہی یا شاہ زمن — جسمین دو گوہر یکتا ہین حسینؑ اور حسنؑ
آپ کے صدقے مین گردون کو ملی ہی رفعت — نور سے طینت پاک سے خورشید و قمر ہین روشن
مزرع جاہ کو اللہ نے دی وہ رفعت — نسر طائر ہو جو گنجشک چنے دان اُسے ان
ہمزبان محفل اعجاز مین کون آپ کا ہی — آپ ہین تیز زبان حضرت موسےٰ الکن
زور وہ بازوئے پُر زور مین جسکے آگے — نرم مہبہ سے زیادہ ہی تن روئین تن
تم ضعیفون کو اگر رتبۂ عالی بخشو — کیا عجب آنکھ جو عیسےٰ سے ملا لے سوزن
آپ کا نام لیا آنچ نہ آئی مطلق — جگیا طور رہے حضرت موسےٰ ایمن
آب رحمت سے اگر آپ نہ سیراب کرین — ابر سے گرد چنے کچھ صفت پرویزن
ترک کی چرب غذا دین کو رونق بخشی — کیا چراغ رہ اسلام جلا بے روغن
نکہت خلق تمھاری ہی جہان عطر فروش — خندہ زن جائے یوسفؑ پہ ہی چاک دامن
تم نہ آئے تھے مرقع مین جہان کے جب تک — تھین شبیہین مہ و خورشید کی پر بے روغن
حفظ کامل جو تیمون کی حفاظت نہ کرے — پہنے کنجشک یکتا کے صدف بازو ان
راستی آپ کی وہ راہ ہی جسمین آکر — شاخ آہو کی ہوئی راست شتر کی گردن
حور جنت جسے کہتے ہین وہ ہی آپ کی روح — روح سے بھی ہو کہین آپ کا پاکیزہ بدن
وصف رخسار تمھارا جو شب و روز لکھے — کیون نہو جائے خط مشکی گردون روشن
بحر کو گوہر و مرجان دیے دریا دریا — لعل و یاقوت ہر اک کوہ کو معدن معدن
دیکھے دشمن کو جو پیاسا تو پلائے پانی — آپ کی تیغ حسینی مین یہ ہی خلق حسن
ظلم اعدا نے کیا جب سے تمھین گوشہ نشین — چاند سورج کو ہی گردون پہ اسی دن سے گہن
لعل لب ہین لب عیسےٰ کی طرح سے جانبخش — دست پر نور بسان ید بیضا روشن
ہی بجا تمکو اگر مصحف ناطق کہیے — قول رب ہی وہ دہن سے جو نکلتا ہی سخن
ہو سکے وصف سر مو نہ کبھی انسان سے — بہر تقریر زبان ہو جو ہر اک مو سے بدن
جس جگہ محکمہ حکم ہوا آپ کا گرم — ہی ہوا بال سے باریک فلک کی گردن

نہ ہوئی تیرا مالہ ایمن باہم تفضیل ۱۱۲ از فیاض

واہ کیا رعب شجاعت ہو کہ جسکے آگے
شیر کا نشہ و جرأت ابھی ہو جاے ہرن

سرمۂ خاکِ درِ پاک لگائے تو ابھی
ہو سوادِ بصر دیدۂ اعمیٰ روشن

سنگریزہ درِ دولت کا اگر ہاتھ آئے
جوہری پھر کے نہ دیکھے طرفِ دُرِ عدن

وصفِ مولا سے زمین شعر کی لبریز ہوئی
زر احمر کی نکلتی ہے یہاں بھی معدن

آپ کا دستِ کرم وقتِ کرم دریا ہے
آپ کے ابرِ سخاوت سے ہے تازہ گلشن

ایک لبریز گہر ایک ہے فلور سے
جیب ہو غنچۂ گل کی کہ صدف کا دامن

عہد و الامین جو ہو دہشتِ تحریر سے
دستِ مطرب سے رہا کرتا ہے نالان ارغن

جس مکان سے ہو تمھیں نقلِ مکان مدنظر ق کچھ بھی رونق نہ رہے ہو وہ مکان بیتِ حزن

نالہ کش ہو اب عاشق کی طرح سے لبِ بام
صورتِ چشمہ بھر آ ابھی چشمِ روزن

آپ کا وصف کسی وقت ہو بیان کیا مقدور
ہو زبان حضرتِ جبرئیل کے منھ میں اگر

ذکر آجاتا ہے حضرت علی مدحت کا جہاں
بید کی طرح شجاعوں کے لرزتے ہیں بدن

دوش سے کھنچ کے جو آئی کبھی سر پر وہ تیغ
جھک گئی سامنے جلاد فلک کی گردن

لعل پیدا صفتِ دانۂ گندم ہوں دو نیم
ابر آسا جو سرِ کوہ ہو وہ سایہ فگن

ہو گرہ خوف سے بسمل کے گلے میں پکی
بڑھ کے بولے نہ کبھی سامنے اُسکے کوئی رن

بارک اللہ وہ تلوار تمھاری ہے چراغ
جرمِ فولاد سے بھی جسنے نکالا روغن

خوفِ آبِ رخِ شمشیر ہوا یہ غالب
جوشِ امواج ہے دریاے بدن میں جوشن

چشمِ دشمن کو کہاں سیرِ گلستاں کی نصیب
تیغ شاید کہ دکھائے اُسے جوہر کا چمن

ہو وہ زخمی تو نہ مرہم ہے نہ نشتر نہ علاج
زخم اُسکا جو سیے بھی تو سیے تارِ کفن

کبھی دشمن کے لبِ خشک کے تر کرنے کو
چشمہ جاری جو کرے کوہ تو ہو تر دامن

مدعی آپ کا منحوس ہے ایسا کہ اگر ق کشتِ دہقان پہ کسے روز ہو وہ عکس فگن

نالہ کش ہو اثرِ رنج سے خوشے کی زبان
پھونک دے شعلۂ آواز کی بجلی خرمن

یا علی سخت مصیبت میں گرفتار ہوں میں
ہتکڑی ہاتھ میں ہے پاؤں میں ہے بندِ رسن

سینہ جلتا ہوا میرا ہے کہ آتشخانہ
دونوں بہتی ہوئی یہ آنکھیں ہیں یا گنگ و جمن

آسیا وار مرے پاؤن مین لاکھون چکر
دل مین شور اخ ہزارون صفت پرویزن

شاخ در شاخ فسانہ ہی مرے ماتم کا
تیرہ بختی سے ہون مین چشم غزالان خیتن

عیش و آرام مجھے دیکھ کے کرتے ہین گریز
جسطرح شیر کی بو سونگھ کے صحرا مین ہرن

آپ اگر چاہین تو ساری یہ مصیبت ہو دور
آسکے تیغ کا ڈورا نہ قریب گردن

اسقدر دیر مرے کام مین مولا کیا ہی
مجھسا محکوم نہ تم سا کوئی آقائے زمن

دیکھیے چشم عنایت سے تو سب رنج ہون دور
آیئے جلد کہین کلبۂ احزان ہو چمن

جب تلک عرصۂ ہستی مین ہین ہم شب و روز
روے دشمن ہو سیہ قلب محب ہو روشن

در منقبت امام دوم حضرت امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

ہی مگر زخمی گیسوئے چلیپا شانہ
چاک مثل دل عاشق ہی سراپا شانہ

سر چڑھا ہی ترے گیسو کے یہ گستاخ بہت
دانت توڑون گا مرے ہاتھ جو آیا شانہ

اسکو عارض سے ہی نسبت نہ اسے مرگان سے
آئینہ آئینہ آخر کو ہی شانا شانہ

ذکر عاشق کا تو کیا رہ کے ترے پٹون مین
شانہ بنیون سے الجھ پڑتا ہی کیا کیا شانہ

اللہ اللہ رے ترے دست حنائی کا اثر
بڑھ کے ہی پنجۂ مرجان سے بھبھو کا شانہ

کھل گیا عقدہ کہ وہ زلف رسا آپنگی ہاتھ
آپ سے آپ کسی وقت جو بچھڑا شانہ

زینت زلف جو اس سرو کو منظور ہوئی
چوب شمشاد سے گلزار مین ترشا شانہ

کاٹ کھائے اسے گیسو کو لگائے جو ہاتھ
کم نہین ہی دہن مار سے اصلا شانہ

پنجۂ مہر گہن مین نظر آتا ہی سیاہ
آبنوسی یہ تری زلف مین ہی یا شانہ

بال کھولے ہوئے نکلو سر بازار جو تم
کیون نہ شانے سے چھلے وقت تلاطم شانہ

اسقدر بال ہین اسمین کہ نہین اب یہ تمیز
ہی مرا آئینۂ دل کہ تمہارا شانہ

جسکے گیسو کے تعشق مین ہوئے ہم آخر
دم تلقین بھی تو اسنے نہ ہلایا شانہ

واہ رے دبدبۂ حسن کہ اس چوٹی کو
دخل کیا ہاتھ لگائے کوئی الا شانہ

پھر بہت الجھے ہین ہوئے سر شوریدۂ قیس
پھر بنا شاخ سے اے آہوے صحرا شانہ

زلف کی یاد مین نکلا ہو الجھ کر مرا دم
آ کے مرقد پہ چڑھا جائیگی حور ا شانہ

دانت رکھتا ہو بہت تیز مگر کیا مقدور
کھول دے عقدۂ گیسوے چلیپا شانہ

جمع کین ہمنے حسینون کی شبیہین اتنی
کم مصوّر کے مرقع سے نہین کا شانہ

دلِ عاشق کی طرح صاف جو موجون مین ہی پیچ
کہنے گیسو مین کیا ہو لبِ دریا شانہ

صورتین کلکِ تصوّر نے نئی کھینچی ہین
اندنون صفحۂ دل پر مرے نقّاشانہ

ساتھ رخسار کے آئینے کی صورت لکھی
کھنچ چکے گیسوے شبرنگ تو کھینچا شانہ

اے فلک اشک سے یعقوب کی پلکین تر ہون
زلفِ یوسف مین کرے دستِ زلیخا شانہ

عاشقانہ بہت اشعار کیے ثبتِ اسیر
اور تصویر کھنچے اب کوئی نقاشانہ

عہدۂ مدح شہنشاہِ دوعالم بھی اٹھا
متحمل ہو جو اس بوجھ کا تیرا شانہ

کون وہ شاہِ حسن موسیِ عیسیٰ اعجاز
جسکے گیسو مین ہی رشکِ یدِ بیضا شانہ

آئین جس گھر مین وہ مولا نفسِ بادِ بہار
غیرتِ گلشنِ فردوس ہو وہ کاشانہ

زلفِ امواج یمِ جود و سخاوت کے لیے
ہی ہر اک پنجۂ مرجان لبِ دریا شانہ

ملزم وصف معما ہی وہ قلزم جسمین
رسنِ موج نے پیراک کا باندھا شانہ

دشمنون پر بھی عنایت کی جو ہو جاے نظر
ریشِ مجنون مین کرے پنجۂ لیلے شانہ

آپ کے قہر سے ظالم کوئی بچ سکتا ہی
سانپ کا شانۂ ضحاک ہوا کا شانہ

آب آب اُسکے تقربِ عجب سے ہی لعبتِ چین
بالِ گیسو کے ہین موجین تو ہزار ا شانہ

آپ کی تیغ کے لنگر کو سنبھالے کیا دخل
ہو تہمتن کا ابھی جھولی کے جھولا شانہ

آپ کے عہد درع مہد مین تبدیل ہوئی
مطربِ چرخ کی جو وضع تھی عیا شانہ

کچھ تعجّب نہین ہاتھ آئے جو وہ زلفِ سیاہ
دل کو الجھن ہوئی پھر شوق مین پھر کا شانہ

فرش ہوتا ہی جو درکار ترے روضے کو
چاندنی ماہ بچھا جاتا ہی فرّا شانہ

آستین خاک چڑھائے ترے آگے دشمن
تیغ اٹھائی جو کبھی بوجھ سے اترا شانہ

ہی جو دیوانہ ترے سایۂ دیوار کا مہر
پڑھتے ہین سورۂ جن تھام کے عیسیٰ شانہ

ماہ تنہا نہین غربال ترے حیرون سے
سیئہ مہر سے زنبور کا گویا شانہ

ظرف مقصود و کہان بے نظرِ لطفِ جناب — ثنا خسانے کے سوا ہمنے نہ دیکھا شانہ
جنگ مین تحت تری تک بھی نہ ٹھہرے تلوار — آکے جبرئیل نہ تھامین جو تمھارا شانہ
جلوہ گر مہرِ نبوت ہوئی جس کاندھے پر — اُسی شانے کے برابر ہی تمھارا شانہ
نہ سُنا ہمنے نہ دیکھا کبھی ایسا بازو — نہ ہوا ہوگا نہ ہوگا کبھی ایسا شانہ
کبھی مسجد مین دمِ سجدہ جو سر کی چادر — مثلِ قرآن لبِ محراب نے چوما شانہ
یا امامِ دو جہان سخت مصیبت مین ہون مین — قید خانے سے بھی بدتر ہی مرا کاشانہ
رسنِ ظلم سے اس چرخ جفاکیش نے آہ — کس کے ایسا مرا باندھا کہ نہ کھولا شانہ
اتنی امید ہی کانپین گے قیامت مین جو پاؤن — تھام لیجے گا ذرا ہاتھ سے میرا شانہ
رہے جب تک کہ حنا اور حیا مین تجنیس — جب تلک وقت رقم ایک ہی سایا شانہ
سیدی اُسے حاصل ہوا سے زخم نصیب — آئینہ روئے محب ہو دلِ اعدا شانہ

در منقبت امام سوم حضرت امام حسین علیہ السّلام

لیگئی عرش پہ اک دن جو مجھے طبع رسا — آنکھین روشن ہوئین وہ نور کا عالم دیکھا
فرش تسلیم و رضا کا تو حیا کے پردے — جابجا نصب وہان آئینۂ صدق و صفا
جابجا قمقمۂ نور الٰہی روشن — طور پر جیسے عیان بُرقِ تجلی کی ضیا
وان ٹھہر کر نگہِ شوق جو آگے کو بڑھی — دُور تک تھا عجب اک جلوۂ انوارِ خدا
وہی فانوس وہی شمع وہی شعلۂ شمع — ایک ہی ایک فقط معنیٔ ہو جلوہ نما
نورِ وحدت کا عیان دَور دوئی کا زائل — شمع فانوس سے نے شمع سے فانوس جُدا
شیشۂ توحید کے لبریز مئے عرفان سے — بادہ کش اُس مئے پُرزور کے ارباب صفا
طرفہ وحدت کا چمن پھول گل بکر نگی — طائرِ صدق جہان حد سے سوا نغمہ سرا
شاخ ہر نخل مین از بہر حیات ابدی — جسطرف دیکھیے نہرون مین رواں آبِ بقا
گل وہی غنچہ وہی لالہ وہی سرو وہی — رنگ و بو ایک تو اُس باغ مین ایک آب و ہوا
سرنگون سجدۂ طاعت مین وہان کے ساکن — کہین تکبیر کے نعرے کہین تسبیح خدا

فکر کا شوق یہانتک کہ زبان موے بدن ذوق سجدے کا یہانتک کہ جبین سرتاپا
جز خدا اور کسی سے انھین کچھ کام نہین پوچھو سرمایہ جو انکا تو فقط استغنا
جتنے ہین تخت نشین انکے کرم کے محتاج جتنے سلطان ہین وہ انکے در دولت کے گدا
پتلیان آنکھون مین سرمانِ رضا کی نہرین نقش ہر دل پہ نگینے کی طرح نام خدا
جاکے اس بزم کو دیکھا تو ہوا دل روشن دیدۂ دل مین ہوا نورِ بصیرت پیدا
دل ہوا آئینۂ حیرت سے تو آیا یہ خیال اللہ اللہ یہ مکان کون مکین ہی اسکا
آئی آواز کہ اس گھر کا وہی ہی مالک نام جسکا ہو سرِ عرش رقم نام خدا
آنکھ اٹھائی تو پڑی نام محمدؐ پہ نظر دفعتہً دل نے کہا صلِّ علیٰ صلِّ علےٰ
دوسرا فاطمہؑ کا نام مبارک مرقوم نقطۂ فا نہین اک مردمکِ چشم وفا
تیسرا نام علیؑ ابن ابیطالب کا واہ کیا نام کہ ہمنام علی اعلےٰ
نام چارم حسنؑ سبز قبا کا تحریر جسکے نظارے سے آنکھون مین بڑھے نور و ضیا
نام پنجم تھا حسین ابن علی کا مسطور خود بخود جسکے نظارے سے ہوا اک جوش بپا
دل مین آیا یہ تصور کہ خدا خیر کرے نہین معلوم کہ اس نام مین تاثیر ہی کیا
حرف حا سے ہی عجب طرح کی حسرت حاصل دل مین ہوتی ہی تپِ غم سے حرارت پیدا
سین دندان سے ہی اک ارہ پی نخلِ سرور سلب ہی طاقتِ دل ضعفِ بدن سرتاپا
حرف یا سے ہی عجب یاس کا عالم دل پر ہی دمِ نالہ کشی نون یہ دیتا ہی ندا
دردِ دل درد جگر خشک ہین لب چشم ہی تر حال ابتر ہی یہ کیا حال ہی اے بار خدا
ناگہان ہاتفِ غیبی نے کہا او غافل جسکا یہ نام ہی وہ شاہ ہی شاہِ شہدا
سبط احمد ہی یہ احمد کے وصی کا فرزند کشتۂ خنجرِ بیداد غریب الغربا
اسکی خاطر سے کیا خلق خدا نے سب کو یہ ہوا خلق تو مخلوق ہوئے ارض و سما
مغفرت اس پہ ہی موقوف گنہگارون کی باعثِ بخشش امت ہی یہ مذبوحِ قفا
ذات پاک اسکی نتیجہ ہی خدا شاہد ہی دونون عالم جو یہ دو جملے ہین صغرا کبرا
جسم پر قطع شہادت کا ازل سے جامہ ہوا اسی سر کے لیے تاجِ شہادت زیبا

لوحِ محفوظ جبین مصحفِ رب چہرہ صاف — دہنِ پاک شگافِ قلمِ صُنعِ خدا
ایک ایمان کی سند ایک شفاعت کی سند — دونون عالم کے لیے دونون یہ گیسوے رسا
چشم وہ چشم کہ جمین ہی مئے اُلفتِ حق — جسمین ہی بادۂ وحدت وہ صراحی سا گلا
شبِ معراج جو احمد سے ہوا ہی وعدہ — زیرِ شمشیر وہ میدان مین کریگا یہ ادا
شوق قاتل مین اُچھلتی ہین رگین گردن کی — ہی یہ آبِ دمِ شمشیر کا مشتاق گلا
گھر جلے خیمہ لٹے قتل ہون احباب و عزیز — وہی منظور ہی اسکو جو ہماری ہی رضا
مرتے دم خلقِ بریدہ سے یہ دیگا آواز — آج حق مجھسے ہوا خالقِ عالم کا ادا
پیاس وہ پیاس جو آئے لبِ دریا مذکور — جاکے صحرا مین رہے چھوڑ کے ماہی دریا
بھوک وہ بھوک تصور بھی جو لائین دل مین — سینۂ آدم کا ابھی چاک ہو گندم آسا
ہمنے بھی اسکے عوض دی ہی اسے شاہی دین — نارِ و فردوس کا مختار ہی یہ روزِ جزا
جسکو چاہے یہ اُسے داخلِ فردوس کرے — داخلِ نار عدو ہونگے یہ پائینگے سزا
سُنکے یہ بات نہایت ہوئی رقت طاری — ساحتِ عرش کو رو رو کے بنایا دریا
دل بیتاب ہوا چھوٹ گیا دامنِ ضبط — پنجۂ غم سے ہوا پیرہنِ صبر قبا
آئی آواز کہ لے عفو ہوئے تیرے گناہ — سادہ ہی نامۂ اعمال ترا سرتاپا
چاہیے یہ کہ کرے نظمِ قصیدہ اب تو — اُسکی تعریف مین تا اور بھی راضی ہو خدا
عین رقت مین ہوا جوش یکایک دل کو — آپ سے آپ یہ مطلع مرے دل سے نکلا

مطلعِ ثانی

اے خوشا چہرۂ پاک آئینۂ نورِ خدا — جسم پروردۂ آغوشِ رسولِ دوسرا
مہد جنبان رہے جبریلِ امین طفلی مین — عید کو حق نے کیا حلۂ فردوس عطا
سرِ قبرستان تلک آنے بھی نہ پائے انسو — بچہ آہو کا عنایت سے خدا نے بھیجا
پر سے جبریل نے وہ ٹکڑے کیا آکے گہر — خلق پر رتبۂ سبطین ہوتا جلوہ نما
کیا محبت تھی عجب خاطرِ شبیر تھی واہ — اونٹ مسجد مین بنے حضرتِ محبوبِ خدا

جب کہا اُسنے کہ ہوتی ہی زمام اُشتر کی
ہاتھ مین اُسکے دئے آپ نے گیسوے رسا

پھر ہوا بانگ شتر کا جو نواسا طالب
آپ دینے لگے بیساختہ عف عف کی صدا

جبرئیلؑ آئے وہین حکم خدا سے سرِ خاک
عرض کی ختم رسل سے کہ بس اے شاہ ہدیٰ

تیسری بار اگر منھ سے کہو گے العف
سرد ہو جائیگی سب نارِ جہنم بخدا

پہونچے کیا مرغ خرد بامِ ثنا تک اُسکے
جسکی خاطر سے پر و بال ہون فطرس کو عطا

دی جو فرزند کو تعلیم صلے مین اُسکے
موتیون سے دہن اُس شہ نے معلم کا بھرا

قحط موقوف ہوا لگ گئی پانی کی جھڑی
باعثِ زندگیِ خلق ہوئی اُنکی دعا

آپ پیاسے تھے تلاطم مین مگر وقتِ اخیر
جا کے طوفان مین کیا کشتی تاجر کو رہا

کیا شجاعت تھی نہ تھا پشت پہ ہرگز کوئی زخم
چور ہر چند تھا زخمون سے بدن سر تا پا

اُسطرف تیر برستے تھے اِدھر تلوارین
کیا نماز آپ نے کی مین تلاطم مین ادا

پڑھ کے قرآن مسلمان کیے کتنے کافر
سر رہا نیزۂ خولی پہ بھی اعجاز نما

حضرتِ نوح کا رتبہ ہی اُنھین بھی حاصل
ناخدا کشتیِ اسلام کے وہ ہین بخدا

کیا عنایت ہی کسی نے جو کیا اُنسے سوال
مال کیا مال ہی کی دولت کونین عطا

اُس سخی کا نہ اگر ابرِ سخاوت برسے
ایک دانہ بھی زمین سے نہ کرے نشو و نما

رشکِ افلاک زمین جلوہ گہِ مولا کی
غیرتِ پنجۂ خورشید وہ نقشِ کفِ پا

دشمنِ شاہ ہی اللہ و نبی کا دشمن
جو پھرا اُنسے وہ اللہ و پیمبر سے پھرا

زورِ بازوے مبارک کا کرے کیا کوئی ذکر
یہ چلی تیغ کہ چھالون سے ہوئے آبلہ پا

تن سے سر کرتی ہی اسطرح وہ شمشیرِ قلم
نخل سے برگ خزان جیسے اُڑاتی ہی ہوا

روحین اسطرح نکلتی ہین تنِ اعدا سے
جسطرح دام سے ہون مرغ گرفتار رہا

آگے آگے سرِ کفار پہ جاتی تھی وہ تیغ
پیچھے پیچھے صفتِ سایہ پہونچتی تھی قضا

آپ منظور ہوئی اپنی شہادت شہ کو
ورنہ کافی تھی پیِ غارتِ کفار دعا

نوبتِ نیزہ و شمشیر نہ آتی دمِ جنگ
تیغ انگشت سے ہوتے سرِ کفار جدا

صادق القول ہی ایسا بھی زمانے مین کوئی
سرد یا منھ سے جو حضرت نے کہا تھا وہ کیا

واہ یہ صبر کے معنے ہین یہ تسلیم کا حق — زخم کھا کھا کے کہا شکر خدا شکر خدا
یہ عنایت نہین ہوتی یہ مروت ہی کہان — زیر شمشیر بھی کی بخشش اُمت کی دعا
خون سے ریش مبارک ہوئی تر جاے خضاب — دشت غربت مین میسر تھا نہ وسمہ نہ حنا
تھے وہ پیاسے کہ ذرا بھی جو اشارہ کرتے — قطرہ زن زیر قدم دوڑ کے آتا دریا
بھوک کا صدمہ اُٹھانا جو نہوتا منظور — بھیجتا انکو طبق نعمت جنت کے خدا
کی ادا تیغ کی محراب کے نیچے طاعت — منہ رہا کعبے کی جانب صفت قبلہ نما
خاتمہ پنجتن پاک کا تھا امر عظیم — خون شبیر کا تھا خون رسول دوسرا
درمیان مین جو نہ ہوتا قدم زین عباد — نہ ٹھہرتے کبھی چودہ طبق ارض وسما
شفق اسکو نہ کہو ہی جو عیان شام وسحر — آج تک چرخ پہ ہی سرخی خون شہدا
آشیان چھوڑ کے راہی ہوئے مقتل مین طیور — ہدہد و فاختہ و بلبل و طاؤس و ہما
سر سے پانک نظر آتے تھے تن اقدس پر — زخم تیر و تبر و نیزہ و شمشیر جفا
سرو قد صورت گل ہو گئے آلودہ خون — تھی عجب رن مین بہار چمن شیر خدا
حر تھا بیگانہ زیادہ تھا مگر اپنون سے — خون مین خون ہوا خاک ہوئی خاک شفا
سر کٹا خیمہ لٹا قتل ہوئے ذبح ہوئے — سر بسر لوک سنان اونٹ پہ سب آل عبا
دیکھا جاتا تھا نہ سجاد سے ابکہ یہ حال — آرزو تھی یہ انھین کاش مین ہوتا اعمی
کہتے تھے اہل حرم پیاس کی شدت ہی کمال — لیچلو شام کی جانب ہمین دریا در یا
سر کھلے تھے جو حرم اشتر عریان پہ سوار — فاطمہ سایہ دامن سے اُڑھاتی تھی ردا
ایک تو حضرت سجاد کو تھی بیماری — دوسرے طوق گرانبار رسن لاغر کا گلا
کھینچتے جاتے تھے اونٹون کی رسن صحرا مین — تھے وہ پابند رسن ہاتھ جو تھے عقدہ کشا
کربلا سے طرف شام غم انجام اسیر — کس مصیبت سے انھین لیگئے وہ اہل جفا
قدم شاہ شہیدان پہ فدا کرتا سر — رہگئی دل مین یہ حسرت کہ وہان مین نہوا
التماس اسی شہ کونین یہ کرتا ہی غلام — ہو چکا سیر مین اب کوئی نہین حرص و ہوا
آپ اب مجکو کرین روضہ اقدس پہ طلب — تا پس مرگ ہو یہ خاک نجس خاک شفا

کیجے اللہ سے توفیق مجھے دے ایسی — کہ کبھی دل نہو مائل طرفِ جرم و خطا
تا دمِ مرگ رہون آپ کے روضہ مین مقیم — آپ کے صدقے سے ہو خاتمہ بالخیر مرا

در منقبت امام سوم حضرت امام حسین علیہ السلام

گرمی کے ہین یہ روز کڑی ہو کمال دھوپ — آنکھین دکھا رہی ہو غضب اپنے سال دھوپ
گرد و غبار رہین ہو زمانہ اٹا ہوا — کیا کیا دلون کو دیتی ہو داغِ ملال دھوپ
جلا دیجو کہ یہ کوئی قاتل ہو کون ہو — بے تیغ کر رہی ہو جو سب کو حلال دھوپ
ایسی طپش سے اہل جہان ہین ڈرے ہوئے — سائے کو بھی یہ کرنے لگے ہین خیال دھوپ
کب تک اٹھائے خلق بلا کو کی سختیان — اک دن ذرا تو نرم ہو اے ذوالجلال دھوپ
بچ جائے اڑ کے طائر آرام کس جگہ — سارے جہان مین جو بچھائے ہو جال دھوپ
کیا خاک پہ برستے ہین انگارے چرخ سے — آفت کی پڑ رہی ہو علے الاتصال دھوپ
خورشید اور ہو کہ زمانہ بدل گیا — ایسی تو لا اگہ نہ تھی پچھلے سال دھوپ
فرطِ طپش سے آدمیون کا ہو ذکر کیا — کالے ہوئے ہین دشت مین کھا کر غزال دھوپ
ہیزم کی طرح خشک ہین خود سوزِ غم سے لوگ — ڈر ہو نہ اب جلا کے بنائے زغال دھوپ
ہم کہہ رہے ہین کم ہو یہ بڑھتی ہو اور روز — سن سن کے ٹالتی ہو ہمارا سوال دھوپ
ایسی جو سخت دل ہو تو پروا ہو کیا ہمکو — کب سختیون سے ڈرتے ہین ہم کیا ہو مال دھوپ
شکوے کرینگے اس سے جو ہو حاکمِ فلک — کسطرح دیکھین ہوتی ہو اب جی کا کال دھوپ
خورشیدِ آسمان و زمین نورِ مشرقین — وہ حکم دے تو زرد بھی ہو جاے لال دھوپ
پروردہ کنارِ رسولِ خدا حسینؑ — جسنے کہ زخمی ہو کے اٹھائی کمال دھوپ
غصے سے رخ جو گرم کرے وہ یہ نرم ہو — روے زمین پہ پھر تو رہے خال خال دھوپ
کیا روز و شب ہین روضۂ پرنور مین جہان — یکتا ہو چاندنی تو عدیم المثال دھوپ
پرنور ہو وہ شمسۂ ایوان کے نور سے — پھیلی ہو شرق و غرب جنوب و شمال دھوپ
چھایا ہو ظالمون پہ یہ رعب اسکے عدل کا — چھپکے جو شیشہ جل کے ہو سایہ مثال دھوپ
کیا عدل ہو کہ مہر کو ہو پانچ دن خسوف — ق ڈالے حواس خمسہ مین گر اختلال دھوپ

ہین یہ قوی ضعیف کہ کہتی ہی چاندنی
مین بھی ہون پات پات جو ہی ڈال ڈال دھوپ

آرام زایرون کو ہی ہر طرح راہ مین
ق مقدور ہی کہ آنسے کرے کوئی چال دھوپ

ایذا کا ذکر کیا ہی کہ بن بن کے چھتریان
ہر رہگذر مین روک رہے ہین نہال دھوپ

پہونچے جو زائرون کو ذرا رنج راہ مین
ق کاٹا ہو غم سے سوکھ کے مثل ہلال دھوپ

روے زمین پہ پانی کی چادر ہو سربسر
لائے یہان تلک عرق انفعال دھوپ

طوبیٰ سے کم نہین جو شجر کربلا کا ہی
ہوتی ہی ہر نہال پہ پڑکر نہال دھوپ

روضہ مین جلکے مین بھی بچون چاندنی کی طرح
ق فراشون سے یہ رکھتی ہی ہر دم سوال دھوپ

ذرہ نہ ہو سکے کبھی پیوند آفتاب
بیفایدہ ہی طالب امر محال دھوپ

روزن کا ہو ذریعہ تو شاید کہ پاے دخل
اک وقت دو گھڑی نہ علی الاتصال دھوپ

ہر روز در پہ صبح سے تا شام آڑی رہے
دیکھے تو ایسی دل سے ہو محو جمال دھوپ

دشمن سیاہ رو ہی کہان دل مین اسکے نور
ظلمات کی زمین پہ ہی خواب خیال دھوپ

افسوس ہی کہ خیمے مین بیٹھے ہون امتی
ق اور کربلا مین کھاے پیمبر کی آل دھوپ

حیران ہون سمٹ کے نہ سورج کبھی بنی
ماہ نبی کے فرق پہ روز قتال دھوپ

کیا قہر کی جگہ ہی کہ بھوکے ہون میہمان
کھاے کوئی انھین فلک بے خصال دھوپ

کھا کھا کے زخم کرتے تھے شکر خدا امام
شدت کی پیاس تھی تو کڑی تھی کمال دھوپ

بھنتا تھا کوئی دانہ جو گرتا تھا خاک پر
کہتے ہین تھی یہ تیز دم انتقال دھوپ

سایہ کرین طیور نہ کیون کر کے لاش پہ
کھاے شفیع روز جزا کا جو لال دھوپ

حضرت کے ظل امن مین تھی روز معرکہ
ہوتی سیاہ شام سے کیا پایمال دھوپ

شاہانگاہ مہر کہ اب عمر ہی مری
نزدیک شام ہوتی ہی جیسے نڈھال دھوپ

کیسا فروغ گور کی ظلمت ہی بیخس چشم
نزدیک ہی کہ سایہ کرے پایمال دھوپ

مجکو اسی کے سایہ رحمت مین دے جگہ
محشر کے دن کڑی ہو جب اے ذوالجلال دھوپ

صدقہ حسین امام کا ایذا سے بچ رہون
لاغر بہت ہون بال کی کھینچے نہ کھال دھوپ

در منقبت امام سوم حضرت امام حسین علیہ السلام

راہ جنت کی پس مرگ مین بھولون کیونکر
خضر و الیاس سے بارہ ہون جو میرے رہبر

تہ محمد دو حسن چار علی موسے ایک
ایک حسین ابن علی ایک جناب جعفر

ناخدا ایسے جو ہون کیون نہو کشتی بخوف
ایک دو ہاتھ مین بے شبہہ دھرے ہی اودھر

غم ہی منجدھار مین کیا اسکو تلاطم کیا
خود بخود زیر و زبر ہو کے جو معبر معبر

رہزنان عمل زشت سے کیا خوف کہ ہی
اعتقادات صحیحہ کا جلو مین لشکر

دل پر سوز مین ہی الفت مولا کا جو داغ
اسی سورج سے ہی آفت کی شب تار سحر

یا علی ہوگا جو ہونٹون سے برابر جاری
شرم آئیگی خدا کو کہ کرے زیر و زبر

دوست ہی دوست ایسے کہے ہین جتنے ہین ملک
کیا نہ لینگے وہ مصیبت مین محبون کی خبر

ز غفر غفر کی صدا نعرۂ ارحم ارحم
ہوگا ہر ایک ملک پیش خدا سے داور

متفق ہو کے ترحم جو پکارینگے یہ سب
حشر مین کوئی زبان کیا نہ دکھائیگی اثر

انبیا بھی یہ تضرع یہ کہین گے یارب
دوست حیدر کا یہ ہی رحم کی اسپر ہو نظر

اور تو اور ہین بخشش کو ائمہ کیا کم
جنمین ایک ایک معظم ہی شفیع محشر

دہن شیر سے سلمان کو بچایا کہ نہین
کیا بچائینگے جہنم سے نہ مجکو صیدر

بخشوائینگے وہ جب تک کہ نہ مجھ عاصی کو
فاطمہ ہاتھ سے چھوڑینگی نہ دامان پدر

رحم کھائینگے محمد جو کہے گی زہرا
یہ فدائی مرے بیٹون کا ہی یا پیغمبر

کیا دبائیگی سیاہی شب تربت کی مجھے
صبح کر دیگا نہ خورشید صفت داغ جگر

جزو تن ہی یہ محبت جو زمین دیگی فشار
استخوانون سے صدا آئیگی حیدر حیدر

گرز اٹھائینگے مگر کوئی لگا سکتے ہین یہ
کیا روکینگے نکیرین کو بشیر و نذیر

ہر طرح فیض ائمہ سے ہی مومن کی نجات
حق بھی ہی کہ احادیث سے پائی ہی خبر

یہ جو کرتا ہون مین دعوی کوئی سمجھے نہ غلط
کس شہنشاہ سرافراز کا ہون دست نگر

ولی و ابن ولی راز خفی اس سے جلی
جان زہرا و علی سبط رسول اکبر

منتخب خلقتِ کونین ہین ہی ایک حسین — متفق اسمین ہین حور و ملک و جن و بشر
دستِ اسلام سے ہو کفر کی کیونکر شکست — تیغ جب مہرِ خدا مہرِ نبوت ہو سپر
کشتیِ دینِ نبی کا تھا کہان تھل بیڑا — ان شہیدون کی شہادت جو نہوتی لنگر
ایسے ہوتے ہین کہان صاحبِ تسلیم و رضا — جن پہ نازان ہو خدا فخر کرین پیغمبر
ابتلا مین یہ ہوئی آپ سے ثابت قدمی — انبیا جتنے ہین حیران ہین فرشتے ششدر
کس خوشی سے شہِ مظلوم نے کی مہر اس پر — خون کا حضرتِ جبریل جو لائے محضر
بخششِ امتِ عاصی کا جو تھا بارِ گران — آپ نے حلق بریدہ سے اٹھایا بے سر
فی الحقیقت ہی یہ خون پنجتن پاک کا خون — تیغ خیبر پہ چلی قتل ہوئے پیغمبر
صادق القول اسے کہتے ہین سبحان اللہ — واہ کیا منھ سے جو نکلا تھا نہ بدلے تیور
پاسِ دین سے نہوئی بیعتِ فاسق منظور — گھر لٹا گو کہ چلا خشک گلے پر خنجر
ہی روایت کہ ہوا اسلام کا حاکم جو یزید — ہر طرف پھیل گیا عرصۂ آفاق مین شر
اسقدر آلِ محمد کا ہوا تشنہ خون — کہ نہ پایا کہین فرزندِ پیمبر نے مفر
ہو کے مجبور جو یثرب سے کیا آپ نے کوچ — آلِ ہاشم مین ہوئی تازہ قیامت گھر گھر
اقربا جتنے تھے ہمراہ چلے سب زن و مرد — رہگئی گھر مین فقط ایک مریضہ دختر
چین کعبہ مین بھی آکر نہ ملا حضرت کو — خوف اسکا تھا کہ مقتل نہو اللہ کا گھر
کربلا مین جو پسِ قطع منازل پہونچے — کوفہ و شام سے آنے لگے پیہم لشکر
کل ادھر لشکرِ حضرت مین ۷۲ تھے جوان — فوجِ اعدا کی یہ کثرت کہ کئی لاکھ اُدھر
ہفتمِ ماہِ محرم سے ہوا پانی بند — دن تھے گرمی کے جلے پیاس سے پیاسون کے جگر
روزِ عاشور بہر طور لڑائی ٹھہری — نہ ہوا جنگ سے فرزندِ پیمبر کو مفر
صبح تک سب کو رہا شغل نماز و تسبیح — کی عبادات خدا مین شبِ عاشور بسر
آرزومند شہادت تھے یہ شہ کے رفقا — رات بھر لب پہ صدا مین تھین کہ ہو جلد سحر
صبح ہوتے ہی بجا طبل و نقارے اعدا مین — تھنک گیا صور نشان آئے قیامت کا نفر
اسطرف شاہ نے آراستہ کی فوجِ قلیل — سیکڑون کوس پڑی فوجِ مخالف کی اُدھر

دوشِ عباس علمدار پہ لشکر کا علم
جس سے اعدا کے نشانون کے جھکے جاتے تھے سر

اولیا آئے نبی آئے ملک آئے فلک
فوج آہو کی ہوئی جمع جنون کا لشکر

کی مدد ایک کی پر سبط نبی نے نہ قبول
تکیہ اللہ پہ تھا فضل پہ حضرت کی نظر

کیسے کیسے تھے جری آپ کے ہمراہ رفیق
کون رکھتا ہی یہ جرأت یہ شجاعت یہ جگر

ایسے انصار نبی کے تھے نہ انصارِ علی
خود یہ فرماتے تھے اُس روز شہِ جن و بشر

ایک اُنمین تھے حبیب ابن مظاہر نامی
عین پیری مین جوانی کے دکھائے جوہر

تلک آئی تھین جو آنکھون پر آٹھائین پلکین
چست کی کس کے کمر بند سے خم گشتہ کمر

ضعف پیری مین کیا زور شجاعت وہ عیان
کہ ہوئے سیکڑون نامرد تہ تیغ دو سر

وہب کلبی کو ہوا شوقِ شہادت ایسا
کہ رہی گھر کی نہ زوجہ کی نہ مادر کی خبر

جب تلک سر نہ کیا سبط پیمبر پہ نثار
عرصۂ جنگ مین کھولی نہ بہادر نے کمر

کون تھا حر کدھر آیا تھا کہان سے کس سمت
کیا ارادہ تھا انکا کون سی تھی پیش نظر

فیضِ حق بندۂ عین دے جسے توفیق خدا
ذرّہ خورشید بنے قطرہ ہو دم بھر مین گہر

پھر گئی باگ جہنم سے چلا جانبِ خلد
باندھ کر ہاتھ جھکایا قدم شاہ پہ سر

کرم شاہ تو دیکھو کہ دیا کیا رتبہ
پہلے سردے کے شہیدون مین ہوا سرفہرست

فاطمہ کا جو بندھا حرم گلو پر رومال
پاکے خلعت طرفِ خلد کیا عزم سفر

اسی زہے فیض کہ قربان ہو غلام حبشی
بوے مشک آئے مبارک زخم سے چہرہ ہو قمر

بھیجین رو رو کے زیارت مین امام اُس سالار
سچ ہی اچھون کی غلامی مین یہ ہوتا ہی اثر

رفقا ایک طرف کیسے تھے حضرت کے عزیز
فرد تھا دفترِ کونین مین اک ایک بشر

قاسم ابن حسن حضرتِ عباس علی
صاحبِ خلق حسن یہ وہ نشان حیدر

علم شاہ جو پایا تو ہوئے یہ ممتاز
ملگیا مرتبہ حمزہ و اوج جعفر

علی اکبر کا وہ عالم کہ نبی کا ہمشکل
انتخابِ قلمِ صنع خدا ہے اکبر

ہیزدہ سالہ جوان حسن مین یوسف سے سوا
وہ مہ مصر مدینے مین یہ مہر انور

دو پسر حضرتِ مسلم کے تو دو زینب کے
چرخ پر ایک زمین پر یہ عیان چار قمر

کہتے تھے تول کے تیغین پسرانِ مسلم
لینگے اب کوفیون سے ہم عوضِ خونِ پدر

دیکھکر شاہِ اولوالعزم شگفتہ یہ چمن
اشک بھر لاتے تھے آنکھون مین مژہ کرتے تھے تر

دل مین کچھ سوچ کے کس یاس سے کرتے تھے امام
کبھی عباسؑ کی جانب کبھی اکبرؑ پہ نظر

پوچھتا تھا جو سبب کوئی یہ کہتے تھے امام
کچھ اسی وقت سے ہی درد دل و درد کمر

یہ تو سب ایک طرف ہمتِ نسوان دیکھو
اپنے بیٹون سے یہ فرماتی تھی بنتِ حیدر

آج مامون پہ کروگے نہ اگر سر کو فدا
دودھ بخشیگی نہ تمکو یہ تمھاری مادر

تمکو پالا تھا اسی دن کے لیے نازون سے
کہ لڑو خون مین یہ چاند سے رخسارہون تر

واہ اے دل کوئی بانو کا کلیجا دیکھے
ایسے فرزند سے مان ایسی کرے قطع نظر

علی اکبرؑ کو یہ تیغیب کہ اے شیرِ جوان
آج پروانہ ہو شمعِ نبیؐ پر جا کر

گفتگو مادرِ قاسمؑ کی یہی قاسمؑ سے
جلد ہو فدیہ شبیرؑ پہ خوش ہون شبرؑ

تھام کر حضرتِ عباسؑ علی کا دامن
گفتگو زوجۂ عباسؑ کی با دیدۂ تر

آبرو میری ہی زہراؑ کے حضور آپ کے ہاتھ
آگے بانو کے نہ جھکے کہین لونڈی کی نظر

الغرض رن مین ہوا معرکۂ رزم جو گرم
تیر مارا پسرِ سعد نے بیخوف و خطر

پھر یہ تیرون کی ہوئی فوج عدو سے بوچھار
کہ گئے توڑ کے خیمون کو کئی تیر گذر

زخمی ہوکر ہوئے کتنے رفقاء کے شہید
کہین غربال تھا سینہ کہین تودہ تھا جگر

تھا عجب قافلہ جو باغِ جہان سے گذرا
صورتِ قافلۂ بوئے گل و بادِ سحر

تاب آئی نہ شجاعون کو یہ کی شاہ سے عرض
اب ہی کیا حکم شرارت پہ ہین یہ بانیِ شر

کھودڈالی ہی بنا دین کی دنیا کے لیے
شرم ہی انکو پیمبرؐ سے نہ اللہ کا ڈر

بارشِ تیر سے کام آچکے کتنے رفقا
ہین مبارز طلب اعدا بڑھے آتے ہین ادھر

دیکھکر یاس سے گردون کی طرف شہ نے کہا
شکر ہی شکر ہی جو مرضیِ ربِ اکبر

الغرض حرؑ و لاور سے ہوئی جنگ شروع
باری باری ہوئے رخصت رفقاؑ و یاور

جاکے اک ایک یہ لاکھون سے ہزاروں سے لڑا
کھل گئے تیغ علی کے سرِ میدان جوہر

پھیر لین اہلِ جنان کیون نہ جہان سے آنکھین
سامنے گلشنِ فردوس جب آتا ہو نظر

بھوک مین کھاتے تھے لبِ تشنہ سے پھل جنون کے
خشک سالی مین کوئی جیسے تر و تازہ ثمر

دیکھتے تھے جو چمکتی ہوئی عمریان تیغین
موجزن پیاس مین دریا انھین آتا تھا نظر

تیغ پر تیغ برستی تھی خدنگون پہ خدنگ
کیا بہادر تھے کہ ہوتے تھے نہ میلے تیور

کرتی تھی یون سرِ اعدا کو قلم تیغ انکی
جیسے گرتے ہین کسی نخل سے آندھی مین ثمر

برقِ خرمن ہوئی جس پھول پہ چمکی وہ تیغ
پڑ گئی سر پہ تو دو ٹکڑے کیا تا بہ کمر

کی دمِ معرکہ اک ایک جری نے یون جنگ
احد و بدر مین جسطرح لڑے تھے حیدر

تیغ بازی سے شجاعون کی دمِ خونریزی
ملک الموت یہ چلاتے تھے ہو کر شش در

دیکھ تیزی نہ کر ای تیغ ذرا آہستہ
اسطرف سے مجھے فرصت ہو تو اون مین ادھر

آگئی دامنِ شمشیر کی جس سمت ہوا
پھیل کر خون کی چادر نے بلائی چادر

نیزہ بازون کے پرے تیغزنون کا بلوہ
ہو کے مجروح رفیقانِ حسین ابن علی

لاش ہر ایک کی میدان سے اٹھا لاتے تھے شاہ
درِ دولت یہ تھا ہر مرتبہ برپا محشر

بعد انصار عزیزون کی جو باری آئی
کس شجاعت سے لڑے حضرتِ مسلم کے پسر

دو پسر حضرتِ زینب کے جو تھے صاحبِ حسن
فلکِ عزت و تکریم کے خورشید و قمر

سن مین چھوٹے تھے مگر جرأت و ہمت مین بڑے
رکھ دیا بہر اجازت قدمِ شاہ پہ سر

گو کہ تھی شاق بہت شاہ پہ فرقت انکی
پر کرین کیا کہ نہ تھا غیرِ رضا کوئی مفر

جا کے رن مین لڑے ایسے کہ دکھائی جرأت
ہو گئے فوجِ مخالف کے پرے زیر و زبر

در پہ خیمے کے کھڑی تھین جو بناتِ زینب
دے رہی تھین یہ صدا تھام کے ہاتھون سے جگر

ہان مرے گلبدنو ماہ رخو سیم تنو
وہ کرو تیغزنی جسمین ہو مامون کی ظفر

قدمِ سیدِ مظلوم پہ سر دو گے جو آج
فاطمہ ہو گی فدا پیار کرینگے حیدر

مان کی آواز جو سنتے تھے وہ دونون دمِ جنگ
ہاتھون بڑھ جاتے تھے ہر مرتبہ سینے مین جگر

تیغین ہاتھون مین کھنچین اسپ ترا ن بجلی
گاہ ادھر لشکرِ کفار کے تھے گاہ اُدھر

پھر ہوئے چور جو زخمون سے نہایت دونون
گر پڑے دی یہ صدا لیجیے یا شاہ خبر

بیقرار انہ گئے دوڑ کے مقتل مین حسینؑ — رو کے زینبؑ نے کیا سجدۂ شکر ادا
بعد اُن دونون کے قاسمؑ کی جو لوبت آئی — کیا بیان ہو کہ ہوا خیمے مین کیسا محشر
شاہ کو کھول کے بازو سے دکھایا تعویذ — لکھ گئے تھے جو سفارش مین جناب شبرؑ
شہ نے آنکھون سے لگایا وہ نوشتہ لیکن — اشک چہرے پہ بہے ریش مبارک ہوئی تر
جب کسی طرح سے میدان کی اجازت نہ ملی — جوڑ کر ہاتھ گرا پاؤن پہ وہ رشک قمر
آئی آواز مسن جا یہ تامل کی نہین — دو رضا سینے پر اب صبر کا رکھ لو پتھر
شاہ مجبور ہوئے جانب میدان وہ چلا — باندھی قتل پہ کفار کے غازی نے کمر
سن تو چھوٹا تھا مگر اُسکے ارادے تھے بڑے — آنکھ لاکھون سے نہ جھپکی اسے کہتے ہین جگر
کیا شجاعت تھی کہ ارزق سے جوان کو مارا — طعنۂ تیغ قضا اُسکے ہوئے چار پسر
دم پکارا وہ غازی نے دکھائی جرأت — شور تھا اڑتے ہین میدان مین یہ گویا حیدرؑ
آخر کار کہان ایک کہان لاکھ عدو — چور زخمون سے ہوا تن پہ لگے تیر و تبر
طاق طاقت ہوئی گھوڑے سے گرا لالہ عذار — سیر گلزار شہادت ہوئی منظور نظر
دی صدا ای پسر شیر خدا اے درکنی — لاش گھوڑون سے کچلواتے ہین یہ بانی شر
ظلم اعدا سے ہوا وہ تن زخمی پامال — جب تلک سید مظلوم گئے بالین پر
تاب عباس علمدار کو باقی نہ رہی — عرض کی شاہ سے یا بادشہ جن و بشر
طفل ہون راہی فردوس جوان مُنھ دیکھین — ابتو غیرت تقاضی نہین ٹکڑے ہو جگر
سُنکے بازو کی یہ تقریر عجب درد اُٹھا — تھام لی سید مظلوم نے ہاتھون سے کمر
دی سکینہؑ نے صدا پیاس سے مرتے ہین ہم — لو غریبون کی یتیمون کی چچا جان خبر
رکھ کے مشکیزہ چلا دوش پہ سقائے حرم — ہاتھ مین تیغ علی پشت پہ حمزہ کی سپر
رخ کیا شیر نے دریا کی ترائی کی طرف — صورت ابر تھے چھائے ہوئے شامی لشکر
گھاٹ روکے ہوئے دریا کا جو لاکھون تھے عدو — ابر کی طرح ہوئے پھٹ کے اِدھر اور اُدھر
جو کماندار تھے ڈر ڈر کے چھپے گوشون مین — نیزہ داروں کی کہین گرد بھی آئی نہ نظر
لب دریا پہ سر ساقی کوثر پہونچا — ہو گیا شیر کا دریا کی ترائی مین گذر

آگیا تشنگی شاہِ شہیدان کا جو دھیان
سرد کھائی جو ہوا اور پیا خونِ جگر

بھر کے چلو تو اٹھایا کہ بہت پیاسے تھے
آنکھ بھر آئی مگر لب نہ کیے آب سے تر

جھک کے گھوڑے سے کہا کیون نہین پیتا پانی
جانور تھا نہوا وہ بھی رضامند مگر

مشک بھر کر ہوئے پانی سے روانہ وہ شتاب
طرفِ خیمۂ ناموس امامِ اطہر

نکلے دریا سے تو انبوہ تھا اک اعدا کا
تیر برسانے لگے چار طرف سے اکثر

کھینچکر تیغ شقی سیکڑون فی النار کیے
جا بجا ڈھیر تھے کشتون کے ادھر اور اُدھر

حملہ کرتا تھا جدھر شیر کی صورت وہ جری
بھاگتے پھرتے تھے روباہ صفت بانیٔ شر

ایک مردود نے چھپ کر جو لگائی تلوار
داہنا ہاتھ قلم ہو کے گرا ریتی پر

دستِ چپ پر بھی پڑی تیغ ستم وائے ستم
ہاتھ غازی کے جدا ہو گئے مثلِ جعفر

لیچلے مشک کو دانتون مین دبا کر تسمہ
واہ رے حوصلۂ ابنِ قسیم کو شر

جھک کے چھاتی کے تلے مشک چھپا لیتے تھے
ہوتے تھے تیرون کی بوچھار مین خود سینہ سپر

ناگہان مشک پہ بھی ناوک بیداد پڑا
بہ گیا آب کہا وائے مقدر رو کر

ہو کے مجروح جو گھوڑے سے گرے میدان مین
دی صدا شاہ کو لو اے شہِ ذیجاہ خبر

شاہ لاشے پہ جو پہونچے تو وہ عالم دیکھا
کسی بھائی کو جو بھائی کا نہ حال آئے نظر

گر پڑے کھولکے ہاتھون کو تنِ زخمی پر
زانوے پاک پہ رکھا کرم و لطف سے سر

حالتِ نزع مین تھی طاقت گفتار کہان
منھ سے نکلا فقط اتنا کہ شہِ جن و بشر

میرے لاشے کو نہ لیجائیے خیمے کی طرف
کہ سکینہؑ سے مین شرمندہ ہون نیچی ہے نظر

کہکے یہ راہیِ فردوس ہوا وہ غازی
کوفیون مین شہِ مظلوم رہے یا اکبر

بازوے شاہ نے بازو جو کٹائے اپنے
مثلِ جعفرؑ اسے خالق نے دیے دو شہپر

دیکھکر بلوۂ اعدا کو وہ ہمشکلِ نبیؐ
طالبِ اذن ہوا ہو کے قدمبوس پدر

تھی قیامت کی گھڑی رخصت اکبرؑ کی گھڑی
درد اُٹھا تھام لیا شاہ نے ہاتھون سے جگر

ہمیان روتی تھین کھاتی تھی پچھاڑین بانو
ایک بی بی کو رہی سر کی نہ چادر کی خبر

شاہ بیٹے کو نہ دیتے جو رضا کیا کرتے
کہ یہی تھا انھین فرمانِ خدائے اکبر

مہر آسا جو ہوا دشت مین وہ جلوہ نما
قتل اُٹھا ختم ہوا سبطِ نبیؐ کا لشکر

کوئی کہتا تھا نواسا ہی جو محبوس بلا
خود چلے آئے ہین لڑنے کے لیئے پیغمبرؐ

شمر بولا کہ نہین تم یہ غلط سمجھے ہو
پسرِ شاہ یہ ہمشکلِ نبیؐ ہے اکبرؑ

آخر کار لڑائی کی جو نوبت آئی
تیغ وہ کی کہ ہوا برہم و درہم لشکر

کرم بازار ہوا موت کا رن مین ایسا
ہو کے ایک ایک کے دو دو ہوئے جوڑا پیکر

تھک کے ہر دم ملک الموت یہ چلاتا تھا
مین اِدھر سے ہون جو فارغ تو کرون قصد اُدھر

تھا یہ نزدیک کہ ہو فتح مہم سر ہو جائے
صبح ہو شامیون کی شام کو بھاگے لشکر

ناگہان چاند سے سینے پہ لگی آ کے سنان
شفقِ خون مین ہوا غرق سراپا وہ قمر

گر پڑا گھوڑے سے حضرت سرِ بالین پہونچے
دیکھے احوال نہ فرزند کا یون کوئی پدر

پھر تو تنہا شہِ مظلوم رہے میدان مین
کٹ گئی فوجِ خدا کوئی اِدھر تھا نہ اُدھر

جتنی حجت تھی وہ کی سبطِ پیمبرؐ نے تمام
باز آئے نہ شقاوت سے مگر شمر و عمر

چار جانب سے لگانے لگے جب دشمن دین
زخم تیغ و تبر و نیزہ و شمشیر دو سر

قوتِ شیرِ خدا شہ نے دکھائی ایسی
دس ہزار ایک ہی حملے مین لگے گھٹنے سر

جس پہ تلوار پڑی صاف کیا دو ٹکڑے
جیسے انگشتِ پیمبرؐ سے ہوا شق قمر

دل مین یہ سوچ کے پھر ہاتھ کو شہ نے روکا
مین ہون شمشیرِ خدا صبر ہے میرا جوہر

حیف دو روز سے پانی نہ ملے دریا پر
حشر کے دن جو محبون کو گھٹائے کوثر

بھوک مین پیاس مین مجروح ہوئے جب وہ امام
حالتِ سیدِ مظلوم ہوئی نوعِ دگر

یکہزار و دو صد و پنجہ و یک زخم لگے
سر سے تا ناف مشبک تھا وہ جسمِ انور

پشت تو سن سے زمین سبطِ نبیؐ نے دیکھی
خاک پہ عرش گرا کعبہ ہوا زیر و زبر

حیدر و فاطمہؑ روتے ہوئے تربت سے اُٹھے
سر کو کھولے ہوئے جنت سے چلے پیغمبرؐ

اولیا جتنے تھے اُنکے تھے گریبان صد چاک
انبیا جتنے تھے ماتم مین تھے سب خاک بسر

جمع بالین پہ ہوئے شاہ کے بارہ قاتل
گھر پہ سب سے سوا شمر کی تھی چشت کمر

قدمِ بخس کہان اور کہان سینۂ پاک
بوسہ گاہ نبوی اور یہ عین کا خنجر

ہلگئی رن کی زمین جوش مین دریا آئے — بنگئے دیدۂ خونبار فلک پر اختر
اس پہ بھی بادۂ عداوت سے نہ آئے اعدا — شور تھا چار طرف لوٹ لو مظلوم کا گھر
لوٹنے کے لیئے اُس گھر مین ستمگر آئے — جسمین بے اذن نہوتا تھا ملائک کا گذر
سر ناموس نبی پر نہ رہی ایک ردا — بیٹیان فاطمہ زہرا کی ہوئین بے چادر
کسی بیرحم نے کبرا کی اُتاری خلخال — کسی ظالم نے لیئے گوش سکینہ کے گہر
طوق و زنجیر مین عابد کو گرفتار کیا — پاس تھا روح محمد کا نہ اللہ کا ڈر
آہ اُن بی بیون کے سر سر بازار کھلے — جنکو اللہ نے تطہیر کی بھیجی چادر
ننگے سر اہل حرم اشتر عریان پہ سوار — سر شہیدون کے سر نوک سنان خون مین تر
کہتے ہین اونٹ سے نوبار گری خواہر شاہ — اُن اسیرون کا ہوا جانب مقتل جو گذر
کسقدر دیکھ کے لاشون کو تھے بیتاب حرم — لاشے تھراتے تھے فریاد حرم سُن سُنکر
ننگے سر اونٹون پہ اک ایک کے بازو مین سن — لیگئے شام تلک یون ہی اُنھین بانی شر
تا کجا طول سخن حشر کا سامان ہی اسیر — ختم کر ختم دعا مانگ کہ رب اکبر
حسب دلخواہ بر آئین مرے سب مطلب دل — واسطہ فاطمہ کا صدقۂ شبیر و شبر

در منقبت امام چہارم حضرت امام زین العابدین علیہ السلام

ایک رستے مین جو اک روز ہوا اپنا گذر — صاف ہموار برابر صفت سلک گہر
نہ بلندی کا کہین اُسمین نہ پستی کا نشان — جادۂ کاہکشان جسکو کہین اہل نظر
عاشقون کا اُسے کیا چاک گریبان کیئے — کوچۂ گیسوئے محبوب پہ طرۂ یکسر
صاف آئینہ کے مانند وہ رستہ لیکن — ہو روان اُس مین تو ٹھہرے نہ کبھی پائے نظر
دیکھتا کیا ہون کہ دو شخص روان ہین سر راہ — دور گردون نے کیے بدر و ہلال ایک جگہ
ایک کا نام تو تھا فربہی اور ایک کا ضعف — کاہ کا کوہ کے ہمراہ تھا گویا کہ سفر
فربہی کی تھی یہ تقریر ذرا سُن اے ضعف — جمع ضدین سے کچھ بحث بھی تھی یکدیگر
ہر طرح تجھسے کیا مجکو خدا نے بہتر — ہر طرح مجھسے کیا تجکو خدا نے کمتر

سب پہ ظاہر ہی کہ تو ننگ جہان ہی ایسا
صید کرتے نہین صیاد غزالِ لاغر

ناتوانی سے کسی دم تری کھلتی نہین آنکھ
کبھی زانوے تفکر سے اُٹھاتا نہین سر

اسقدر پشت خمیدہ ہی کہ ہنگام خرام
سر سے اونچی نظر آتی ہی کئی ہاتھ کمر

سر ہر اک گام پہ ہلتا ہی یہ ہی ضعفِ دماغ
دل ہر اک جا پہ اُچھلتا ہی یہ ہی ضعفِ جگر

ہاتھ مین تیرے عصا آنکھ پہ تیری عینک
نہ ترے ہاتھون مین طاقت ہی نہ یارائے نظر

ایک مین ہون کہ وہ دی مجکو خدا نے طاقت
نرم ہی زیرِ قدم موم کی صورت پتھر

تجھسے اور مجھ سے کسی طرح کی نسبت ہی نہین
فیل سے مور ضعیف آنکھ ملائے کیونکر

دیکھ صحرا مین جو چلتے ہین ہوا کے جھونکے
ذرے ہوتے ہین گرنیزان نہین ہلتا پتھر

خشک کانٹے سے ہی ایذا کے سوا کیا حاصل
بوے خوش پھول کے دیتے ہین چمن مین گلِ تر

پنبئی جامہ اگر موسم سرما مین نہو
رخت باریک مین کیا خلق خدا کو ہو ضرر

مشک اگر پھولتی ہی آب سے ہو کر لبریز
ایک عالم کے لبِ خشک کو کرتی ہی وہ تر

ہی جو فربہ وہ ہی تعظیم طلب خواہ مخواہ
بزم مین سب کی تنومند پہ پڑتی ہی نظر

ضعف بولا کہ ترا قول سراسر ہی خلاف
یہ تعلی یہ تبختر ہین ترے ہوش کدھر

چھا گئی ہی تری آنکھون مین یہ اب تو چربی
ہنر و عیب تجھے کچھ نہین آتا ہی نظر

لاکھ چلّائے مگر مغز سے خالی ہی دہل
بجز آواز نہین ہی کوئی گنبد مین ہنر

دیکھنے کو ہی تو انا بدنِ مستسقی
تجکو کہتے ہین ورم جنکو ہی معنی سے خبر

میل منزل سے ہین بدتر کہین پھولے ہوئے پانون
پھٹ پڑین کان تو کس کام کا بھاری زیور

مرد پر گوشت پہ آتی ہی بلا دنیا مین
گاہ فربہ کو چھری دیتے ہین قصاب اکثر

ہی یہ دستور کہ ہو جاتی ہی فربہ جو زبان
بات کرنے کی بھی طاقت نہین رکھتا ہی بشر

اہل حق نے رہ تسلیم مین فاقے کر کے
جسم کو مشقِ ریاضت سے بنایا مسطر

خواب وہ دن کو کرے یہ رہے شب بھر بیدار
فربہی مین ہی وہ کب ہی جو نقاہت مین ہنر

آنکھ پڑتی ہی مہ چار دہم پر کسکی
ہی سہ نو کی طرف ایک زمانے کی نظر

ناتوانی سے بھی بہتر ہی جہان مین کوئی شے
خوشنما کیا نہین دیکھی ہی حسینون کی کمر

رشتۂ گندہ سے ہی پیراہن باریک مین لطف
دیکھ رشتے کو نحافت سے لگے ہاتھ گھر

کسکو معلوم نہین حوصلۂ مور ضعیف
جسنے دعوت مین سلیمان کا بلایا لشکر

شعر ہی معنی نازک سے پسندیدۂ خلق
چہرہ ہی بینی باریک سے منظور نظر

آخر کار جو دونون مین بڑھی گفت وشنود
جمع اک خلق تماشے کو ہوئی سرتاسر

مین بھی نزدیک وہان تھا یہ کیا مین نے خطاب
بحث کیا فائدہ ہی جنگ مین دونون کا ضرر

فیصلہ سکا ہی منظور جو تمکو تو چلو
میرے ہمراہ عدالت مین حضور داور

داور عرش مکین حاکم افلاک وزمین
شاہ دین حضرت سجاد شفیع محشر

کاشف راز خفی محرم اسرار جلی
نقل کا لاصل علی ترجمۂ پیغمبر

شاہ اقبال نشان زیب دہ کون ومکان
نزہت باغ جنان رنگ ریاض حیدر

واہ رے عشق خدا شوق عبادت یہ رہا
شام کو سجدہ کیا ہوگئی سجدے مین سحر

انکو منظور ہو جو حکم خدا سے وہی ہو
تابع حکم ہین دو ایک قضا ایک قدر

عمدۂ صنع ازل ناسخ ادیان وملل
صاحب علم وعمل عالم قرآن وخبر

منبع جود وکرم خسرو بے طبل وعلم
حاصل لوح وقلم مالک قصر ودر

جلوۂ طبع روان جام جہان بین مین کہان
بود ونابود جہان تا بہ ابد پیش نظر

خسرو ملک سخاوت شہ درویش صفت
تیغ میدان شجاعت علم فتح وظفر

مصقل راز نہان آئینۂ حسن بیان
جان جسم دوجہان باعث ایجاد بشر

جی مین آتا ہی کہ اک مطلع ثانی لکھون
شاعرانہ بھی صفت طبع کو ہی مدنظر

مطلع ثانی

آستان آپ کا وہ کعبہ ہی اے فخر بشر
دیدۂ شوق ملائک ہی جہان حلقۂ در

قدم پاک سے ہاتھ آئی ہی جس بزم کو زیب
شعلہ ہی شانہ کش گیسوے دود مجمر

شہرۂ وعظ اگر جاے صنمخانون مین
برہمن سجدۂ خالق کو جھکا دین ابھی سر

حل کیے مسئلۂ شرع نبی مثل علی
پیشتر جسے ہوئے معجزۂ پیغمبر

ہفت افلاک نہین آپ کی خاطر شاہا — سات زینون کا بنایا ہی خدا نے منبر
آپ کے باغِ سخاوت سے نمو ہی اُسکی — عفو کے پھول ہین جس نخل مین بخشش کے ثمر
بوئے خلق آپ کی دریا مین جو شامل ہو جاے — کفِ دریا سے بھی آنے لگی بوے عنبر
مروحہ آپ کو گرمی مین اگر ہو درکار — توڑ دین فخر سمجھکر ملک اپنے شہپر
سیر فردوس محبت پہ تمھاری موقوف — منحصر آپ کی الفت پہ نجاتِ محشر
باغ شاداب نبوت کے شگفتہ تمھین پھول — شجرِ صنعتِ خالق کے تمھین تازہ ثمر
جو کہو منھ سے وہی ہو وہ زبان مین تاثیر — پاے تغییر مقدر وہ دعا مین ہی اثر
تم وہ حاکم ہو کہ جب تک نہ اجازت پاؤ — سنگ مین لعل نہ پیدا ہون نہ دریا مین گہر
کون درویش ہی ہوتے نہین تم جسکے کفیل — کون محتاج ہی لیتے نہین تم جسکی خبر
تاب کیا بحرِ عدم کی کہ اسے غرق کرے — کشتیِ عالمِ ایجاد کے تم ہو لنگر
لبِ دریا جو ہوا لطف کی آجاے کبھی — موج کی شاخ سے پیدا ہون گل و برگ و ثمر
مہر دشمن حضرت نہین کچھ عیب سے کم — تیرہ ہو جاے جو آئینہ نکالے جوہر
دل دشمن مین کہان آپ کی الفت یا شاہ — تارِ آہن مین پروتا نہین کوئی گوہر
ناخنِ نیرہ وہ گیرا ہی اگر چاہے وہ — خار ماہی کی طرح تیغ سے کھینچے جوہر
دہر سے تم جو اُٹھے دہر ہوا بزم عزا — شمع خاموش کی صورت ہوئے سب خاک بسر
ہمہ تن زخم ہی اب صورتِ گل بلبلِ دل — ہمہ تن داغ ہی ماہی کی طرح مرغ نظر
کون دنیا مین عزادار نہین حضرت کا — گیسوے شام ہی وا چاک گریبانِ سحر
ماتم شاہ شہیدان مین ہے آپ کے افلک — چھپ گیا مہر جہانتاب تو نکلے اختر
اسقدر روے گل فاطمہ کے ہجر مین آپ — کہ فلک اشک کے دریا مین ہوا نیلوفر
جاسکے تم شام کے زندان مین پھر آئے صبح — خضر کا جیسے ہوا پردہ ظلمت مین گذر
قید مین زور امامت نہ دکھایا تم نے — گنج پنہان نظرِ اہلِ حسد سے بہتر
آپ کی پیاس نے پانی کو کیا ہی یہ ذلیل — برج آبی سے گریزان ہین فلک پر اختر
سخت دل حال تمھارا جو سُنین گریان ہون — اشک بنکر ثمرہ تیغ سے ٹپکین جوہر

چاہیے آپ کی تعریف مین ہون صرف وہی
ہون جو مضمون دلِ بیمار سے بھی نازک تر

خوف کفار سے کیا آپ کے مداح ہون چپ
شب نہین سرمۂ خاموشی مژگانِ سحر

یا علیؑ ابن حسینؑ ابن علیؑ جان نبیؐ
اپنے مداح کے بھی حال سے لازم ہی خبر

ابتدا سے تمھین معلوم ہی یا شاہ امم
درِ حضرت کے سوا اور نہ دیکھا کوئی در

آپ کا نام لیا ہوگا نہ جب تک دم صبح
نہ پیا ہوگا لڑکپن مین بھی شیرِ مادر

نام حضرت ہی کا لون تیغ تلے سو سو بار
اب بھی ٹکڑے ہون اگر جسم کے ستر ستر

شومیِ بخت سے لیکن ہون گنہگار ایسا
کہ نہین بارِ خجالت سے اٹھا سکتا سر

گر بمقدار جرائم مجھے تعزیر ملے
تا ابد ہو نہ سکے ختم حسابِ محشر

اسکی درگاہ مین ہی آپ کی مقبول دعا
جو زبان سے کہو آجاے وہی پیشِ نظر

لو دعا آپ نے کی ہمکو بھی معلوم ہوا
رحم خالق نے کیا غم کی ہوئی شام سحر

یا خدا داخلِ دوزخ ہون عدو حضرت کے
پائین فردوس محب آپ کے روزِ محشر

در منقبت امام پنجم حضرت امام محمد باقر علیہ السلام

ترش کے کیون نہ لکھے شعر لاجواب قلم
چمن مین اور بھی پھولے جو ہو گلاب قلم

نیا جو خط ہو تو پیدا ہون خوب معنی نو
دکھاے حسنِ مضامینِ انتخاب قلم

تراوش ایسی ہو مضمون آبدار کی آج
کہ اپنے نال کو سمجھے رگِ سحاب قلم

بہشت معنیِ رنگین تو سلسبیل دوات
کہون جو راست تو طوبیٰ کا ہی جواب قلم

روش روش پہ خرامان ہی صورتِ طاؤس
اگرچہ ہی شجرِ روضۂ کتاب قلم

اگر ہی نافۂ غزالِ ختن مین نافۂ مشک
یہان مداد سے رکھتا ہی مشکناب قلم

ورق ہی فیض معانی سے حوضِ عطر آگین
میانِ حوض ہی فوارۂ گلاب قلم

ریاض دہر مین موزون بہت ہوے قمری
ترے حساب صنوبر مرے حساب قلم

خدا کی حمد پیمبر کی نعت لکھتا ہی
ازل سے لوٹ رہا ہی بڑا ثواب قلم

وہ شاہ ملک سخن ہی کہ روز دیتا ہی
محرّرون کو جواہر رقم خطاب قلم

کبھی کمال صفا سے ہی شمعِ محفلِ طور
کبھی ہی ساعدِ محبوب لاجواب قلم

بجا ہی کہیے جو شاعر کی اسکو تیغ زبان
ترا شتا ہی مضامین انتخاب قلم

گئے وہ روز کہ کرتے تھے ہم رقم دفتر
اُٹھانے اب نہین دیتا ہی اضطراب قلم

نوشت وخواند یہ بھولے کہ ہمکو یاد نہین
دوات لوح صحیفہ ورق کتاب قلم

سپید بال ہوئے خواہشِ شراب کہان
اگر لکھے تو لکھے نسخۂ خضاب قلم

ہجوم فکر ہی زانو سے سر نہین اُٹھتا
کتاب پر ہی خطِ جدولِ کتاب قلم

کہان ہی خشکیِ ایام سے وہ سیرابی
زبان خشک ہو لکھے جو لفظ آب قلم

دلِ شکستہ کی لکھنی ہی سرگذشت مجھے
خطِ شکستہ مین لکھے نہ کیون کتاب قلم

جلائے سنگ حوادث سے جست کرکے شرار
جو لکھ کے دے مجھے تعویذِ اضطراب قلم

مری خرابیِ دل کا جو ماجرا لکھے
تو کو چلے رگِ سطر مین ہو خراب قلم

یہ حال ہی مگر اب بھی وہی ہی فکرِ بلند
لکھون جو خطِ توعطارد کو دے جواب قلم

زمینِ شعر مین پھرنے لگی جو توسنِ فکر
چلے قدم بقدم ہمرہِ رکاب قلم

کرون ترا وشِ مضمون کے طرز اگر تعلیم
جھکائے گردنِ فوارہ ہائے آب قلم

اسیرِ ہرزہ درائی نہ کر ثنا کا ہی وقت
ثنائے شاہ رقم کر اُٹھا شتاب قلم

بشرطِ آنکہ ہو صوفِ دوات پاکیزہ
جو انتخاب ہو کاغذ تو لاجواب قلم

وہ کون حضرتِ باقر جو ایک وصف لکھے
تو باندھ لے کئی گلدستۂ ثواب قلم

کمال فکر ہی اس بات کی دمِ تحریر
قمر لکھے اُنھین یا مثلِ آفتاب قلم

خیال ہی فقط اسکا کہ ہی عدیل عدیم
کہان سے ڈھونڈھ کے پیدا کرے جواب قلم

رقم کرے تو کرے اسکو ظلِّ پاک نبی
اگر لکھے تو لکھے مثلِ بوتراب قلم

خلاف اُنکے اگر آسمان کرے گردش
سرِ شریر کرے تیغِ آفتاب قلم

مقامِ صلح بسانِ قلم ہی تیغ اُنکی
میانِ جنگ ہی شمشیر کا جواب قلم

ہوائے حفظ چلے اُنکی جس گلستان مین
مجال کیا کہ کرے باغبان گلاب قلم

چراغِ طور جو عارض کو اُنکے لکھا ہی
برنگ شمع ہی خجلت سے آب آب قلم

چلے جو سر سے رہ وصفِ زہرہ مولا مین — قدم قدم پہ کرے سجدۂ ثواب قلم
جہان کہ ثبت کرے نام اُنکے دشمن کا — ضرور ہی کہ لکھے آیۂ عذاب قلم
عدو ہی چند عبث اُسکا نام لکھتا ہی — کرے نہ بیت کو بیفائدہ خراب قلم
کدورتِ دلِ دشمن کا آگیا جو مقام — خطِ غبار مین لکھنے لگا کتاب قلم
جو اُنکے دوست ہین البتہ اُنکے وصف لکھے — کہ پاے راست روی سے خطِ ثواب قلم
قدم کو ہو جو رہِ وصفِ شاہ مین لغزش — زبان سے کیون نہ کہے یا ابوتراب قلم
نہ ایک مدح بھی اُس سے ہو سکے تحریر — اگر کرور ورق کی لکھے کتاب قلم
مگر غرض نہین اِس سے غرض ہی لکھنے سے — کسیطرح سے تو ہو داخلِ ثواب قلم
لکھے بطرزِ مخاطب بھی شعر کچھ روشن — بناے دائرون کو بُرجِ آفتاب قلم
ثمھارے وصف نہین لکھ رہا ہی کاغذ پر — ثناے ختمِ رُسل وصفِ بوتراب قلم
خدا کے بعد تمھارا ہی نام لکھتا ہی — ہمیشہ فخر سمجھکر سرِ کتاب قلم
سُنے جو تُمسے کبھی حالِ بے ثباتی کا — فلک کو کچھ نہ لکھے پھر بجز حباب قلم
شمیمِ خلق سے ایسی زمین معطر ہی — کیا ہی کاہ تراشون نے بھی گلاب قلم
جو غنچہ بڑھکے ذرا دستِ فیض سے بولے — زبان مُنھ مین ہوا سکے دمِ جواب قلم
ملازمون کو جو تقسیم کیجیے تنخواہ — تو لکھ دے نقدِ دو عالم علے الحساب قلم
یہ عہدِ پاک مین رسمِ جفا ہوئی موقوف — تراشتے نہین اب کاتبِ کتاب قلم
جو صبح رُخ کا لکھے حال یہ چمک جاے — دکھاے شام مین تنویرِ آفتاب قلم
شبِ برات جو دنیا کی سیر ہو منظور — بھنور ہو بحر مین چرخی ہر اک حباب قلم
ثمھارے عہد مین رندون کی آنکھ مین ہی ذلیل — رباب چنگ صراحی قدح شراب قلم
کرین ہزار خوشامد عدو کے طالع پیر — کسیطرح نہ لکھے نسخۂ خضاب قلم
ثمھارے نامۂ معجز طراز کو پڑھکر — ق اُٹھاے یہ بھی عطارد پے جواب قلم
پڑے یہ رُعب کے باعث سے ہاتھ مین عرشہ — ہزار بار گرے وقتِ اضطراب قلم
پہونچ کے بحر مین تیغِ غضب یہ کہتی ہی — کہ دستِ موج کرون بُرسرِ حباب قلم

لکھے جو حال شجاعت کا خون بلبل سے
سنے کلید درِ قلعۂ گلاب قلم

سنان نیزۂ والا کے وصف کر کے رقم
بنا ہی نیزۂ بہرام کا جواب قلم

لکھے جو گرمیِ توسن تو ہو یہ شعلہ زبان
فلک کی توپ کو دے اڑ کے ماہتاب قلم

شہا مین وصف تمہارے لکھون تو کیا لکھون
نہ انتخاب ہی کاغذ نہ انتخاب قلم

مگر نہین مجھے اس بات کی بھی کچھ پروا
نہ دستیاب ہو کاغذ نہ دستیاب قلم

بیاض چشم پہ لکھون جو ہو چکے کاغذ
قلم مژہ کو بناؤن جو دے جواب قلم

جو نیند بھی کبھی آتی ہی دیکھتا ہون یہی
کسی نے لاکے دیے ہین میان خواب قلم

یہ موج آگئی ہی دل کو وصف لکھنے کی
روان ہی آٹھ پہر مثلِ موجِ آب قلم

ہمیشہ میکدۂ وصف مین ہون گرم سخن
دوات جام تو ہی شیشۂ شراب قلم

جو خوف فکر کی گرمی سے ہو تو اتنا ہی
کبھی نہ طائر مضمون کرے کباب قلم

ثنائے شاہ کا شمہ بھی لکھ سکے نہ اگر
ہزار باب مین لکھے ہزار باب قلم

مقام ختم ہی طولِ سخن نہین زیبا
عروسِ فکر کو دکھلا چکا شباب قلم

کمال شوق قدمبوس ہی مجھے یا شاہ
جھکا ہون پاؤن پہ جیسے سرِ کتاب قلم

یہ اعتقاد ہی سمجھون ہوا قصور سے پاک
جو ہاتھ صورتِ اسود کرین جناب قلم

زبان کھول کہ موقع دعا کا آیا ہی
دعائین تیری ہین اسوقت مستجاب قلم

زیادہ روز ہو جب تک کہ اہل علم کا علم
کرے جہان مین جب تک رقم کتاب قلم

عزیز دوست ہون مولا کے دین و دنیا مین
سرِ ملاعنۂ خانمان خراب قلم

اسی طرح کے قصیدے ہمیشہ لکھتا ہی
اسیر لوٹ رہا ہی بڑے ثواب قلم

در منقبت امام ششم حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام

بہار مین ہی بہارِ سجودِ ربِّ انام
صفِ جماعتِ گل کا ہوا شگوفہ امام

فروغ چہرۂ گل شور نالۂ بلبل
کہان کہان نہ گیا مثل شہرۂ اسلام

دہانِ غنچہ ہی حمدِ الٰہ مین گویا
زبانِ برگ پہ ہی ذکرِ خالقِ علام

جھکی جو شاخ ہوا سے کیا رکوع ادا
سر ثمر نے زمین پر کیا سجود تمام

نہین ہی سرو پہ قمری چڑھا ہے بہر اذان
سر منارۂ مسجد مؤذن اسلام

پیام سبزہ صبا نے دیا درختون کو
سلام حور کا آیا گلون کو نام بنام

جو داغ لالہ ہین شام شب برات کا رنگ
تو یاسمین سے نمودار صبح عید صیام

بڑھا یہ شوق تماشائے قدرت صانع
کہ ہو گیا ہمہ تن چشم شجرۂ بادام

عصا کو تھام کے نرگس کھڑی ہوئی سر راہ
بچھا رہی ہے صبا مسند زمرد فام

ہوا وہ روح فزا جسکے اشتیاق مین ہین
مسیح چرخ پہ مثل مریض بے آرام

ہر ایک شاخ مین یون پھول ہین سپید سپید
مقام منزل افلاک جسطرح اجرام

جو رنگ چہرۂ سوسن شریک اسمین نہو
فروغ دیدۂ انجم کو دے وہ سرمۂ شام

نہان سبزہ ہی یون وصف ابر مین گویا
کہ منحصر ہی تمہ فیض پر بلند ہی نام

یہ فیض نشو سے ہی سر و باغ سر بفلک
کہ ایک شاخ اسی کی ہی نیزۂ بہرام

خوشی کرے درگلشن پہ دور باش کا فصل
دکھائے شکل اگر دور سے غم ایام

چمن مین آکے نمازی بھی مہر پست ہوئے
لیے ہین ہاتھ مین طرف وضو کے بدلے جام

ہر ایک چیز یہان روزون چرب و شیرین ہی
کہ استخوان مین ہما کو ہی لذت بادام

کبھی جو غنچہ چٹکتا ہی آتی ہی یہ صدا
رہا ثبوت دہن مین نہ گل رخون کے کلام

ہجوم لالہ و گل سے چمن تماشا ہی
چلی ہی خلق پی سیر سوے باغ تمام

چمن مین آئیگا یارب یہ کون صاحب شرع
کہ رنگ چہرۂ گل مین ہی رونق اسلام

روش روش پہ پی نذر زر بکف گل تر
قطار باندھے کھڑے ہین درخت بہر سلام

لباس یوسف گل سے ہی بوے خوش ظاہر
کہ جیسی نکہت خلق امام عرش مقام

امام جن و بشر پیشوا سے کون و مکان
جناب جعفر صادق علیہ الف سلام

دفینۂ زر اسرار اولیاے کبار
خزانۂ دُر اعجاز انبیاے کرام

زبان پاک سے انکی جو کچھ نکلتا ہی
وہی ہی قول پیمبر وہی خدا کا کلام

سکون ہو یا حرکت خامشی کہ گویائی
خدا کی یاد مین مصروف صبح سے تا شام

وہ نام پاک کہ جسدم مجھل گیا منھ سے
زبان کو ذایقہ حاصل ہوا تو کام کو کام

پہونچ کے عرش پہ واقف وہ راز حق سے ہوئے
کلیمؑ نے جو کیئے طور پر خدا سے کلام

بہار سبزۂ خط رشک سبزۂ نوروز
صباحت رخ پُرنور صبح عید صیام

قدوم پاک کا رہتا ہی منتظر کعبہ
پکارتا ہی اُسی کو منادی اسلام

بڑھا ہی شوق اسے کس کی شہسواری کا
ہمیشہ نعل در آتش ہی ابلق ایام

خوشا وہ خطبہ کہ جسمین ہو ذکر حضرت کا
خوشا نگین کہ کھدے جس پہ نام پاک امام

مہ سمار شرف مہر برج عز و وقار
چراغ بزم ہدیٰ شمع محفل اسلام

وہ قصر قدر ہی عالی کہ بام تک جسکے
نہ کرسکین کبھی پرواز طائر اوہام

کہون مین عین خدا آپ کو مگر ہو یہ خوف
ق کہین نہ مثل نصیری ہون مورد الزام

مگر جواب ہی اسکا کہ ہین جو معنی عین
وہ چشمۂ کرم و فضل خالق علام

جو آپ کہتے ہین ہوتا ہی لوح پر وہ رقم
ازل سے کاتب قسمت ہی تابع احکام

ہوئے تھے آپ نہ جبتک جہان مین پیدا
صف جماعت اسلام تھی بغیر امام

تمھاری راستی طبع سب کو ہی مرغوب
بسان سرو قد گلرخان سیم اندام

شراب دونون جہان مین خدا نے کی پیدا
یہان ہی دوست پہ لیکن وہان عدو پہ حرام

عجیب کوچہ ہی حضرت کی رائے روشن کا
جہان ہی کاسہ بکف مہر صبح سے تا شام

فلک عدو پہ تمھارے جو مہربان بھی ہوا
دم خمار دیا اُسکو آب زہر کا جام

جہان مقیم ہین قدسی وہان ہو آپ کا ذکر
جبین عرش پہ مرقوم ہی حضور کا نام

تمھارے جسم پہ ہی قطع رخت زہد و ورع
رضا و صبر کا ہی ذات پاک پہ اتمام

جو آئے وقت تلفظ خیال جرات کا
عجب نہین ہی جو معنی ہون تیغ لفظ نیام

زبان پہ مطلع ثانی بھی آگیا ہی اسیر
کہے قلم کی زبان جسکو تاج فرق کلام

مطلع ثانی

دے ہے جناب معلے امام ابن امام علیہ الصلوٰۃ والسلام

خمیر مایۂ عالم ہو جب سے حفظِ امام
تنور چرخ مین رہتی ہو نانِ حادثہ خام

وہ آستانۂ عالی ہو واجب التعظیم
جہان ہو کعبہ نشینون کو ذوقِ استلام

دہان آپ کی وہ ہو جو ہو زبان نبی ؐ
کلام آپ کا وہ ہو جو ہو خدا کا کلام

شجاعت آپ کی ممدوحِ احمدِ مرسل
عبادت آپ کی موصوفِ خالقِ علام

وہ قدر است خمیدہ ہوا رکوع مین جب
دکھائی صورتِ محراب کعبۂ اسلام

ثبوت ہستیِ حق پر وہی گواہ ہون دو
اٹھائے ہاتھ جو تکبیر مین وہ وقت قیام

کہا یہ سب نے کہ رکھا ہو رحل پر قرآن
جو سجدہ گاہ پہ دیکھا سرِ امام انام

نماز کہتی ہو ایسی کہین نماز نہین
یہ صوم صوم ہو کرتا ہو خود یہ صوم کلام

ادا کیا شہِ دین نے زکات و خمس کا حق
ہوئے مناسکِ حج و جہاد اُنسے تمام

وہی ہین قول پیمبر جو قول ہین اُنکے
وہی ہین حکم الٰہی جو اُنکے ہین احکام

انھین کو خوب قیامت کا حال ہو معلوم
کہ حق نے اُنکو کیا ہو شفیع یوم قیام

حیات نامۂ محب کے لیئے خطِ حضرت
عدو کو نامۂ نامی ہو موت کا پیغام

یہان سے مدح بطرزِ خطاب لازم ہو
کہ مین حضور مین ہون سامنے امامِ انام

جو آپ دین کبھی ادنےٰ کو رتبۂ اعلےٰ
بنائے ذرّے کو خورشید گردشِ ایام

قدم حضور کے ہون جس مکان مین جلوہ فرما ق
خدا کے نور سے معمور وہ مکان ہو تمام

فروغ ہو یدِ بیضا کا چشم روزن مین
لبِ مسیح کا دکھلائے معجزہ لبِ بام

ہر ایک پھول کا دامن ہو زر سے مالا مال
یہ فیض گلشنِ ایجاد مین ہو آپ کا عام

چمن مین آپ کی شاید ہو منتظر نرگس
سپید آنکھین جو ہین صورتِ گلِ بادام

لباس نرم سے نفرت رہی جو حضرت کو
اسی سے مرد کو ہو پوشش حریر حرام

سمندِ طبع کو تمنے دیا تھا جو کاوہ
وہی ہو شہر پناہ مدینۂ اسلام

جو جہان مین یہ وحدت سے رنگِ یکرنگی
کہ کھولتا نہین قصّاد فصد ہفت اندام

جو راحت آپ کو راتون کے جاگنے مین ہو
نہین وہ خواب مین اصحاب کہف کو آرام

قدم زمین پہ جو رکھو تو وہ ہو تاثیر
غبار دے ابھی خوشبوے مشک و عنبر خام

اڑے جو گرد سواری ہوا پہ ہو وہ شمیم — مشام چرخ معطر کرین زمین کے مسام
ہوا بندھی ہو حفاظت کی ایسی صحرا مین — غزال و شیر ہین اب ایک جا مقام مقام
شکار گور کو جب دوڑنے کا قصد کرے — شکار گور ہو ہنگام جست خود بہرام
جو تیغ قہر کی لے آب نشتر فصاد — بھرے لہو سے فلک مثل شیشۂ حجام
یہان تلک تو تمھارا ہی تابع فرمان — فلک دکھائے ستارے کہو جو صبح کو شام
تمھین پہ قطع ہوا جامۂ مسیحائی — ق — صبا سنائے اگر گوش گل کو آپ کا نام
ہر ایک دانے مین پڑ جائے جان مثل جنین — بنین انار چمن مین مثیمۂ آرحام
مآل کار نہ اصلا ترے عدو پہ کھلے — ق — ہزار طرح کے دل مین کیا کرے اوہام
فروغ پائے نہ اسباب ظلم سے ظالم — چراغ خانۂ صیاد کب ہو دیدۂ دام
زمین تو دائرۂ حکم سے کہان باہر — ق — کرین جو موج ہوا کو بھی آپ منع خرام
چلے ہزار مگر ایک ہی جگہ پہ رہے — برنگ سرعت نبض مریض بے آرام
ذرا بھی مدح تمھاری اگر کوئی لکھے — ق — یقین ہو صفحۂ کاغذ ہو جامۂ احرام
ہر ایک مد تو ہو محراب کعبۂ ایمان — ہر ایک دائرہ قندیل کعبۂ اسلام
تن حسود مین یون قیدیٔ عذاب ہو روح — لباس تنگ مین ایذا مین جسطرح اندام
کیا ہو ہاتھ عنایت کا آپ نے جو دراز — ق — نزاع شبنم و خورشید ہوگئی ہو تمام
سحر کی طرح گریبان شب کو چاک کرے — جو طفل نجم ڈرین دیکھکر سیاہی شام
ہو جزو لاتجزا کی سو طرح تقسیم — تمھاری تیغ ہو جس رزمگاہ مین قسام
لکھا جو آپ کی جرأت کا وصف کاتب نے — قلم کی نوک ہوئی رمح سنرۂ بہرام
تمھارے سامنے آیا عدو جو بہر نبرد — زرہ بدن پہ ہوئی اسکی مرغ روح کو دام
حسود جلتے ہین خود آپکے مثل پروانہ — چراغ محفل دین ہو وہ آپ کی صمصام
خبر ضرور ہی مولا غلام آپ کا ہو — اسیر پنجۂ ظلم لیالی و ایام
ہمیشہ بسکہ ہو اندوہ و رنج سے پامال — نہ چین دن کو میسر نہ رات کو آرام
یقین ہو کہ یہان جام عمر ہو لبریز — ہمارے دستۂ خالی کو بخت نافرجام

جو دستگیر ہو تم سا قدم کو کیا لغزش | ہزار راہ ہو باریک مثلِ رشتۂ خام
دلا در ازی گفتار اب ضرور نہین | بلند دست دعا کر کہ ہی دعا کا مقام
تھکے نہ سیر سے جبتک کہ فیلسوف فلک | پھرے زمین پہ جب تک کہ ابلقِ ایام
سرِ محب ہو سرِ نیم کی طرح سے بلند | خمیدہ پشت عدو ہے لئیم صورتِ لام

در منقبت امام ہفتم حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام

گذر کے روز جو اکدن ہوئی شبِ دیجور | مزاج مشک سے بدلی طبیعتِ کافور
قریب کاہکشان جلوہ گر ہوئے انجم | درخت تاک مین جسطرح خوشۂ انگور
شکست دی شہِ خاور کو فوجِ انجم نے | خطاب شاہِ قمر کو ملا ابو المنصور
سپید ریشِ فلک مین جو کچھ تھے موئے شعاع | سیہ ہوئے صفتِ موئے چینیِ مغفور
پڑا جہان پہ یہ پردہ سیاہیِ شب کا | کہ اپنے شہد سے مایوس ہو گئی زنبور
تلاش کرنے لگے بادہ خوار کشتیِ مے | کہ چاندنی ہوئی طوفان قمر دہانِ تنور
عجیب رات کہ روشن شبِ برات کی طرح | در از عطر فشانی مین جیسے گیسوے حور
سیاہ دیدۂ ظاہر مین مثلِ مردمِ چشم | کھلے جو پردۂ معنی تمام ہالۂ نور
ستارگانِ درخشندہ زیبِ چرخ ہوئے | فیوضِ خالقِ عالم کی طرح نامحصور
مین ایسی رات کو فکرِ سخن مین سرگردان | مسافرون کی طرح رہ نوردِ منزلِ دور
دماغ پردۂ فانوس جام سر قندیل | چراغ روشنیِ طبع شمعِ شمعِ شعور
کبھی شگفتہ بسانِ مزاجِ مستِ شراب | کبھی فسردہ برنگِ طبیعتِ مخمور
کبھی دماغ تفِ فکرِ شعر سے خالی | مے سخن سے کبھی ساغرِ دہن معمور
عروجِ نشہ سے مستِ جام کیفیت | دوات و کلک خم و شیشۂ مے انگور
وفورِ شوق کبھی انتشارِ فکر کبھی | نزولِ عجز کسی دم کبھی عروجِ غرور
نئی زبان پہ افسانہ ہاے قلمون | کوئی قیاس سے نزدیک کوئی عقل سے دور
جھکا کے سر سرِ زانو جو ہو گیا غافل | کیا تلاش مضامین سے خواب نے معذور

غنودگی مین ہوئی فوت صحتِ مضمون
کہان علاجِ مرض جب مسیح ہو رنجور

عجیب راہ چلا مجکو لیکے رہبرِ شوق
کہ دم مین قطع ہوئی شاہراہِ منزلِ دور

قریب پردۂ ظلمات لیگئی غفلت
جہان تلاشِ سکندر کی سعی نامشکور

قدم قدم کو نہ ثابت ہوا سوائے صدا
نہ مجکو سایے نے دیکھا نہ مین نے سایۂ نور

نظر پڑا مجھے وان ایک چشمۂ روشن
شراب نور سے خورشید کیطرح معمور

ضیاے چشمۂ کوثر صفاے دامنِ موج
حیات آب کہ پیالہ شرابِ طہور

ہر ایک کاسۂ گرداب مین مئے عرفان
زبانِ موج گہر ریز نغمۂ منصور

وہ چشمہ دیکھکے ظلمت مین صاف یاد آئی
بیاض روے قمر طلعتِ شب دیجور

نگاہ صرفِ تماشاے خیال رنگا رنگ
کہ اس سواد مین یہ قدرتِ خدا کا ظہور

بڑھی نگاہ جو اُس جا سے دیکھتا ہون مین کیا
کہ سبز پوش ہی ایک پیر جمین عالم نور

عصا بدست بدن پر لباسِ نورانی
زبان پہ ذکر یہ جاری کہ یا رحیم و غفور

لباس سبز پہ تو ہنسی مین دانتون کا
مگر تھا لوحِ زمرد پہ سبحۂ بلّور

ادب سے دست ادب باندھکر گیا مین پیش
کہ گوشِ ہوش ہین مشتاقِ استماعِ سخن

زبانِ عجز بیان سے یہی کیا مذکور
کمال بندہ نوازی ہی کچھ کہین جو حضور

خرد پکاری کہ اے بے ادب خموش خموش
نہین یہ خضر علیہ السلام کا دستور

یہ ماجرا تھا کہ ناگاہ کھل گئی مری آنکھ
کہان وہ پردۂ ظلمت کہان وہ چشمۂ نور

ہجوم حیرتِ دل نے کیا سراسیمہ
کمالِ غم کہ ہوا روے مدعا مستور

ہوئی یہ فکر کہ تعبیر پوچھے اُس سے
زبان پہ جسکی ہون سب دفترین و شہور

کہ اسمین غیب سے آئی ندا کہ اے نادان
کدھر خیال ہی تعبیر کیا تجھے ہی ضرور

ترے حروف سیہ مین وہ پردۂ ظلمات
ترے معانی پُر نور مین وہ چشمۂ نور

جسے کہ خضر علیہ السلام سمجھا ہی
ترا امام ہی وہ دستگیر یوم نشور

جناب موسیٰ کاظم دلیلِ راہِ ہدیٰ
فروغ چہرۂ جسکا ضیاے شعلۂ طور

مطلع

مطلع ثانی

امام صامت و ناطق شفیعِ یوم نشور
قسیم نار و جنان ساقیِ شرابِ طہور

فلک کو فیض نہ پہونچے جو اسے عالی سے
نہ آفتاب ہو پیدا نہ ماہ کا ہو ظہور

مسیح چرخ پہ اور وہ زمین پہ ہین تو کیا
مکان مین صاحبِ خانہ ہے بام پر مزدور

فلک پہ قُمب سے لرزان ہے اسطرح خورشید
ہوا سے موسمِ سرما مین جسطرح تنِ عور

پکارنے کی فقط دیر ہے دمِ مشکل
قریب آپ ہین نزدیک راہ ہو یا دور

رہا ہو قید سے قیدی کرے جو یاد انھین
مرض سے ہو ابھی صحت جو نام لے رنجور

جواب آپ کا کوئی نہین زمانے مین
نبیؐ کے آگے کہون بلکہ مین خدا کے حضور

ہوئے جو بدعتِ شیطان سے نا شی آدم
ق کہا حضور تامل نہین قیامت دور

ہوئے وہ طالبِ تعجیل تو یہ فرمایا
امام مہدی ہادی کا ہے قریب ظہور

کیا جو قصد فلک کا تو جبرئیلؑ امین
ق نقیب بنکے چلے ہمرہ رکاب حضور

ادب سے بہر سلام اٹھ کھڑے ہوئے عیسےٰ
بچھائی مہر نے برجِ قمر مین چادر نور

دعا جو شاہ نے کی دفعۃً ہوئی مقبول
کہا ہوا آپ کے اللہ نے کیا منظور

نظر سے آپ کی پوشیدہ حالِ عرش نہین
قریب ہے قدر انداز کو نشانہ دور

عجیب بیت ہے بیتِ ثنائے شاہِ زمن
جہان ہے دولتِ کونین اجرتِ مزدور

رقم کرون نئے مضمون تراش کر خامہ
قلم جو ہو تو زیادہ ہو بار در انگور

بھرا ہے بسکہ سعادت سے صحن روضۂ پاک
ہما ہو خاک پہ لوٹے اگر وہان عصفور

ذرا جو اسمین ہو شامل صباحتِ تنِ پاک
ابھی تو مشک ہو نافِ غزال مین کافور

کیا ہے سخت دلون کو جو رعبِ شاہ نے نرم
نہو پہاڑ کی ٹکر سے شیشہ چکنا چور

عرق فشان ہو چمن مین اگر جبینِ غضب
سگوفہ شاخ سے نکلے تو صورتِ زنبور

اگر جہان سے وہ رفعِ منازعت کر دین
ق بجھائے شمع سحر کو نسیم کیا مقدور

ذرا اگر پرِ پروانہ کو لگے کبھی داغ
بنائے آنسوؤن سے شمع مرہم کافور

جو آب تیغ سے حضرت بجھائین آتش کو ق رہے جہان مین نہ آتش پرست کافر کو
پروین سے شمع کو پروانہ خود کرے خاموش دھوئین کی طرح سے بھاگے سمندر آگ سے دور
نسیم عدل اگر جائے جانب گلشن ق تو اعتدال مین آب و ہوا کی ہو نہ فتور
نجس ہو پیرہن گل جو خون بلبل سے کھنچے وہ شاخ کی سولی پہ صورت منصور
جہان مین وہ جو کرین رسم اتحاد کو عام ق ذرا جو شام و سحر مین ہو فرق کیا مقدور
دن آئے رات کے گھر جیسے مہ مین الشمس رہے نزاع نہ باقی میان سایہ و نور
غذا نہ تھی کوئی حضرت کی نان جو کے سوا ق تمام عمر رہے لذت جہان سے نفور
کبھی نہ چھان کے کھایا سبوس گندم بھی ہزار سینہ غربال مین پڑے ناسور

مطلع ثالث

زمین روضۂ اقدس ہو کیون نہ ہمسر طور کہ ذرے ذرے سے ہی قدرت خدا کا ظہور
کسی سے پرسش اعمال بعد مرگ نہین فشار قبر سے امین وہان ہین اہل قبور
لحد مین چین سے سوئین جو آپ کے ہین محب کہ فرش سبزۂ جنت ہی تکیہ زانوے حور
جرید تین سے پاتے ہین مغفرت کے ثمر جواب نامہ ہی انکو نجات کا منشور
مقابلے پہ ین ناحق تنے ہوئے اغیار نہین ہی غیب کا عالم کوئی سوائے حضور
دہان پاک پہ توریت ہو کہ قرآن ہو تمام حفظ ہی انجیل اسمین ہو کہ زبور
ہوئے جو پیرو اعدا حصول ہی انھین خاک کبھی نہ سیر ہو مہمان مرد بیمقدور
گدائی در دولت ہی فخر شاہون کو لیے ہی کاسۂ دریوزہ ہاتھ مین فغفور
شراب خون ہوئی لبکہ خون مولا سے بنے ہین تاک مین انگور زخم کے انگور
جو حال آپ کا ہی سب جہان پہ روشن ہی گہر نہان نہین رہتے میان درج بلور
حسد سے فائدہ ہوگا کبھی نہ حاسد کو عبث مخالف موسیٰ ہی بلعم باعور
وہ سر وہی ہی دشمن کہ ہو اگر وہ قتل تو ابر تیغ سے برسے بجاے خون کافور
کرے جو دفع خمار احتساب مولا کا رہے نہ نرگس جادوے مہوشان مخمور

بغیر ضرب حرارت سے جلگئے اعدا
سنان نیزہ ہوئے آفتاب یوم نشور

زبانِ تیغ بھی ایسی ہی صاحب تاثیر
ہوا قریب بایمان کہا جو کفر سے دور

عجیب تیغ جو کھنچکر نیام سے چمکی ق
بسان مہر پہونچ جاے غرب و شرق مین نور

پڑے بدن پہ تو مثلِ مزاج سرد کرے
بجا ہی کہیے اگر موج چشمۂ کافور

فرار کرتی ہین یون اُسکے عکس سے روحین
کہ جیسے دیکھ کے صیاد کو چمن مین طیور

عدو کے قتل سے ہو کیون نہ اُسکی آرایش
حنائے پنجۂ شاہین ہی خونِ ہر عصفور

سوار دیکھ کے توسن پہ اُسکو کہتی ہی خلق
مسیح اوجِ فلک پر کلیم ہین سرِ طور

فلک پہ عقل منجم سے پیشتر پہونچی
کہین نگاہ سے پہلے وہ طی کرے رہ دور

مجالِ برق کی کیا ہی جو گرد کو پہونچے
نسیم دامنِ زین چھو سکے یہ کیا مقدور

فلک پہ ماہ ہی وہ بحرِ آب مین کشتی
زمین پہ پاے نظر ہی ہوا پہ بالِ طیور

غرض محال ہین یا شاہ آپ کے اوصاف
کہ ہین صفاتِ خدا کی طرح سے نامحصور

سُنین جو گوش توجہ سے آپ یا مولا
کچھ اس مقام پہ اپنا بھی مین کرون مذکور

امیدِ زیست نہین شام تیرہ بختی مین
قریب مرگ ہون مثلِ چراغِ بیمقدور

دراز قصہ مرا صورتِ شبِ بیمار
شکستہ قلب حزین مثلِ خاطرِ رنجور

ہوس نظارۂ خورشید کی جو کرتا ہون
فلک سے آتی ہی آواز لَن ترانی طور

شراب عیش ملی بھی تو پی سکون کیونکر
سفال مجکو میسر نہ چینیٔ فغفور

ہُما تو صورتِ عنقا نظر نہین آتا
ہجوم زاغ و زغن سے ہی گھر مرا معمور

گھڑی جو مجھ پہ گذرتی ہی اک قیامت ہی
غلط سُنا ہی یہ مین نے کہ ہی قیامت دور

سلائی نیل کی آنکھون مین پھیرے سرمست
جو سرمہ مانگنے موسیٰ سے جاؤن مین سرِ طور

بدون کی نیش زنی سے یہ تنگ آیا ہون
رہون خوشی سے جگہ دے جو خانۂ زنبور

سپہر وعدہ جو کرتا ہی کام بخشی کا
تمام مکر ہی وہ حیلہ گر سراسر زور

دنی کا بخل ہی مُردے سے بھی وہی باقی
کفن کے واسطے دنیا نہین کبھی کافور

غرض سپہر سے کیا مجکو آپ سے ہی غرض
جو تمکو مدنظر وہ خدا کو ہی منظور

کہیں جو آپ بجا لائے یہ بھی آنکھوں سے — چُرائیں آنکھیں جو خورشید و ماہ کیا مقدور
شہا خدا کے لیئے آپ کا ہوں میں مدّاح — رہائی دیجیے اب غم سے بہر ربِّ غفور
عجب نہیں ہے جو یوسفؑ سے بھی سوا ہوں عزیز — سگِ حضور ہوں میں اور وہ برادر دور
ہمارا ہاتھ اُٹھا آپ نے کہی آمین — دعا قبول ہوئی اِنَّ سعیکم مشکور
یہ آسمان و زمین جب تلک رہیں قائم — رہیں یہ ماہ یہ خورشید جب تک پُرنور
سپید روئے محبّ مثلِ ماہِ رخشندہ — سیاہ قلبِ عدو صورتِ شبِ دیجور

در منقبت امام ہفتم حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السّلام

جانتا ہوں خوب حالِ سیرِ ماہ و مشتری — حُقّہ بازی کیا کریگا مجھسے چرخِ چنبری
کب ہے اِس پردے میں کوئی شکل مخفی جز شکل قرنب — گربہ مسکین اسد ہے ثور کا وِسامری
منزلوں میں تھے کنوئیں جتنے سب اندھے ہو گئے — دلو نے کھینچی ہے جرمِ خاک سے ایسی تری
بُرجِ جوزا ہے کہ دو پھل کی کٹاری زہردار — دستِ ترکِ چرخ سے ممکن ہو کیونکر جانبری
سنبلہ سے شیشۂ فانوسِ عالم کیا بچیں — سنگ برساتا ہے یہ بَن بَن کے ابرِ آذری
نیش زن عقرب نے کھینچا ہے شکنجے میں جہان — رشتۂ جانِ تارتن کے ہیں بدن میں جنتری
سبزۂ کشتِ حیاتِ خلق چر جاتا ہے روز — جَدی کو مدِّ نظر ہے اِسقدر تن پروری
کیا برستے ہیں برابر ناوکِ بیدادِ قوس — چل نہیں سکتی کمانداروں کی کچھ زور آوری
گھر کیئے دھوکے دھڑی میں کتنے میزان نے تباہ — گو بظاہر ہے ترازوئے عدالت گستری
گرم ہو کر پوست کھینچے ابر کا بیشک حمل — ایک اگر شاخِ نہالِ خشک ہو جائے ہری
کتنے یونس کر لیئے ہیں قید اسنے بطن میں — ہے عیاں دریا دلوں پر حوت کی بدگوہری
کیا بدلکر خلق کو خرچنگ دکھلاتا ہے رنگ — رجعت اس حربا کو بھی آتی ہے کیسی قہقری
دفترِ افلاک ہو یا دفترِ اجرام ہو — پڑ چکی ہے سب پہ میری اک نگاہِ سرسری
غارتِ آفاق پر ہے یون کواکب کی نظر — لوٹتے ہیں مُلک بعدِ فتح جیسے لشکری
ہے عطارد منشیِ گردوں مگر ناوک فگن — نوک خامے کی ہے پیکانِ نائے ناوک ہے سری

بنکے بیٹھا ہی عبث برجیس قاضیِ فلک
دیو کو زیبا سلیمانؑ کی نہین انگشتری

دہر کو مریخ نے گنج شہیدان کر دیا
پھینک دیتا کاش یہ خنجر بجا ناخنجری

چیر کر سینون کو کتنے ہی کلیجے کھا گئی
بڑھ کے ڈاین سے ہی زہرہ کی کہین افسونگری

کیون نہ پھیلائے سیاہی نحس اکبر ہی زحل
کر دیا اندھیر اس ہندو کی دیکھو کافری

ہر سحر نیزے لگاتا ہی کرن کے آفتاب
خود نخوت یا سرِ سرکش پہ ہی تاجِ زری

ماہ نے کیا کیا دیے ہین سب کو بیرحمی سے داغ
ق پر سزا بھی وہ ملی مشکل ہی جس سے جانبری

یہ ورم مین مبتلا آزار سوکھے کا آسے
فربہی ہو بدر کی یا ماہِ نو کی لاغری

دیکھکر یہ حال دل سینے مین ہی پابندِ غم
مرغ بے پر کو قفس سے کم نہین ہی بے پری

ایک واژون ہی تو انمین ٹکڑے ٹکڑے دوسرا
ساغرِ جمشیدی و آئینۂ اسکندری

ہین پریشان ہوش تفریقِ عناصر ہی قریب
ہی پی تقسیم لازم گنجفے کی ابتری

داغ اُٹھاؤ خاک چھانو دہر مین ڈھونڈھو ہزار
اڑ گئی ہی زر کی بوٹی کیمیا ہی نوکری

اسقدر بیتاب فرطِ جوع سے ہین فاقہ کش
لوٹ لین درگاہ مین لائے جو کوئی حاضری

جب کسی ظلمتکدے مین نورِ مہر آنے لگے
درمیان مین آکے بادل ہو سدِ اسکندری

اکدرے سے ہو گئی بارہ دری جس جا بنا
اکدرہ پھر ہو گئی کھد کر وہی بارہ دری

جسکو فی الجملہ بھی ہی مقدور اُسکا ہی یہ حال
برمین ملبوس تکبر سر پہ خودِ خودسری

اپنے آبا سے بھی بڑھ جاتے ہین اکثر ناخلف
موج کو اٹھکر ہو دریا سے خیالِ ہمسری

جو کہین نوکر بھی ہین اُنکو بسانِ گرد باد
رکھتی ہی چکر مین صبح و شام اُنکی نوکری

پر مجھے پروا نہین دیکھے ہین لاکھون انقلاب
اشرفی جو ہی وہ میرے امتحان کی ہی کھری

دیکھے ہین جلسے ہزارون مین نے لاکھون صحبتین
خار خارِ باطنی و اختلاطِ ظاہری

بادہ خوارون مین رہا ہون زاہدون مین کی بسر
کر چکا ہون خوب سیر و گشتِ خشکی و تری

یہ رہی صحبت قلندر مشربون سے سالہا
آج تک کانون مین ہی آوازِ زنگِ حیدری

چرخ ظالم کچھ نہین سنتا ہی کرتا ہی ستم
قید ہی یون روح تن مین جیسے شیشے مین پری

کسطرح سے ہو رسائی نالۂ مظلوم کو
ہی در گوشِ فلک پر قفل آزار کری

ہی یہی ظلم فلک تو ہونگا اک دن نالشی
پیش صدر آرائے انصاف وعدالت گستری

موسی کاظمؑ امام انس وجان شاہ زمن
آفتاب غرو تمکین آسمان سروری

رہنمائے سالکان منزل صدق وصفا
ناخدائے کشتی دریائے عالم پروری

گوہر شہوار بحر بیکنار قدر وجاہ
لعل زمانی تاج فرق عالی گوہری

کب تکلف کے ہین خواہان آپ کے محفل نشین
ہی وہان تقویم پارینہ بساط عبقری

جلوہ گاہ طور ہی رتبے مین مسند آپ کی
طور کی چوٹی سے زیبا ہی چنور کوہمری

بزم نورانی مین ہین شمس وقمر دو میر فرش
چادر مہ فرش روز وشب کی شطرنجی دری

عرش پہونچے کرسی در تک یہ ہی مرام محال
ہو کے اونچا پائے کب گنبد فلک کی برتری

ہی یقین کرتا عطا اللہ انکو یہ شرف
بعد پیغمبرؐ جو رہتی دہر مین پیغمبری

بعض وصف اپنے کیئے اللہ نے انکو عطا
بیمثالی دستگیری شان عالم پروری

دل مین شیطان کے اگر آجاے کچھ حضرت کی حب
ہو بری عصیان سے جیسے ہو تو ابون سے بری

موجد ہر علم وصنعت ہر لغت نوک زبان
فارسی تازی زبان ہند عبرانی دری

حاکم آب وہوا و خاک وباد وتحت وفوق
بادشاہ شش جہت سلطان خشکی وتری

مثل قرآن ماہر توریت وانجیل وزبور
نائب احمد طرز مسند پیغمبری

آیۂ تطہیر انکی شان مین نازل ہوا
پاک ہین لوث جہان سے سہو ونسیان سے بری

مالک اس کشور کے ہین جسمین ہین قدسی لشکری
صاحب اس لشکر کے ہین جسمین ہین قدسی لشکری

کوثر وتسنیم ہین دونون اسی کی ایک موج
بنگئی جو ابر رحمت آنکھ مین آکر تری

طوبی وسدرہ اسی کے سایہ مین سرسبز ہین
معجزے سے کی جو شاخ خشک حضرت نے ہری

ہی دم رفتار اسکا نقش پاؤ خاک پا
غالیہ رخسار حور اشانۂ زلف پری

حق اگر پوچھو قلم نے لوح پر لکھا وہی
جو زبان پاک سے نکلا کلام سرسری

دوزخ اک اخگر فسردہ انکی نار قہر کا
خلد باغ لطف مین انکے گل نیلوفری

مالک رضوان ہین دونون تابع فرمان شاہ
دوست کو دشمن کو خود چن لینگے روز داوری

یونسؑ وداؤدؑ ویوسفؑ موسیٰؑ وعیسیٰؑ و نوحؑ
کرتے ہین تعظیم حضرت واہری بالاتری

روبرو اُنکے اگر آئین سلیمانؑ یہ جھکین
شرنگین ہو قدِ پُرخم حلقۂ انگشتری

حضرت جبرئیلؑ و اسرافیلؑ و عزرائیلؑ بھی
کہتے ہین حقا انھین پر ختم ہی حق پروری

مدّعی نے اُنسے کیون دعوئ امامت کا کیا
ہیز ہوسکتا ہی کب ہم پلۂ مردِ جری

سامنے مہدیؑ کے آیا ہی دمِ جولانِ اسپ
کیا سفاہت ہی نئی دجّال کو سوجھی خری

کارِ تبلیغِ رسالت بازیِ طفلان نہین
نیسوارون کو ملے کیا عہدۂ میر آخوری

بے کرامت مدعی کسطرح ہو سکتا امام
شرط ہی اعجاز بہرِ دعوئ پیغمبری

تابعِ فرمان اگر ہوتے نہین گمرہ نہون
خضر کو غولون کی کب تھی نظر رہبری

پھر کے کافر اُنسے دیکھینگے نہ روبے روز بہ
خاک کردیگی اُنھین خود اُنکی نارِ کافری

آج کیا جس روز دوزخ مین جلائے جائینگے
بددعائین دینگے آور کو بتانِ آذری

موذیون کو کیا مرض ہین ہو مدا و اسود مند
ہو کفِ مار اُنکے حق مین شربتِ نیلوفری

دشمنون کو ہو مبارک لذتِ فسق و فجور
دوست کے کام و زبان اس ذائقے سے ہین بری

دامن تر ہو اگر دعوے محبت کا غلط
کیا بجے دف پوست مین جبتک کہ باقی ہی تری

اُس مسیحا کی نگاہِ لطف سے ہوتی ہی دُور
دیدۂ نرگس سے کوری گل کے کانون سے کری

بسکہ سکھلایا طریقِ جمع ضدین آپ نے
اک گرہ مین باندھ لی گوہر نے خشکی و تری

اُڑکے آنے کا جو اُس رشکِ سلیمان تک ہی شوق
رکھتے ہین پیغے مین طایرِ دلِ بے بال و پری

دل کا آئینہ جو زنگِ معصیت سے ہو سیاہ
مصقلِ الفت پہ ہی موقوف یہ روشنگری

آپ نے جوہر شناسی کی جو سکھلائی ہی طرز
آپ گوہر مین شناور ہی نگاہِ جوہری

ہون خلافِ شرع سے مانع جو خدّام آپ کے
چھوڑ دے زہرہ فلک پر پیشۂ رامشگری

میہمان ہی ایک عالم اُسکے خوانِ فیض پر
خوان کو خوانِ خلیل اللہ سے ہی برتری

فی الحقیقت کم نہین مطبخ پر یخانے سے کچھ
اُڑکے آجائے مگس کوئی تو بنجائے پری

نعمتِ الوان جو ہی لنگر لٹانے مین بٹی
لیگیا ہی خوان سے تیمور لنگ اک لنگری

ہی ظروفِ نجم سے شرمندہ پیرِ آسمان
ورنہ لاتا سر پہ رکھکر برتنون کی ٹوکری

ہشت از بام اوفتادہ ہی کہ ہی دونون مین نقص
ہو طباقِ مہر تابان یا قمر کی تشتری

اک ذرا وصفِ شجاعت مین اگر غش کرے
دست کاتب چھوڑ دے پائے قلم کی یاوری

معرکہ آرا ہو وہ شمشیر جرأت وقتِ رزم
خنجرِ مریخ جسکے سامنے ہو خنجری

ابر مین بجلی فلک مین ماہ نو دریا مین موج
باغ مین طاؤس ہو کہسار مین کبکِ دری

خرمنِ ہستی جلی ہو تا عدم میدان صاف
دیدۂ جوہر کرے جسدم نگاہِ سرسری

ڈر کے بھاگے اسقدر کافر جہنم بھر گیا
آنچ سے اسکی جو میدان مین ندیکھی جانبری

ایک انگلی پر اٹھالیتی ہو دم بھر مین یہ تیغ
قلعہائے ہفت گردون مثل بابِ خیبری

شیر دل جو لوگ ہین دیتے ہین وہ شیرون کا ساتھ
جو مجاہد فوج مین ہین سب جری سے ہین جری

روز میدان جسطرف حملہ کیا مانند شیر
پڑ گئی جسم شجاعان عرب مین تھرتھری

رعب سے جی چھوڑ کر میدان سے بھاگے ہر طرف
میش کے مانند رنگی صورتِ ببر ببری

سامنے آتے ہی اسکے ہو گئے بیدم عدو
جسطرح شمشیر و گردن مین ملاقات آخری

ساتھ اسپِ تیز کے گرمِ تگاپو ہو اگر
ابلقِ ایام کھائے ہر قدم اسکندری

تیز رو اندیشہ ہو لیکن نہ اس رہوار سا
برق کا کب ساتھ دیسکتا ہو ابرِ آذری

موے دم بالِ ملک پیشانیِ غلمان ہین مہم
حور کی آنکھین رکابین چوٹیان زلفِ پری

حال دونون ابرؤون سے کھل گیا توسین کا
دونون آنکھون نے دکھائی ذوالفقارِ حیدری

ہو سکے تعریف کس سے اب سنو حضرت کا حال
ایک دن پائی نہ راحت زیرِ چرخِ چنبری

ظلم اعدا سے رہے آفاق مین عزلت نشین
روح کو طاقت عبادت سے بدن مین لاغری

کیا لباسِ فقر مولا تھا کہ جسکے رشک سے
جل کے ملبوسِ زری ہو جامۂ خاکستری

بوریے نے آپ کے ہو کر حکم کی ہر طرف
تھی جو تاج و تختِ سلطانی مین جنگِ زرگری

مرکزِ خاکِ لحد آیا جو حضرت کو پسند
حلقۂ ماتم ہوا دورِ سپہرِ چنبری

فوت مولا سے نہین ہو کون گھر ماتم سرا
جلتی ہو آتش مین ہیزم پر ہو آنکھون مین تری

بسکہ آنکھون سے ہوا پوشیدہ وہ عالی گہر
دست برہم سودہ ہو تر گانِ چشمِ جوہری

دید کی طالب یہ جانِ بے بضاعت ہو تو کیا
ماہ کنعان کی ہوئی اک پیرہن بھی مشتری

حال میرا ہو یہ ای شاہِ زمین و آسمان
رفتہ رفتہ اب ہو وجہِ رزقِ فنِ شاعری

جو معشر ہی طلائے دہر ہی سے کم نہین
جو مدّس ہی وہ ہی رشکِ طلائے شش سری

شکر کرتا ہون مگر دل سے ائمہ کا ہون دوست
پھول عباسی اگین گے خاک سے یا جعفری

بے ہنر تو ہون مگر ہی عیب بھی میرا ہنر
جیسے آئینہ کو ہی وجہِ صفا بے جوہری

آپ کا ہون آپ سے رکھتا ہون اتنی التجا
یا امامِ دو جہان سلطانِ خشکی و تری

عمر جو باقی رہی ہی ہو وہ عزت سے بسر
خارِ ذلت سے نہ آئے نوبتِ دامن دری

نزع مین ایمان کامل پر ہو میرا خاتمہ
وار دنیا سے اٹھون ہو کر معاصی سے بری

در منقبت امام ہشتم حضرت امام رضا علیہ السلام

زیادہ بخت سیہ سے ہی میرے دل مین ننگ
خوشی دلیر کو ہوتی ہی جسطرح شبِ جنگ

فسان کی طرح مرا سر ہی عاشقِ دمِ تیغ
کمان کی طرح سے آغوش مین مری ہی خدنگ

گلے کے زخم مین ماہی کی طرح درد نہین
بدن کو داغ سے ایذا نہین بسانِ پلنگ

وہ بُردبار ہون مطلق نہین ہی رنج کا رنج
شرارِ غم مرے سینے مین ہین تو صورتِ سنگ

وہ آشنائے حوادث ہون بحرِ ہستی مین
بھنور ہی مہد مجھے خوابگاہ کا م نہنگ

برنگ گل مجھے عریان تنی ہنساتی ہی
بسانِ غنچہ ملا ہی اگرچہ جامۂ تنگ

چبھا بصورتِ پیکان جو کھرو کوئی
تو اور پاؤن کو پر لگ گئے بسانِ خدنگ

جو رنگ باختہ ہون مین تو یہ توقع ہو
اب آئی جیت پہ چوپڑ کہ اٹھ چکا ہی رنگ

ضرور کیا کہ کرون داغہائے تن کا علاج
کسی طرح نہین مرہم پذیر داغِ پلنگ

خدا نے مجکو کیا وہ گدا اے مستغنی
کہ جمعِ دولتِ دنیا ہی مجکو باعثِ ننگ

دوشالہ پوش امیرون کی قدر کیا سمجھون
کہ طبعِ صورتِ دلق گدا ہی رنگا رنگ

ملا ہی ترکِ تعلق سے رتبۂ تجرید
کہ ہی شناورِ دریا برہنگی سے پلنگ

کرون مین لذتِ دنیا سے کیا زبان وقف
خراب ہوتی ہی تیغِ اصیل چاٹ کے زنگ

کہان یہ مستی عالم کہان دلِ نازک
سبب فتور کا ہی ربط آبگینہ و سنگ

پھنسائیگی مجھے کیونکر فریب مین دنیا
کبھی نہ دام مین آیا چمن مین طائرِ رنگ

خدا کرے کہین حاصل ہو وسعتِ مشرب
بدن کو ہوتی ہے ایذا اگر لباس ہو تنگ

جو عیش ہے تو جنون مشربی مین کچھ حاصل
کہ عقل نام ہے جسکا وہی ہے قیدِ فرنگ

خزانہ انکو دیا ہے خدا نے عالم مین
چنے چباتے تھے لوہے کے جو بسانِ تفنگ

کجی سمائی ہے یہ ظالمون کی طینت مین
کمان سے چھوٹ کے چلتا ہے مثلِ مارِ خدنگ

کسی کا دل بھی جو توڑا امیدوار ہوئے
خطاب ہمکو ملے صف شکن بہادر جنگ

بڑھاتے ہین آسے بیفائدہ خوش آمدگو
کہان امیر ہین اس درجہ دانش و فرہنگ

کہان ہے زاغِ سیہ مین کوئی پرِ سرخاب
ہزار روغنِ قاز اُس پہ مل رہا ہے کلنگ

زمانہ رزق بڑھاتا ہے اہلِ بطلان کا
نصیب یان ولد الحرام کو ہے قلب مدنگ

کوئی شراب کوئی بنگ پی کے ہے مست
کسی کا اسپ ہے سبزہ کسی کا اسپ سُرنگ

یہ حال دیکھ کے ایسا غرض ملول ہے دل
ملے جو راہ تو بھاگون مین سیکڑون فرسنگ

عجب نہین ہے اگر پر لگا کے اُڑ جاؤن
کمان ہے خانۂ دنیا مین راست باز خدنگ

سپاہ غم نے کیا مجھسے جنگ کا سامان
شکست رنگ سے نکلی صدائے تیر و تفنگ

مگر نہین کوئی دہشت کہ ہے مرا حامی
امام جن و بشر شاہ آسمان اورنگ

دلیل راہِ خدا حضرتِ امام رضاؑ
امام ہشتم ارباب دانش و فرہنگ

اسیر ہو کے مخاطب ابھی سنا اشعار
کہ اس زمین مین ہے وسعت نہین ہے قافیہ تنگ

مطلع ثانی

کمان سے آپ کی چھوٹے اگر چمن مین خدنگ
بچے شکار سے ہر مرغ بو نہ طایر رنگ

تمہارے دوست ہین اعدا پہ یورش دم جنگ
کہ جیسے دیکھ کے آہو کو دوڑتا ہے پلنگ

زمین سے پست ہین افلاک پیش رفعتِ قدر
حضور وسعتِ تحت الثرا ہے عرش ہے تنگ

تلے جو عقل کی میزان مین کوہ حلم کے ساتھ
تو بوقبیس کو حاصل ہو رتبۂ پاسنگ

خدا سے صلح کرے آپ سے جو صلح کرے
نبی سے جنگ کرے آپ سے کرے جو جنگ

عدو کے قلب کی خاطر محب کے دل کے لیے
محبت آپ کی صیقل عداوت آپ کی زنگ

سخاوت آپ کی دریا شجاعت آپ کی تیغ
لطافت آپ کی شیشہ وقار آپ کا سنگ

خدا گواہ کہ یہ حوصلہ تمہارا ہی — مقام لطف تو عجلت مقام قہر درنگ
کمینے جب تیغ غضب آپ کی سر میدان — تو ایک دم مین یہ دونون جہان ہون چوڑنگ
کرو جو حکم تو نجائے شیر شیر علم — اشارہ پائین تو کاغذ کی مچھلیان ہون نہنگ
ہمیشہ کان پکڑتے ہین حضرت داؤد — مؤذن آپ کی مسجد کا ہی وہ خوش آہنگ
یہ ایک فیض ہی حضرت کی طبع رنگین کا — اگے ہین پھول جو صحن چمن مین رنگا رنگ
بغیر حکم کرے بحر مین جو قصد شنا — ہو نخل عمر شناور کو اژدہ پشت نہنگ
یہ عدل ہی کہ جہان گرم جا کرے شیشہ — وہان سے سنگ گریزان ہو سیکڑون فرسنگ
کمال عدل سے یہ خوف ہو گیا زائل — غزال وگاو ہوئے میہمان شیر و پلنگ
یہ اتحاد ہی باہم کہ ہمکنار ہین آب — شرار و پنبہ و باد و چراغ و شیشہ و سنگ
چرائے شبنم گل باغ مین مگر ہی یہ خوف — کہ ہر صورت حرباً بدل رہا ہی رنگ
ثنا کا قصد کرین کیا کہ آپ ہین حیران — گمان و واہمہ و عقل و دانش و فرہنگ
کمال ذہن و ذکا کے عدو بھی قائل ہین — حکیم کشور یونان کے ہون کہ اہل فرنگ
سخا و فیض سے ایسا جہان ہی مالا مال — کہ مفلسی کا نہین نام سیکڑون فرسنگ
نظر مین انکی جواہر بھی اب نہین تلتے — شکم پہ باندھتے تھے عین اشتہا مین جو سنگ
سناؤن مین گل مضمون جو شمع عارض کے — ابھی ہو صورت پروانہ مرغ خوش آہنگ
کرو جو معرکۂ جنگ مین مسیحائی — زبان تیغ سے گویا ہوتا وہان تفنگ
قوی ضعیف ہون ایسے جو آپ قوت دین — کرے فلک پر اسد سے مقابلہ خرچنگ
تمام عالم لاہوت زیر ظل لوا — فضاے عرش برین تحت پایۂ اورنگ
وہ بزم جاہ تمہاری وسیع و عالی ہی — کہ شمع جسمین ہی مہتاب آسمان مرد نگ
دکھائی آپ نے اسدر جہ قوت بازو — کہ پہلوان ہوئے گردن شکستہ سرچنگ
یہ پائمال ہوے سر نہین اٹھا سکتے — کبھی زمین پہ نہ رکھتے تھے پاؤن جو سرہنگ
تمہارا دشمن دخمی کسی طرح نہ بچے — یقین ہی زہر ہو مرہم مین پڑکے مرد افگن
جلو مین فوج ملائک ہوا نہما ہمراہ — ق — کرو جو قتل شیاطین کے قتل کا آہنگ

وہان بھی تیزیِ تیغِ اجل سے ہو نہ نجات
چھپین جو مثلِ شرر درمیانِ آہن و سنگ

خلاف آپ کے ہو کر اگر کوئی دہقان
دعا سحاب کی مانگے فلک سے برسین سنگ

تمھارے عہد مین ایسے قوی ہوئے ہین ضعیف
کہ ہی غزال کو قالین خواب پشت پلنگ

عدو جو آپ کا جائے کبھی لبِ دریا
یقین ہی موج نگل جاے اُسکو بنکے نہنگ

بزورِ غیر جو مسند نشین ہوئے تو کیا
نہین مقام تردد ہین ناسزا بے ننگ

چمن مین آکے ہزارون نے سیر کی لیکن
نہ بوے غنچہ کوئی لیگیا نہ پھول کا رنگ

تمھارے حسن بیان سے ہی اور رونقِ شرع
حنا ہی ہاتھ مین یوسفؑ جمال کے خوشرنگ

قدِ جناب کو محشر مین لوگ دیکھین گے
سوے علم نظر فوج جسطرح دمِ جنگ

محب ہین آپ کے یون دشمنون مین یا مولا
کہ جیسے مصحف و رب درمیانِ ملک فرنگ

یہ جلتی ہی رخِ اعدا سے زلف جوہرِ تیغ
کہ پیچ و تاب مین ہی مثلِ موے مردم زنگ

بڑھے جو حد سے زیادہ قدم تو آپ گرے
کہ بدنما ہی نہایت چلے جو دوڑ کے لنگ

زبان دوست کی اعدا مین کوئی رکتی ہی
یہ تیغ جامے سے باہر ہی ہر جگہ دمِ جنگ

تمھارے عہد مین جبدن غنا کا قصد کیا
لگے گا سینۂ مطرب پہ نیزۂ آہنگ

جہان سے جو اُٹھے تم تو غم ہوا ایسا
ہوئی مسیح کو قیدِ حیات قیدِ فرنگ

ہوا سفینۂ آلِ رسول جب سے تباہ
ہر ایک کوہ مین ہی آبشار سر بر سنگ

جو سمجھے سب کو محمدؐ سے تا محمدؐ ایک
وہ ہی ائمہ اطہار کا محب یکرنگ

تمھاری تیغ کی تعریف کیا کرون مولا
کہ شیر چرخ ہی گاو زمین تلک چورنگ

عجب سمندِ سبک رو کہ ایک کاوے مین
ہزار بار پھر آتا ہی جاکے سو فرسنگ

سنان نیزۂ رستم اگر ہین دونون کان
تو چوٹی اُسکی ہی گیسوے لعبتانِ فرنگ

کرے وہ کھول کے دل کیا زمین پر گردش
فراخیِ دو جہان بھی ہی اُسکو تنگ سے تنگ

شبیہ اُسکی جو بالفرض کھینچدے کوئی
برنگ کاغذ بادی اُڑے ہوا مین سنگ

گمان نہین کہ کوئی پاس آئے جز منوخی
یقین نہین کہ کوئی اُس پہ چڑھ سکے جز رنگ

کسی جگہ پہ یہ آتش مزاج کیا ٹھہرے
بجز شتاب نہین طینتِ ہوا مین درنگ

اسیر حال یہ پہونچا ہی دور گردون سے
کہ بیت ہستی فانی کا قافیہ ہی تنگ

مری طرح ہی صدا بھی مری ضعیف ایسی
کہ لب سے گوش تک اسکو ہی راہ صد فرسنگ

یہ ضعف ہی کہ نکلتے نہین ہین آنکھ سے اشک
مجال کیا ہی کہ چہرے سے اڑ سکے اب رنگ

اٹھایا سر تو ہوا پائمال سختی دہر
بنایا مجکو مقدر نے سبزۂ تہ سنگ

لڑون جو بخت سے مین مدعی ہون خرم و شاد
کہ اہل فتنہ کو ہی عید کی خوشی دم جنگ

تمام عمر کٹی میری دشت غربت مین
مگر ستارہ مرے بخت کا ہی داغ پلنگ

غروب شام فنا مین ہی آفتاب نشاط
زمانہ صورت حربا بدل رہا ہی رنگ

کدھر ہین قیصر و خاقان و خسرو و دارا
کہان ہین رستم و افراسیاب و گیو و پشنگ

یہ سب تو ایک طرف مجکو مدح شہ سے ہی کام
پسند نظم کو کرتے ہین صاحب فرہنگ

ضیاے مدح رخ شہ سے ہر ورق ہی چمن
جو لفظ تازہ ہی وہ صورت گل اور نگ

مرے قلم سے نہ کیون زیب ہو مضامین کی
کہ شانہ پنجۂ مطرب ہی بہر گیسوے چنگ

ہمیشہ ہی سخن راست دل کو مد نظر
نگاہ مرد کماندار کی ہی سوے خدنگ

نزاکت انمین کہان شاہدان مضمون کی
بھرے ہوئے ہین ہوا مین عبث بتان فرنگ

وفور مستی الفت سے اشک ریز ہون مین
یہ کیسی میری طبیعت مین آگئی ہی ترنگ

مئ ولا کی یہ کشتی ہی اشک کا دریا
نہین وہ کشتی چوبین کہ جو چلے لب گنگ

ہمارے دور مین چلتا ہی ساغر الفت
ہماری بزم مین ہی ذکر شاہ نغمہ چنگ

یہ اور شیشہ ہی ساقی یہ اور موج شراب
یہ اور پردہ ہی مطرب یہ اور ہی آہنگ

مزار مین بھی نہ ٹھہرون گا شوق سے پس مرگ
پسند کب مجھے آتا ہی خانۂ گل و سنگ

لحد دیار خراسان سے دور ہی تو کیا
لگا کے تیشۂ ناخن سے جاؤنگا مین سرنگ

مجھے صراط سے کیا کام ہی کہ روز جزا
لحد سے جاؤنگا باغ جنان مین بھر کے شلنگ

خدا گواہ نہین بے زری کا کچھ شکوہ
لڑون جو بخت سے مین جنگ زرگری جو چنگ

ولا یہ وقت دعا ہی دعا کو ہاتھ اٹھا
کہ کھلے ہین باب اجابت نہین مقام درنگ

دل کریم کی صورت بسان چشم بخیل
مزار دوست کشادہ ہو گور دشمن تنگ

تباہ ہون مین شتاب آکے اعانت کو | خدا کے واسطے یا شاہ کیجیے نہ درنگ

در منقبت امام تہم حضرت امام محمد تقی علیہ السلام

راستبازی سے یہ رتبہ مجھے پہونچا ہی بہم | کجکلاہون کی ہی گردن مری تسلیم کو خم
دست و بازو نے مرے زیر کیا ہی ایسا | بل کی تلوار نہ اب نوک کی لیتا ہی قلم
روشن اس سے ہین مہ و مہر کہ سرمے کی طرح | لیکے آنکھون سے لگاتے ہین مری خاک قدم
خطۂ خاک سے جب فکر مین کی سیر فلک | مہر برجیس کو دی مین نے عطارد کو قلم
ساکنان حرم ستر عفاف ملکوت | قبلہ و کعبہ خلون مین مجھے کرتے ہین رقم
ہی زبان مین یہ اثر سنکے ہوا الحق مجھسے | برہمن توڑتے ہین مثل براہیم صنم
جا کے کعبے مین اٹھاؤن مین اگر دست دعا | چوم لے ہاتھون کو جھک کر لب محراب حرم
شوق ہی یہ کہ کمین قرب کی منزل ملجاے | سالک راہ خدا ہون ہی خودی سے مجھے رم
ترک دنیا سے ہوئی منزل عقبیٰ حاصل | مار کر نفس کو گاڑا در جنت پہ علم
ترک کی مین نے تو پائی امرا نے دولت | داغ افلاک کا چھوٹا ہوا اچھا ہی درم
حق یہ ہی سال سے اک طرح کا کلی کو ہی فوق | کرم پیلہ کا یہ فضلہ ہی تو وہ موے غنم
وہ گدا ہون کہ مرے در پہ گدائی کے لیے | کاسہ ہاتھون مین لیے آتا ہی ہر صبح کو جم
کف ہمت ہی یہان سیم فشان صورت ماہ | کون لے پشت پہ ماہی کی طرح بار درم
لب ہر برگ ہی گلشن مین مرا شکر گزار | پھر رہا ہون مین جہان پر صفت ابر کرم
رخ کرون جانب صحرا تو کہین مجھسے یہ غول | سر اٹھائینگے نہ ہم خضر کے قدمون کی قسم
غوطہ دریا مین لگاؤن مین تو فانوس ہو کنڈ | کہ رکے دود سر شمع کی مانند نہ دم
باغ مین جاؤن پڑے سیر تو نرگس کی طرح | بلبلین آنکھین کرین فرش مرے زیر قدم
ہی زمانے مین کہان کوئی مقابل میرا | جسکا می چاہے وہ دیکھ آئے عرب تا بعجم
طاق کسریٰ کا ہو یا کہنہ فریدون کا محل | در و دیوار ہین اسکے مری تسلیم کو خم
جب سے آیا مین زمانہ مین رہا گوشہ نشین | مین فقط ایک طرف ایک طرف سب عالم

مرحلہ یہ بھی خدا چاہے تو طے ہوتا ہی
چند روزہ جو توقف ہی میانِ دو عدم

دین و دنیا کو ملا دو نگاہ مین ہی مرگ کی دیر
جیسے دونون صفِ مژگان ہون دمِ خواب بہم

مر کے پہونچو نگاہ مین دنیا سے درِ مولا پر
کوچ دو زخم سے کرو نگاہ طرفِ باغِ ارم

کون وہ باغِ ارم روضۂ مولائے زمن
مرکزِ ہفت فلک شہر پناہِ عالم

کون مولائے زمن وارثِ علمِ نبوی
خاصِ درگاہ خدا شمعِ شبستانِ قدم

مقتدائے دو جہان صاحبِ اعجاز تقی
عدل و انصاف سراپا ہمہ تن جود و کرم

جز ا روضۂ پر نور امام نہمین
ہو زیارت کو یہان مرتبۂ حج حرم

دامنِ صحن کی کیا کوئی درازی لکھے
دامنِ خلقِ نبی سے نہین وسعت مین یہ کم

جو منارہ ہی بلندی سے نظر آتا ہی
دستِ ارباب سخا ہمتِ اصحابِ کرم

حلقۂ در ہی حقیقت مین وہ چشمِ حق بین
پتلی جس آنکھ کی ہی نافۂ آہوے حرم

کیون نہو زیرِ نگین سلطنتِ ہفت اقلیم
کہ ہر اک روزن دیوار ہی انگشترِ جم

چشم بد دور درِ روضۂ عالی وہ رفیع
سامنے جسکے ہی کھڑکی درِ گلزار ارم

آستانِ درِ دولت کا وہ رتبہ ہی بلند
عرشِ اعظم سے بھی تعظیم مین بڑھکر اعظم

خاک وہ خاک شفا کھائے جو بیمار ذرا
مردہ زندہ ہو ٹھہر جائے نکلتا ہوا دم

لبِ زائر سے نکلتے ہی دعا ہی مقبول
اٹھتے ہی ہاتھ ہی مفتاحِ درِ فیضِ اتم

جو زمین بوس ہوا ذرے سے خورشید بنا
زر بناتی ہی مسِ قلب کو اکسیر کرم

تیغ تعزیر پڑے ایسی کہ ہو دو ٹکڑے
جھوٹی اس روضے مین کھائے کوئی کاذب جو قسم

مدح لازم ہی باندازِ مخاطب ہو اسیر
خدمتِ شاہ مین تو سامنے ہین شاہ امم

مطلع ثانی

تم تو ہو ذو جہتین احمدِ والا کی قسم
تن خاکی ہی تجلی کدۂ نورِ قدم

رتبہ حاصل یہ ہوا آپ کا جب نام لکھا
جھک گیا لوح پہ سجدے کے لیئے خرقِ قلم

لگے وقتِ دعا جب لبِ اعجاز نما
چشمِ اعمیٰ ہو ئی بینا شنوا گوشِ اصم

تم سے آباد جہانِ تم سے ہی انجامِ جہان
داخلِ آرزوے معنی امین ہی سارا عالم

کون عالم مین ہی جسکی نہین حضرت سے رجوع
بحر زخار ہو تم نہر ہین ہین اصناف اُمم

درمیان مین ہی جو اللہ و نبی کے رہ و رسم
نا بلد سارا جہان آپ ہین اُس سے محرم

انبیا جتنے زمانے مین ہوئے آج تلک
حق یہ ہی آپ کی ذات اُنمین اخص ہی وہ اعم

خلق جو آپ کا ہی اُس سے ہین آگاہ نبیؐ
علم جو آپ کا ہی اُس سے خدا ہی اعلم

وقت توضیح کے بنجاتا ہی نقطہ دفتر
دفتر اک نقطہ ہی ہنگام بیانِ مبہم

آگے حضرت کے زبان کھول سکین کیا ممکن
گنگ کی طرح سے سارے علما ہین ابکم

بام توحید سے دل مین نہ اُترتے معنی
نہ اگر ذہن سلیم آپ کا ہوتا سُلّم

فیصلہ آپ نے ہر عاجز و جابر کا کیا
ہوے جسطرح علیؑ باز و کبوتر مین حکم

دلنشین سب کو ہی حضرت کی محبت اسطرح
سنگ مین جیسے پیمبر کے پڑے نقشِ قدم

نطق عیسےٰ کا برا ہیم کی تم مین خلّت
حسن یوسفؑ کا ملا تمکو سلیمانؑ کا حشم

صبر ایوبؑ ملا آپ کو ایوبؑ کے بعد
موسیٰؑ وقت ہو تم طور تجلّی کی قسم

انبیا جتنے ہین اُن سب کے ہین حضرت ہمسر
اولیا جتنے ہین اُن سب مین ہین حضرت اقدم

اختیار آپ کو اللہ نے ہر شی کا دیا
آپ کے قبضۂ قدرت مین ہی سارا عالم

نہ گرین قطرے ہوا پر رہین مانند طیور
عین بارش مین اگر حکم ہو باران کو کہ تھم

عدل نے آپ کے جاری جو کیا حکم شفا
نہ بڑھی حد سے کبھی اور نہ گھٹی نبض سقم

پھونکین بے اذن سرافیلؑ تو نکلے نہ کبھی
لاکھ پھڑکے صفتِ مرغ قفس صورین دم

دشتِ شل فیض اعانت سے جو قوت پائے
پھیر دے کل کیطرح پنجۂ شیرانِ اجم

چشمۂ فیض کی دیکھی ہی روانی جب سے
چاہ تشویر مین ہی سر بگریبان زمزم

دستِ فیاض وہ شاخِ شجرِ ہمت ہی
برگ سان جس نے کہ ہی ریزشِ دینار و درم

آپ کی راہ مین چلنے کو صفت لکھنے کو
لنگ کو فکرِ عصا لنج کو ہی فکرِ قلم

آپ کا نام اگر اُسکی زبان سے نکلے
دہنِ مار مین شیرین صفتِ نہد ہو سم

دل جراحتے کسی عاشق کا اگر دزدِ حنا
شحنۂ عدل کرے ہاتھ سر دست قلم

چاہ و منزل پہ اگر جمع ہون رہرو بے اذن
ڈالدین موے بروت آب مین شیرانِ اجم

آپ کے در پہ رہین جو وہ بلا مین نہ پھنسین
قفس و دام سے محفوظ ہین مرغانِ حرم

لطف کے ساتھ غضب بھی نظر آتا ہی یون
جسطرح ہوتے ہین دو طفل جہان مین توام

سرکشی کی جو حبابِ لبِ جولین نے انھین
قلزمِ دہر سے ہو کوچ کا نقارہ درم

گوشِ طنبور اگر آپ کا فرمان نہ سنے
تار کے دُرّے سے مسطر ہو ابھی پشتِ نغم

مزرعِ مرگ بھی شمشیر کے پانی سے ہی سبز
گلشنِ زیست نے پایا ہی اگر کلک سے نم

ضرب دے تیغ جو اعضاے تنِ اعدا کو
نہ بچے موت سے جب آپ کا دشمن ہو علیل

جذرِ منطق کبھی نکلے نہ بجز جذرِ اصم
نشۂ مے نہین جو چڑھ کے اتر جاے درم

وصفِ جرأت کوئی لکھے تو قلم نجائے
ذوالفقارِ اسد اللہ کے مانند دو دم

ظلم کی ملتی ہی ظالم کو سزا آپ سے آپ
آستین سے ہی شکنجے مین ہر اک دستِ ستم

ہی رہ مدحتِ عالی مین یہ پرواز کا شوق
تیر کی طرح ہی پر دار مرا پاے قلم

دفترِ مدحِ معلّٰی کو نہین خوفِ زوال
نہ جلائے کوئی آتش نہ بہائے کوئی یم

مدح خوان عالمِ ایجاد مین رہنے کا نہین
مدح رہجائیگی پر دفترِ عالم مین رقم

بلکہ رہجائیگی عقبیٰ مین بھی باقی یہ مدح
ہین کفِ کاتبِ اعمال مین قرطاس و قلم

کسکی طاقت ہی مگر مدح جو حضرت کی کرے
کسکے لب لایق توصیف ہین یا شاہِ امم

ہفت گردون ہون جو اوراق نہو گنجائش
کم ہی لکھنے کو اگر سارِ انیستان ہو قلم

کبھی محتاج تری کی ہو اگر خشک دوات
ہفت قلزم اُسے اک قطرے سے بے شبہہ ہین کم

لکھنے والے ہون اگر دونون جہان کے سکن
دمِ تحریر ہون سب معترفِ عجزِ رقم

ختم کر اپنے قصیدے کو نہ دے طول اسیر
ہو جو مقبول کوئی بیت تو اتنا نہین کم

عوض اُس بیت کے ملجائیگا گھر جنت مین
مدح خوان شاہ کا ہی مالک گلزار ارم

عرض کر آپ کی خدمت مین کہ یا حامیِ کُل
ان دنون آئے ہین درپیش مجھے چند الم

دل تڑپتا ہی زبان کو نہین طاقت کہ کہے
جوشِ گریہ سے ہی دشوار بیانِ غم و ہم

دل کا احوال جو ہی آپ پہ سب ظاہر ہی
یہ تو کیا آپ ہین اسرارِ خدا کے محرم

مہربانی کی ہو اس بندۂ عاجز پہ نظر
صبح ہو جاے عنایت سے تمھاری شبِ غم

جتنے مقصود مرے دل کے تھے بر آئین وہ سب
یا امام دو جہان بحر سخا کا ن ہم
خاتمہ آپ کی اُلفت پہ ہوا اس عاجز کا
کہ یہ الفت ہی کلید در گلزار ارم
حشر کے روز خدا سے مجھے بخشا لینا
گو کہ عاصی ہون مگر شرط ہی حضرت کا کرم

در منقبت امام دہم حضرت امام علی نقی علیہ السلام

ہر سحر چرخ پہ ہوتا ہی جو پیدا خورشید
دیکھنے آتا ہی عالم کا تماشا خورشید
ذرے ذرے کا ہی احوال اسے آئینہ
سچ ہی رکھتا ہی عجب دیدۂ بینا خورشید
ڈالدیتا ہی گل و سبزہ و اثمار مین جان
ہی مگر صاحب اعجاز مسیحا خورشید
نور وحدت ہی عیان اس پہ ہین یہ مائل غیر
تنگ خورشید پرستون سے ہی کتنا خورشید
کوہ و صحرا مین برابر ہی زر افشان دم فیض
نہین رکھتا ہی تمیز پست و بالا خورشید
چاہیے ایک روش رنگ بدلنا کیسا
یہی کرتا ہی اشارہ سوے حربا خورشید
غیر حق کوئی نہین ایک نہ سمجھے کیونکر
زینت کعبہ و تزئین کلیسا خورشید
حکمران گاہ پہاڑون مین بیابان مین کبھی
کارفرما ہی کبھی جانب دریا خورشید
پہلوانون کے لیئے تیغ ہی ہنگام نبرد
بزم مین آئینۂ روے احبا خورشید
لالۂ باغ صفا دیدۂ عارف کے حضور
چشم میخوار مین پیمانۂ صہبا خورشید
اور انداز کے اب شعر لکھے خامۂ فکر
نور ہی نور کرے چاہیے پیدا خورشید
کیا شکم بندہ ہی یہ پیر فلک بھی کہ جسے
ایک لقمہ ہی قمر ایک نوالا خورشید
دیکھ صنعتگری کاسہ گر روز نخست
چاک ہی گنبد گردون تو پیالا خورشید
زہرہ نے رات کو عیسیٰ کی چرالی سوزن
کیون نہ دوڑائے دم صبح کٹورا خورشید
گردش چرخ نے دکھلائی ہی الٹی تاثیر
عاشق شیفتہ ہی دشمن حربا خورشید
چرخ سے سیر زمین دیکھ رہے ہین عیسیٰ
بنگیا جام جہان بین سے زیبا خورشید
شیوۂ مکر سے آگاہ نہین اہل صفا
کلکنون سے ہی زمانے مین معرا خورشید
عیب مطلوب بھی ہی دیدۂ طالب مین ہنر
چشم حربا مین ہی جلکر بیضا خورشید

تیرہ بختون کے لیئے روشنیِ قلب کہان — کسنے دیکھا ہی میانِ شبِ یلدا خورشید
ہی خراب ایسی اگر منزلِ ہستی کی ہوا — کچھ تعجب نہین ہو جاے جو عنقا خورشید
چہرۂ مردمِ دنیا سے ہی نفرت ایسی — بھولکر منھ نہین کرتا سوے دنیا خورشید
چشمِ بینا ہو تو دامانِ فلک بھی ہی چمن — گلِ شبّو ہی قمر نرگسِ شہلا خورشید
خوبصورت کو ہو کیا مردمِ دردار سے ربط — نہو آئینہ زانوے حورا خورشید
اب رقم کیجیے دو چار غزل کی بیتین — جسکا مطلع ہو تجلّی مین مجلّا خورشید

غزل

شب ہی وہ زلفِ رسا چہرۂ زیبا خورشید — راست ایسی کبھی دیکھی ہی نہ ایسا خورشید
کسنے رخسارے سے اُلٹا ہی یہ پردہ دمِ صبح — چرخ پر ہی ہمہ تن چشم تماشا خورشید
جلوۂ حسن دوپٹے مین چھپے گا کیونکر — چار پردون سے ہی گردون پہ ہویدا خورشید
اور غصّے مین ہی اُس عارضِ گلگون کی چمک — گرم ہوتا ہی بہت موسمِ گرما خورشید
ہوگئی عمر سوادِ شبِ فرقت مین بسر — جانتے ہم نہین گورا ہی کہ کالا خورشید
خواب مین آکے وہ خورشید لقا کہتا ہی — کھول آنکھین سرِ بالین ہی ہویدا خورشید
نزع مین جب سرِ بالین وہ مسیحا آیا — ہم یہ سمجھے کہ سحر ہوگئی نکلا خورشید
رنگ چمکا ہی عجب دخترِ رز کا ساقی — نظر آتا ہی تہ پردۂ مینا خورشید
گر میان میرے دمِ سرد سے ایسی بھولا — رہگیا عرصۂ محشر مین بھی ٹھنڈھا خورشید
ہجر مین صبح سے اُٹھا جو مرا دودِ جگر — ابر تاریک یہ چھایا کہ نہ نکلا خورشید
منھ سے نکلی یہ دعا مین تہ لحد مین اسیر — دم نکلتا ہی دکھا بار خدایا خورشید
روشنی سی نظر آئی مجھے اک گوشے مین — جسکو تجویز کرین مردمِ دانا خورشید
ہو کے مشتاق مین دوڑا تو یہ عالم دیکھا — اور ہی نورِ خدا داد ہی کیسا خورشید
نور وہ نور جسے نور الامامت کہیئے — حسن وہ حسن کہ جس حسن کا سایا خورشید
کون وہ حاکمِ اجرامِ ملک سیر لقیؔ — منھ سے بیساختہ اُسوقت یہ مطلع نکلا — جسکو حسن لے تو کہے مطلعِ زیبا خورشید

مطلع ثانی

آپ کے جلوۂ عارض سے ہی پیدا خورشید
تم نہوتے تو زمانے مین نہوتا خورشید

تنے گردون کو کیا موسیٰ اعجاز نما
کہکشان مثل عصا ہی ید بیضا خورشید

نقش پا آپ کے ہین اختر رخشندۂ چرخ
مشتری زہرہ شہا ماہ ثریا خورشید

ہو جو در کار نہ کاغذ دم تحریر ثنا
نہ کرے وصلی مہتاب پہ فہرا خورشید

آپ ہین ماہ نبی آپ کا پرتو مہتاب
آپ ہین نور خدا آپ کا سایا خورشید

چمن فیض تمہارا ہی وہ گلشن جسمین
نجم گل کا کہکشان شاخ ہی پتا خورشید

آپ اگر چشم حقارت سے فلک کو دیکھین
گھٹ کے ہو مرد مک دیدۂ حربا خورشید

آپ کے دست مبارک سے جو طاقت پائے
پھیر دے پنجۂ اعجاز مسیحا خورشید

آپ یون پھیرتے ہین کفر سے دل کا فر کا
جسطرح زور ید اللہ نے پھیرا خورشید

واہ رے جلوۂ اعجاز جو کچھ کہتے ہین آپ
دل سے کہتا ہی سمعنا واطعنا خورشید

صبح کو آپ کی امداد سے یا شاہ ہوا
فاتح برج فلک یکہ و تنہا خورشید

شام کو تمنے اعانت جو نہ کی بھاگ گیا
دیکھکر فوج کواکب کا سیاہا خورشید

خاک دشمن کو نظر آئے فروغ رخ پاک
کسطرح دیکھ سکے دیدۂ اعمیٰ خورشید

زائرون کو جو ذرا پیاس لگے رستے مین
مانگ کر ابر سے مشکیزہ ہو سقا خورشید

رہبر منزل افلاک اگر آپ نہ ہون ق
نجم باطل ہون عبث ماہ ہو بیجا خورشید

کاروان راہ پر آئے نہ کبھی انجم کا
لاکھ چلائے فلک پر جرس آسا خورشید

دیکھکر نقش قدم آپ کے کہتا ہی فلک
واہ تابندہ سر خاک ہین کیا کیا خورشید

کف عالی ہی کہین فیض مین دریا سے دو چند
چشمے سے ہو نہین سکتا کبھی دریا خورشید

کہتے ہین اہل زمین دیکھکے یہ ہمت و جود
ذرہ پرور کبھی دیکھا نہین ایسا خورشید

تا کرے چہرۂ پر نور سے دریوزہ گری
روز آتا ہی لیے ہاتھ مین کاسا خورشید

چہرۂ صاف سے تشبیہ جو دون بیجا ہی
تیرے تلوے کے برابر نہین اصلا خورشید

کفش اگر پاے مبارک کی اُسے ہاتھ لگے
سر پہ رکھے صفت تاج مطلا خورشید

چاہیئے کان مین حلقہ مہ نو کا ڈالے — بندہ ہو آپ کا اے رشک مسیحا خورشید
آپ کے بحر سخاوت مین شناور ہو اگر — کبھی دیکھے نہ رخ ساحل دریا خورشید
ہو عجب قدر کف دست مبارک عالی — سامنے جسکے ہو اک ذرہ صحرا خورشید
باغ پر ابر عدالت کا جو سایہ پڑ جاے — کل تو کیا پھر نہ سکھائے کوئی کانٹا خورشید
آپ کی تیغ کے جوہر جو کبھی دیکھے ہین — کانپتا ہی صفت شعلہ سراپا خورشید
روز ہیجا جو ہوئی آپ کی شمشیر علم — صاف دو ٹکڑے ہوا صورت جوزا خورشید
سر میدان فلک خوف سے ٹھہرا نہ گیا — چاہ مغرب مین سپر چھوڑ کے بھاگا خورشید
دم مین طے عرصہ کونین کرے آپ کا اسپ — قطع دن بھر مین کرے منزل دنیا خورشید
وہ چلا روے زمین پر کہ چلی صرصر شد — وہ جو چمکا تو سر معرکہ چمکا خورشید
حال اپنا بھی کہون اب کہ مین ہون عاشق شاہ — مین ہون ذرہ تو سر رخ خسرو والا خورشید
وہ مرا کشور دل برج شرف ہی کہ جہان — ہی رہ باد شہ شیر وبطحا خورشید
مدح مولا سے ہین کاغذ پہ کواکب نقطے — سر صفحہ عوض لوح مطلا خورشید
شب کو بہر رقم مدح جو درکار ہو شمع — پنجشاخے کی جگہ دے مجھے پنجا خورشید
داغ ہی الفت مولا کا مرے دل کو غرنیز — جیسے محبوب جہان ہو سم سرما خورشید
صاحب فقر ہون دولت کی نہین کچھ پروا — ماہ چاندی مجھے دے اور نہ سونا خورشید
آرزو ہی تو یہ ہی دل کو مرے یا شہ دین — روز محشر ہو چمک کر مرا چہرا خورشید
اپنے سایہ مین جگہ دیجیے مجھ عاصی کو — ہو سر نیزہ جو ای خسرو والا خورشید
تا حسین و رہ افلاک سے نکلین یارب — رخ لیلی ہو قمر عارض غدرا خورشید
دوست سے آپ کے سرگرم تو لاہون مسیح — جل کے دشمن پہ کرے روز تبرا خورشید

در منقبت امام یازدہم حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام

دیکھا عجب طرح کا اک آہوے گرم خیز — مثل نگاہ آہوے محبوب تند و تیز
کانون سے اسکے پائین سیہ گوش گوشمال — آنکھین دلاوری مین کرے شیر سے ستیز

مشکین وہ ناف گیسوے مشکین کی جسمین بو — جس سے مشام خضر بیابان ہین مشک بیز
جسوقت چوکڑی وہ بھرے سبزہ زار مین — رہجاے سایہ ساتھ سے اُسکے دم گریز
آتا ہی چشم کو جو چھلاوا سا وہ نظر — بجلی سی کوند جاتی ہی ہنگام جست و خیز
جوہر نگاہ تند کے دکھلائے وہ اگر — پھیرے گلے پہ عقل فلاطون کے تیغ تیز
کٹتے ہین جس سے گیسوِ خمدار مہوشان — مقراض کی طرح وہ نگاہین ہین تیز تیز
سجدہ جو نقش سم پہ کرین سرخرو رہین — محشر تلک نمازگذاران صبح خیز
آہو وہ کون خامۂ مشکین رقم مرا — لائے جسے عروس سخن ہمرہِ جہیز
ایسا بیانِ مدحتِ مولا مین گرم ہی — جلتی ہی برق دیکھ کے رفتار شعلہ خیز
مولا وہ کون حامیِ کونین عسکریؑ — شاہِ عراق بادشہِ کشورِ حجیز
تیغ اُسکی ذوالفقار کی ہمدم دم دعا — دُلدل سوار عرصۂ صحراے رستخیز
چھایا ہی اُسکا رعب عدالت جو دشت مین — آہو کو دیکھ لے تو کرے شیر خود گریز
کرتا ہی حکم اُسکا اگر منع میکشی — ہوتا ہی ابر ساغر و مینا پہ سنگریز
اک اک غلام خاص کی تزویج کے لیے — جنت عروسِ دولتِ عقبیٰ کا ہی جہیز
ابرِ مطیرِ رحمتِ غفار وقتِ صلح — شمشیرِ قہر حضرتِ باری دم ستیز
حاجت روا ے کون و مکان مرگ دشمنان — مشکلکشاے ہر دو جہان روز رستخیز
ظالم ہین اُنکے عدل سے خائف یہان تلک — کانٹے کو گل سے شمع سے صرصر کو ہی گریز
مذکور خلق کیا لب بلبل پر آگیا — پردے ہین گوش گل کے جو گلشن مین عطر بیز
شاید کہ وصف جوہر جرأت رقم کیا — شمشیر کی طرح جو زبانِ قلم ہی تیز
چھوٹے اگر کسی کی طرف کو کمان سے تیر — وہ خون گرفتہ نام لے اُسکا دم ستیز
جاے عجب نہین ہی اگر نصف راہ سے — رُخ پھیر کر کمان کی طرف کو کرے گریز
سنو ے نیام بھاگتی ہی اُسکے ڈر سے تیغ — بانہی مین اپنی مار کرے جسطرح گریز
شاہین شکار آپ ہو صیاد مرگ کا — کنجشک کی طرف کبھی دیکھے جو تیز تیز
زیبا نہین مجیب سے عدو کو برابری — طوطی کے آگے زاغ کا بچہ کرے نہ ریز

ہوگا عدو فہیم نہ تعلیم سے کبھی — سنگِ فسان سے تیغ گلی ہو سکے نہ تیز
مشکل کے وقت لیتے ہین حضرت کا نام سب — گبر و یہود ہون کہ فرانسیس و پرتگیز
شاعر کو یا دشاہ جری ہو جو وقتِ فکر — زنہار بند ہ سکے نہ قصیدے کی پھر گریز
جس گلستان مین اُسکی حمایت نہو سپر — ابرِ سیہ جراحتِ گل پر ہو مشک ریز
مرکب وہ تیز رو ہی تمہارا کہ وقتِ جنگ — زانو دبا کے اُسکو ذرا کیجیے جو تیز
روندے زمین سے جلکے ابھی سبزۂ فلک — پامال فرقدین ہون ہنگامِ جست و خیز
وہ تیغ تیز آپ کی ہی جسکے ذکر سے — باتین ہین مرد کند زبان کی بھی تیز تیز
رستم دلان معرکۂ جنگ آج تک — لڑتے ہین نام لیکے تمہارا دمِ ستیز
روضے پہ اپنے جلد طلب کیجیے مجھے — ہر دم ہوائے شوق سے ہی نار ہجر تیز
سینے مین دل ہی برق کی مانند بیقرار — موئے مژہ ہین مثل رگِ ابر اشک ریز
یارب ہون دوست شاد عدو شہ کے نامراد — اِنکو نصیب فتح ہمیشہ اُنھین گریز
مولا تمہارے ہاتھ بکا ہون بچائیے — حبسِ دن ہو وقت گرمیِ بازارِ رستخیز

در منقبت امام دوازدہم حضرت امام مہدی آخر الزمان علیہ السلام

جوشِ باران سے ہی یہ ابکی برس عالم آب — موج ہی کاہکشان گنبدِ گردون ہی حباب
آتشی اب ہی نہ بادی ہی نہ خاکی کوئی بُرج — سارے آبی ہین بروجِ فلکِ خانہ خراب
پردہ بارش کا ہی خورشید کے مُنھ پر دن بھر — دیکھیے رات کو جب ہالہ نشین ہی مہتاب
وہ صدا رعد کی جس سے کہ جگر کانپ اُٹھے — وہ چمک برق کی دل سینے مین جس سے بیتاب
خوفِ بارش سے نہ کیون رنگی ہون دل سینون مین — کہ ہر اک قطرہ ہی بُوندی کی کٹاری کا جواب
جوش کھا کر ہوئین سوکھی ہوئی نہرین قلزم — بحر مواج ہین جو خشک پڑے تھے تالاب
سقف غربال ہی پانی کی طرح چھنتی ہی دھوپ — چاندنی ڈھاتی ہی دیوار کو بنکر سیلاب
ہو گئی منھ کی چھڑی بارشِ باران بلا — گھر تو کیا خانۂ دل کی بھی عمارت ہی خراب
لوگ گھبرا کے یہ آپسمین بیان کرتے ہین — یا الٰہی یہ کوئی دیو سیہ ہی کہ سحاب

امتِ نوح نہین امتِ احمد ہی یہ — پھر سبب کیا ہی جو نازل ہی یہ طوفان کا عذاب
ساکنِ کوہ جزیرے یہ مکین ہین لیکن — وہ بھی ہین مردمِ آبی یہ برستا ہی سحاب
خیمۂ ابرِ سیہ روے ہوا پر ہی بپا — ہر طرف تار سے بارش کی کشیدہ ہی طناب
کوہ پر چڑھ کے جو کوئی سوے صحرا دیکھے — منزلون کچھ نظر آئے نہ بجز عالمِ آب
یہ برودت یہ رطوبت ہی ہوا مین پیدا — تن خورشید بھی لرزان ہی بہ تنگِ سیماب
کیا تلاطم ہی جسے دیکھ کے کہتے ہین ملک — اصل طوفان یہی طوفان ہی طوفان ہی سراب
باغ سے لائے اگر طائرِ نکہت کو نسیم — سمجھے سب آب مین یہ پیر کے آئی بط آب
کوئی کاغذ نہ ملے کاغذِ ابری کے سوا — ہو کوئی طالبِ قرطاس اگر بہر کتاب
متصدی ہین جو ملاح تو بگلی ہی قلم — ناؤ کاغذ کی نظر آتی ہی ہر فرد حساب
ڈوب کر مردمِ آبی ہوئے سب طالبِ علم — مدرسے شہر کے سب ہوگئے ہین عالمِ آب
جس طرف دیکھیے ہی درسِ بحار الانوار — ہفت قلزم کے سوا اور نہین کوئی کتاب
بحرِ ماتم کا ہی یا بحرِ بکا کا ہی سبق — بوستان اور گلستان مجھے فراموش ہین بالکل
ہر بیابان مین ہوئی ریگِ روان آبِ روان — بنگلے وادیِ وحشت مین بگولے گرداب
دورِ دریا کا ہوا سرد ہین آتشخانے — مچھلیان وقت کی حاکم ہین سمندر کے حساب
زیرِ محراب نہین کاسۂ سر ساجد کا — تہ و بالا ہی جہان موج کے نیچے ہی حباب
خشکی مغز سے محفوظ ہوا ہر شاعر — شعر تر ہوتے ہین پیدا کہ زمین ہی سیراب
پانی پانی نظر آتا ہی عروضی کو فقط — بحرین ہین بحر روان دائرے مشکل گرداب
کسی دروازے مین قندیل جو لٹکی شب کو — بنگئی صاف رطوبت کے سبب سے دولاب
زار ہو ہو کے دکاندار بنے صورتِ خس — بنگئی موج جو ہر ایک دکان کی محراب
ظلمتِ ابر سے ہین اہلِ زمین فریادی — مشعلین دن کو جلائین تو نہین استعجاب
جس جگہ خاک دمی چشمہ نمودار ہوا — بنگیا راہ مین ہر نقشِ قدم چشمِ پر آب
صحن مین کوئی مسافر جو بنا کر رکھے — لوٹ لے صورتِ قزاق اسے دیو سحاب
ڈالنا صحن مین بے سود ہی انگارون کا — آگ کیا کام کرے جب ہو جہان عالمِ آب

باندھنے سے نہوا فائدہ یک چشمون کے
اور دو ہاتھ کی رسّی ہوئی عقدون سے خراب

نہ ٹھکانا ہی کسی جا نہ کہین جاے پناہ
صاحب خانہ کہین ہین تو کہین ہی اسباب

جسکو دیکھو وہ یہ رو رو کے دعا کرتا ہی
بند ہی بابِ معیشت کہین کھلجاے سحاب

علما و صلحا و امرا و عربا
کودک و پیر و جوان سب پہ ہی نازل یہ عذاب

خدمتِ شاہ مین لازم ہی عریضہ لکھین
کہ خدا رحم کرے، ہو نہ کوئی شہر خراب

کون وہ شاہ جو ہی ابر و ہوا کا حاکم
جسکو خالق نے دیا مالکِ کونین خطاب

آج تک ہی یہ جہان جسکے قدم سے قائم
جسکی الفت سببِ مغفرتِ روز حساب

جس سے کرتے ہین سوالات مسائل مومن
اہلِ ایمان کے عریضون کا جو لکھتا ہی جواب

رجعت اک روز ہی جس مہر امامت کی ضرور
چہرہ صاف سے اک دن جو اٹھائیگا نقاب

ہمعنان جسکے ہی تائید رسولِ عربی
جسکے افواج ملائک بھی ہی ہمراہِ رکاب

عدل و انصاف سے اک روز بھر لیگا جو زمین
لیگا انصاف خلائق سے جو اک روز حساب

جسکے اک ہاتھ مین رحمت ہی تو اک ہاتھ مین قہر
قہر اعدا کے لیئے رحم برائے احباب

طول دے مدح کو مشتاق احبا ہین اسیر
اور مطلع کوئی موزون ہو جو ہی قصدِ ثواب

مطلع ثانی

ای خوشا جلوہ گہ شاہِ معلی القاب
ہو نصیب ایک زیارت تو ہی سو حج کا ثواب

ذات حضرت کی ہی یون نور نبی سے پُر نور
جسطرح پرتو خورشید سے روشن مہتاب

لطف وہ لطف کہ جسکا ہی لقب رحمتِ حق
قہر وہ قہر کہ جسکا ملک الموت خطاب

موسیٰ طور شرف عیسیٰ افلاک خیم
یوسفِ مصر کرامت خضر راہ ثواب

مالکِ ہر دو سرا یا عرش ہر ہفت فلک
خواجۂ ہشت جنان نفتی ہر چار کتاب

خطبہ وہ خطبہ کہ مشتاق ہی جسکا منبر
سجدہ وہ سجدہ کہ جسپر ہی تصدق محراب

نقش سینے پر احادیثِ رسولِ عربی
صفحۂ دل پہ رقم خالقِ اکبر کی کتاب

بزم مین آئینہ صدق و صفا رزم مین تیغ
فیض مین قلزم زخار سخا وت مین سحاب

کہتے ہین دیکھ کے قدسی یہ درِ حضرت کو
قابلِ سجدہ ہی کعبے کی طرح یہ محراب

علم حضرت کا عجب قلزم بیحد و کنار
سیکڑون گنبدِ افلاک سے جسمین ہین حباب

خلق حضرت کا کوئی دھیان جو لائے دل مین
رخ پہ پھر اُسکے عرق آئے تو دے بوے گلاب

نام مولا کا جو شعلے کی زبان سے نکلے
نہ بجھے آب مین آتش تو نہین استعجاب

فائدے عالم غیبت مین بھی ہین عالم کو
فیض خورشید ہی جاری تہ دامانِ سحاب

چشم یعقوبؑ سے پنہان نہین رہنے کا کبھی
چہرۂ یوسفؑ کنعان پہ ہو ہر چند نقاب

چشم بینا ہو تو اب بھی ہی عیان نورِ جمال
شمعِ روشن کو نہین پردۂ فانوس حجاب

رات دن حلِ مہماتِ جہان مین مصروف
روز پاتے ہین ہوا خواہ عریضون کے جواب

چشم مشتاق خلائق پہ کیا جلوہ نما
چہرۂ شاہدِ مقصود جو تھا زیرِ نقاب

آئینہ آئینۂ خاطرِ والا پہ ہی سب
روز ایجاد سے جو حال ہی تا روزِ حساب

طاعت اعدا کی ہی رد طاعتِ احباب قبول
جیسے دنیا مین نجس خلد مین طاہر ہی شراب

کیا عنایت ہی کہ ہو مزد عطا بے محنت
پائین احباب اعادی کی عبادت کا ثواب

کی ہی کونین کی دولت تو عطا وقتِ سوال
واہ رے فیض کہ اسپر بھی ہی سائل سے حجاب

یون فیوض آپ کے گننے سے ہین باہر جسطرح
منھ کے قطرون کا نہ ہو ریگ کے ذرون کا حساب

ذکر آجاے جو حضرت کی مسیحائی کا
جان پڑ جاے ابھی بول اُٹھے مرغِ کباب

دہشتِ عدل سے موقوف ستم ہی ایسا
کیمیا ساز بھی کرتے نہین کشتہ سیماب

طرزِ رفتار سے ہی معجزِ عیسٰی پیدا
نقش پا روے زمین پر ید بیضا کا جواب

ہو زیادہ نہ سرِ مو وہ یقین کامل ہی
بیچ سے بندہ و خالق کے جو اُٹھ جاے حجاب

بیحسون کو بھی کرامت سے کیا صاحبِ حس
چشم گرداب ہی بینا شنوا گوش حباب

لطف حضرت کا جو گلشن مین ہوا باعثِ حفظ
آتشِ رنگ مین ہو طائرِ بوجہل کے کباب

وصف ہو عارضِ گلرنگ کا جس کاغذ پر
پھول کترے کوئی اُس سے تو کھنچے اُس سے گلاب

عکس دندانِ مبارک کا جو پانی مین پڑا
صدف آسا ہوئے لبریز گہر درج حباب

تہ و بالا ہین جو قرگان تو برابر ابرو
تیر کا تیر ہی شمشیر کا شمشیر جواب

رکھتے ہین روے مخطط کو شب و روز جو یاد
پڑھ کے قرآن وہ کیا کرتے ہین تحصیل ثواب

جی مین ہی چند قوافی کی کرون مین تکرار		اپنے اشعار کا ہی خود مجھے منظور جواب

مطلع ثالث

دوستی آپ کی وہ ہی جسے کہتے ہین ثواب		دشمنی آپ کی وہ ہی جسے کہتے ہین عذاب
ساتھ دے آپ کا فاقے مین جو ای عرش جناب		تیس روزون کا ملے ایک ہی روزے مین ثواب
آپ ہین نورِ خدا شمع و چراغ آپ کے دوست		آپ خورشید جہانتاب ستارے احباب
آپ آتے ہین کرم سے لحدِ مومن مین		خود سوالات نکیرین کا دیتے ہین جواب
معجزون کو جو گنے کوئی محاسب سرِ دست		نہین ممکن کہ حساب انکا ہو تا روز حساب
صبر مین آپ جو ایوبؑ کے ہوتے نہ شریک		اسقدر شدت امراض کی لاتے نہ وہ تاب
ہی سوا آپ کے جو مسندِ پیغمبر پر	ق	شان مین اسکی ہین قرآن مین آیات عذاب
مسئلہ حیض کا پوچھا جو کسی نے تو کہا		جلد بتلاؤن کوئی لائے مری لال کتاب
زر و دولت کے سوا کچھ نہو اپر حاصل		کیا خلیفہ نے کیا نام خلافت کا خراب
حق تو یہ ہی کہ سزاوارِ خلافت ہو تمھین		جانبِ حق سے تمھین علم لدنی ہی جناب
گرم جس روز کرین محکمۂ عدل حضور		ہی وہی روزِ حساب اہلِ بصیرت کے حساب
احتساب آپ کا ایسا ہی کہ ڈر سے جسکے		بے نمک سرکہ ہو جام و خم و مینا مین شراب
اثرِ خلق سے ہر خاک ہوئی خوشبودار		ریگ ہی شیشۂ ساعت مین کہ شیشے مین گلاب
حفظ نے آپ کے ضدین مین کی رفع نزاع		آتشِ برق سے جلتا نہین دامانِ سحاب
سن لیا ہی لبِ دریا کبھی آئینگے حضور		روز پانی مین بناتی ہی ہوا قصرِ حباب
نہی مُسنکر کی ہوا جاے جو میخانے مین		خونِ خالیف کی طرح خشک ہو شیشے مین شراب
فرشِ احباب کی آنکھین ہون جو پیدل و پلکین		حلقۂ چشمِ ملک وقت سواری ہون رکاب
غیر کیا پاے فصاحت سخنِ عالی کی		کس سے ہو سکتا ہی آفاق مین قرآن کا جواب
تیر نے آپ کے کیا کیا دلِ اعدا بیدھے		راست تشبیہ ہی اسکو جو کہین سیخ کباب
روبرو آئے جو رستم یہ ہو پانی پانی		تیغ قبضے مین بنے موج سپر ہو گرداب
روزِ جنگ آپ کی شمشیر کے ہین دونون شین		ذوالفقارِ اسدُاللہ کے فقرون کا جواب

بیچ مین میم ہی دو شین ادھر اور اُدھر — دو ہین لب ایک دہن دونون یہ لب ہین نایاب
ایک پر ذکر خدا ایک پہ ہی شکر خدا — ایک پر نقش حدیث ایک پہ خالق کی کتاب
دونون شینون پہ یہ نقطے ہین قضا کے جوہر — شش جہت قبضے مین انکے ہی تو کیا استعجاب
یہ ہی سے یاری اولاد پیمبر ظاہر — رے ہی یار حمت رب ایک بڑا احباب
قہر کی رے ہی یہ رے خواری دشمن کے لیئے — سر ہون دو سے تو اشارون ہین کرے دو یہ خراب
تیزی اسپ سبک رو کا بیان کیجے کیا — برق و صرصر سے کہین بڑھ کے ہی ہنگام شتاب
جادۂ موجۂ دریا پہ اگر ہو یہ روان — کیا سبکرو ہی نہ ٹوٹے تہ سم فرق حباب
گیسوے حور جنان ہی اسی توسن کی لجام — حلقۂ چشم ملک ہی اسی مرکب کی رکاب
وقت تیزی کے یہ رکتا نہین آتش کی طرح — وقت گرمی یہ ٹھہرتا نہین مثل سیماب
نقش پا خاک پہ اس برق کرم کا جو پڑے — سرمۂ دیدۂ دل اسکو بنائین احباب
ہی یقین تیز ہوا ایسی نظر چشم یقین — فرش سے عرش تلک بیچ سے اٹھ جاے حجاب
کیا کرین آپ کی تعریف رقم اہل قلم — عرق شرم سے نمدیدہ ہی قرطاس کتاب
حصر ہون آپ کے اوصاف یہ ہی امر محال — انتہا ہی نہ نہایت ہی نہ حد ہی نہ حساب
عرض مطلب کا یہ ہی وقت کہون مطلب دل — گوش الطاف سے سنیئے اسے ای عرش جناب
عرض پہلی تو یہ ہی آپ کا جسدن ہو ظہور — بندۂ خاص بھی اس روز ہو ہمراہ رکاب
دوسری عرض یہ رکھتا ہون کہ حضرت ہون شفیع — میرے اعمال کا جب روز قیامت ہو حساب
تیسری ہی یہ تمنا کہ جو ہو سختی نزع — مشکل آسان ہو آپ آئین اعانت کو جناب
چارمی جب ہو نکیرین کا مرقد مین گذر — دیجیے آپ ہی انکو مری جانب سے جواب
پنجمی شر سے زمانے کے رہون محفوظ رہون — آبرو میری رہے قیمت گوہر ہی تو آب
ششمی عرض پذیرا ہو یہ اس خادم کی — وسعت رزق رہے ہون نہ مین بے دانہ و آب
ہفتمی پست ہو جبتک کہ زمین چرخ بلند — زیر دست آپ کے اعدا ہون زبردست احباب

در منقبت امام دوازدہم حضرت امام مہدی آخر الزمان علیہ السلام

یون ہی طالے مہر سپہر کہن کے پاس — سونے کے بت ہون جیسے کسی برہمن کے پاس

نزدیک ماہ یون نظر آتی ہی کہکشان — لہراے سانپ جیسے کوئی اپنے بن کے پاس
زیرِ فلک کسی کی ترقی محال ہی — کیا نخل نو بڑھیگا درختِ کہن کے پاس
تلخی عذوبت اسکی ہی مکار ہی جہان — شکر شریک زہر ہی اس راہزن کے پاس
جاتا ہی قبر تنگ مین دنیاے تنگ سے — بیت الحزن ایک اور ہی بیت الحزن کے پاس
کچھ انقلاب دہر سے اسکا عجب نہین — جاے ہما سلام کو زاغ و زغن کے پاس
افلاس سے ہوا ہی زمانہ یہ تنگدست — نقدِ سخن بھی اب نہین اہلِ سخن کے پاس
تسبیح کے سوا نہین کچھ دست شیخ مین — مالا ہی رہگیا ہی فقط برہمن کے پاس
کی رہن بہر قوت کماندار نے کمان — بانہ ارمین ہی تیغ کمان تیغزن کے پاس
تکیون مین جیفہ خوار ہین مردون کے منتظر — در و کفن کھڑے ہوے ہین گورکن کے پاس
دوڑا جو کوئی دل رخِ معشوق دیکھکر — اندھا کیا نصیب نے چاہِ ذقن کے پاس
ساقی غضب ہی خشکی ایام کا اثر — خالی تھا جام جب تلک آیا دہن کے پاس
ہو ہو کے قطرے خون کے بہ بہ گئے عقیق — ٹکڑے جگر کے رہ گئے اہلِ یمن کے پاس
زہاد خشک رکھتے ہین یہ باغبان سے بغض — کرتے ہین ذکر آرہ نہالِ کہن کے پاس
یزدان کی ہو طلب جو کسی کو جہان مین — لیجاے بخت تیرہ اُسے اہرمن کے پاس
رستے مین رہزنون سے اگر بچ گئے غریب — اہلِ جوار نے انھین لوٹا وطن کے پاس
ہر راہ مین فقیر ہین یون اغنیا کے گرد — پروانے جسطرح کسی شمعِ لگن کے پاس
جھنجھلا کے کھینچے چرخ دنی تیغ ماہِ نو — پہونچے جو شام تک بھی لبِ نان دہن کے پاس
بیداد آسمان جو یہی ہی تو ایک دن — جاؤنگا نالشی مین امامِ زمن کے پاس
شاہِ زمانہ مہدی ہادی امامِ عصر — نزدیک ہی جو اُنکے وہ ہی ذوالمنن کے پاس
اُنسے ہی جسکو قرب اُسے ہی خدا سے قرب — جو اُنکے پاس ہی وہ رسولِ زمن کے پاس
حضرت کے بھی قریب ہین حضرت کے خدمتی — قنبر تھا جیسے آٹھ پہر بوالحسن کے پاس
دیکھا کسی نے انکو تو دیکھا حسینؑ کو — پہونچا جو اُنکے پاس وہ پہونچا حسن کے پاس
در ع رسولؐ مصحف زہراؑ علی کی تیغ — یہ سب تبرکات ہین اُس صعب تکن کے پاس

فارغ نہین خدا کی عبادت سے ایک دم — ہر وقت ہین خدا سے زمین و زمن کے پاس
قبضے مین اُس جری کے وہی ذوالفقار ہے — تھی خیبر و اُحد مین جو خیبر شکن کے پاس
آتے ہین اُنکے پاس اُسی طرح جبرئیل — آتے تھے جسطرح کہ رسول زمن کے پاس
کیونکر لکھون مین وصف سراپاے شاہ کا — نرگس کے ہین قلم نہ ورق نسترن کے پاس
دو آنکھین ہین کہ نرگس شہلا کے دو ہین گل — رخسارے پھول سے کہ چمن ہے چمن کے پاس
پیدا نہین ہے سبزۂ خط روے صاف پر — بیٹھے ہین خضر یوسف گل پیرہن کے پاس
روشن ہوا یہ ہمکو رخ و خال لب سے صاف — نکلا ہے ماہتاب سہیل یمن کے پاس
احمد کا ہے وہ میم یہ صل علے کا صاد — کیونکر نہ صاد چشم ہو میم دہن کے پاس
ہلک جنان کی پنجۂ مژگان مین ہے سند — خط نجات زلف شکن در شکن کے پاس
مشکین ہین جیسے دیدۂ حق بین کی پتلیان — نافے کہان ہین ایسے غزال ختن کے پاس
ایسے فلک پہ تشنۂ دیدار ہین ملک — مشتاق آب آتے ہین چاہ ذقن کے پاس
کیا زلف مشکبار ہے کیا چہرۂ صبیح — سنبل کی ہے بہار گل یاسمن کے پاس
نقاش کھینچتا مرا نقشہ اگر کبھی — تصویر پاے شاہ بناتا دہن کے پاس
برگشتہ اُنسے ہوکے ہوا جو مطیع غیر — رہبر کو چھوڑ کر وہ گیا راہزن کے پاس
جو دور آپ سے ہے وہ ہے نخبتین سے دور — جو پاس آپ کے ہے وہ ہے نخبتین کے پاس
ہے سایۂ ہما مین سعادت جسے نصیب — جائے وہ کس امید پہ زاغ و زغن کے پاس
ہوگی کبھی محب کو نہ تکلیف نزع کی — آئیگی موت صورت محبوب بن کے پاس
مد نظر ہو جسکو رسائی خدا تلک — بستر لگائے وہ در شاہ زمن کے پاس
اعدا کے قتل پر ہے جو باندھے ہوے کمر — ق شمشیر کہکشان ہے سپہر کہن کے پاس
نامہربان عدو پہ فقط آسمان نہین — آتا نہین ہے مہر بھی مارے جلن کے پاس
گلشن نیا بنائے جو شداد کی طرح — ہو قبض روح اُسکی پھونکر چمن کے پاس
جتنے جہان مین ہوتے ہین اعمال نیک و بد — لکھکر فرشتے لاتے ہین شاہ زمن کے پاس
کیا عدل ہے کسی کو کسی سے نہین ضرر — صحرا مین شیر لوٹ رہے ہین ہرن کے پاس

سیراب ایک گھاٹ پہ ہوتے ہین گرگ و میش
بیخوف پھر رہے ہین ہرن کرگدن کے پاس

یہ خوف ہی گزند کرے منزلون ہوا
دیکھے اگر چراغ کسی بیوہ زن کے پاس

ابر سخاے شاہ کا ادنا ہی یہ اثر ق
ہی مالدار اشرفیان ہین چمن کے پاس

ہی موتیون سے دامن دریا بھرا ہوا
گنج زر نجوم ہی چرخ کہن کے پاس

موقوف ہی یہ عہد مبارک مین رسم ظلم
پروانون کو ضرر نہین شمع لگن کے پاس

ظالم جو تھے جہان مین راحم وہ ہو گئے ق
مرہم بجاے مشک ہی ہر تیغزن کے پاس

شیرین سے گرم کی ہی عجب رسم اتحاد
تیشے کے بدلے آئینہ ہی کوہکن کے پاس

نکلا جو کچھ زبان مبارک سے وہ ہوا
گوش قبول حضرت رب ہی دہن کے پاس

چمکے جو تیغ قہر کسی روز جنگ مین ق
ٹھہرے نہ سایہ خوف کے مارے بدن کے پاس

پیچھے پڑی وہ تیغ لعینون پہ پیشتر
قبر خدا گیا ملک الموت بن کے پاس

دو ٹکڑے ہو گی تیغ دو پیکر سے ایک دن
کیا فائدہ اگر ہی سپر کرگدن کے پاس

کیا حلقہ کمند ہین زیبا و خوشنما
حلقے کہان یہ زلف شکن در شکن کے پاس

مولا کا ہون محب مجھے مولا سے کام ہی
جاؤن نہ شاہ مصر نہ شاہ ختن کے پاس

ہی اتنی آرزو کہ جو نکلے بدن سے روح
مردہ ہی دفن ہو در شاہ زمن کے پاس

یہ شوق ہی کہ مدح لکھون بعد مرگ مین
تربت مین ہون دوات و قلم بھی کفن کے پاس

کیا مدح شاہ مین مرے مضمون ہین ابدار
ایسے گہر نہین کبھی اہل عدن کے پاس

الفاظ مین معانی نازک ہین اسطرح
گل کی شمیم جیسے نسیم چمن کے پاس

حاجت نہین ہی خط شہادت کی بعد مرگ
رکھدیجیو یہ قادہ قصیدہ کفن کے پاس

آؤنگا باغ خلد مین جب دیکھ لینگے سب
طوبیٰ کے سایہ مین مجھے نہر لبن کے پاس

مولا ظہور کیجیے مومن ہین بیقرار
امت ہو بار یاب رسول زمن کے پاس

ایسا بھی وقت ہو کہ ائمہ کا دور ہو
ہم تو تمہارے پاس ہون تم پنجتن کے پاس

آیا ہون سامنے مین پئے عرض درد دل
مولا کئی عریضے ہین داغ محن کے پاس

دل کی طرح جگر بھی مرا داغ داغ ہی
اک اور بھی چمن ہی شگفتہ چمن کے پاس

تا طاقت اسقدر ہون نہ میری صدا مسنین — ہونٹھون کی طرح گوش اگر ہون دہن کے پاس
دو دو پہر ہون قیدِ الم مین مین تیرہ بخت — بھاری ہون مہر و ماہ پہ جیسے گہن کے پاس
جو ہین خلافِ شرع مجھے آنسے عار ہی — دکھلاؤن ہاتھ جاکے نہ مین برہمن کے پاس
امیدوار آپ سے شاہا مدد کا ہون — ساعی ہون آپ جاکے رسول زمن کے پاس
تم ہی کرو اعانتِ احباب پنجتن — کرتا تھا کیسے کیسے خدا پنجتن کے پاس
نیلِ مرام کا مجھے کیونکر یقین نہو — لائے ہین بخت صاحبِ خُلقِ حسن کے پاس
دنیا مین جب تلک کہ عروسانِ نو بہار — منہ ہاتھ دھوئین بیٹھ کے نہر چمن کے پاس
کافر رہین جہان مین فضلِ خدا سے دور — مین ہون جوارِ رحمتِ ذوالمنن کے پاس

در منقبت حضرت علی اصغر ابن الحسین علیہما السّلام

چاہیے اسباب دنیا مختصر — قصہ کوتہ ہو یہ جتنا مختصر
کب تلک طولِ عمارات بلند — مختصر اے ناشکیبا مختصر
ہی اشارہ ہر حبابِ بحر کا — گہر بنا رہنے کو الّا مختصر
چار دن کو کیلیے طولِ امل — ترک کر دنیا کو قصّا مختصر
بیٹھ رہنے کے لیئے کر اختیار — مختصر سے ہو جو گوشا مختصر
آخرت مین ہی مکان تیرا وسیع — جسقدر دنیا مین ہی جا مختصر
کیا تکلف ہی جو دامن ہو دراز — جسم کو کافی ہی جاما مختصر
ہو سکے تجھسے تو دے سجدے کو طول — عیب کیا گر ہو مصلّا مختصر
دونون کافی ہین عبادت کے لیئے — ہو کشادہ خانقہ یا مختصر
مختصر ہوگا اگر ظرفِ وضو — کچھ وضو تیرا نہوگا مختصر
وعظ کو ہو پست منبر یا بلند — بہر سجدہ چاہیئے جا مختصر
ہی یہان ہر شی مین بہتر اختصار — ہی دہانِ غنچہ زیبا مختصر
گرچہ موزون ہی قدِ سرو بلند — خوشنما اُس سے ہی بونا مختصر

آنکھ کی پتلی سے ہی روشن سوا — گو کہ ہی دل کا سویدا مختصر
ظاہر انسان سے باطن ہو وسیع — خط معوّل ہو لفافا مختصر
چاہیئے تربت مین وسعت غم نہین — ہو کفن چھوٹا جنازا مختصر
قبر مین ہونگے نہ آزردہ ملک — گر شہادت نامہ ہوگا مختصر
ہی مناسب مثل میدانِ قلم — رہرو لاغر کو رستا مختصر
دونون یکسان ہین خدا کے روبرو — فیل سے ہی گو کہ پشّا مختصر
اژدہا ہی گو کہ قامت مین دراز — طرّہ ہی اُسپر بھی اُفعیٰ مختصر
اُٹھ نہین سکتا ہی بارِ درد و غم — بیٹھ رہیئے ڈھونڈھ کر جا مختصر
ہرزہ گردی کب تلک تا چند فکر — کیجیئے دنیا کا قصّا مختصر
شاعری مین پر رہین ثابت قدم — کون مشکل ہی یہ کوچا مختصر
سلسلہ معنی کا ہاتھون سے نجائے — ہو مطوّل گفتگو یا مختصر
طول سے لیکن ہی بہت انتشار — ہی سخن مقبولِ دانا مختصر
وصفِ طفلِ بیزبان شاہ مین — آج لکھیئے اک قصیدا مختصر
وہ علی اصغر دل و جانِ حسین — زندگی کا جسکی رشتا مختصر
سب شہیدون مین ہی اُسکو آبرو — بوستان مین جیسے بوٹا مختصر
دفترِ اہل شہادت مین ہی وہ — جسطرح سورون مین قُلیا مختصر
اُس مین اور اکبر مین اتنا فرق ہی — تیر نیزے سے ہی جتنا مختصر
روئے جبریلِ امین اُسکے لیئے — ڈالکر سدرہ مین جھولا مختصر
معجزہ ہی کون جو اُسمین نہین — قصۂ خضر و مسیحا مختصر
بحر ہی بحرِ کرم کے سامنے — جسطرح دریا سے قطرا مختصر
مہر ہی اُس مہر رخ کے روبرو — مہر سے ہی جیسے ذرّا مختصر
یون حضورِ خلق ہی باغِ بہشت — باغ سے جیسے شگوفا مختصر
آسمان ہی اُسکے رتبے کے حضور — دائرے سے جیسے نقطا مختصر

چاند ہی اُس چاند سے رُخ کے حضور — چاند سے جیسے ستارا مختصر
چھوٹے سے سن مین جو آئی اُسکی موت — حلۂ جنّت بھی پایا مختصر
تیر کھاکر مسکرائے واہ واہ — کیا بہادر تھے وہ قضا مختصر
خاتمہ سارے شہیدون کا ہوا — تا زوالِ شمس قضا مختصر
التجا اتنی ہی یا ابن الحسین — عرض کرتا ہی یہ بندا مختصر
کیجیے تقسیم جب گلزارِ خلد — وان مجھے بھی دیجیے جا مختصر

در مدح جناب مجتہد العصر و الزمان سیّد محمد علیہ الرحمہ

باقی کوئی وزیر نہ شاہِ جہان علم — بے ماہ و آفتاب ہی اب آسمان علم
روشن ضمیر بزم جہان سے گذر گئے — مدت سے بے چراغ پڑا ہی مکان علم
ہین گرگ سب نشان نہین یوسفؑ کا منزلون — دیتا ہی یہ صدا جرسِ کاروانِ علم
ناوک فگن رہے نہ وہ شمشیر زن رہے — خالی پڑا ہی معرکۂ امتحانِ علم
تیشۂ اجل کا تیز ہی میدان پڑا ہی صاف — کیا کیا قلم ہوے شجرِ بوستانِ علم
بیحس پڑے ہوے ہین نہین بازوون مین زور — تھی جنکے کھینچنے سے کیا وہ کمانِ علم
نام آورون کی فوج ہوئی راہی عدم — کچھ کچھ کہین کہین ہی فقط اب نشانِ علم
دعوے جو کر رہے ہین کہ ثابت قدم ہین ہم — کھاتے ہین ٹھوکرین وہ دمِ امتحانِ علم
جاہل ہین صحبتِ علما مین تو اسطرح — جسطرح لامِ جہل کا ہی درمیانِ علم
اسپر کرے کچھ تمیز نہین دُرد و صاف مین — نافہم بنکے بیٹھے ہین پیرِ معانِ علم
کج بحثیون سے صورتِ معنی بدل گئی — تھی جو بہارِ علم ہوئی وہ خزانِ علم
مطلب عذاب مین ہی معانی فشار مین — ڈالی ہی جاہلون نے شکنجے مین جانِ علم
اے روشنیِ طبع تو بر من بلا شدی — البتہ تیرہ دل ہین یہ زائغ گمانِ علم
قابل خریدنے کے نہین ہی کوئی متاع — کھولے ہوے یہ بیٹھے ہین حاتم دکانِ علم
مطلب غلط کتاب غلط ہی بیان غلط — سر مین ہوا ہے کبر ہی دل مین گمانِ علم

شاگرد جمع ہون تو کرین اُنسے گفتگو — عالم ہین ہم زبان ہماری زبانِ علم
جُبّہ نہین یہ مُرغِ معانی کا ہی قفس — دستارِ سر نہین ہی یہ ہمآ شیانِ علم
منظور نام مرتے ہین شہرت پہ اسقدر — آئین نہ اُنکے پاس اگر طالبانِ علم
بازار جاکے گرمیِ بازار کے لیئے — مونڈھا بچھا کے کہنے لگین داستانِ علم
اِن پست فطرتون نے کیا ہی زمین سے پست — ہرچند عرش سے ہی بلند آسمانِ علم
احوال جاہلون کا کہان تک بیان کرون — اب مُنکشف ہو مرتبۂ عزّ و شانِ علم
بیعانہ ہو جو نقدِ دو عالم تو ہی بجا — کتنی گران بہا ہی متاعِ دکانِ علم
اوراق آسمان و زمین سب سیاہ ہون — لیکن کبھی تمام نہو داستانِ علم
آئے شمیم جامۂ یوسفؑ دماغ مین — سونگھے کوئی جو گردِ پسِ کاروانِ علم
بازو دلاورون کے دمِ امتحان مین شل — ہرگز کسی سے کھنچ نہین سکتی کمانِ علم
موسےٰ کہان ہین برقِ تجلّی کا دین نشان — درکار ہی چراغ پئے دودمانِ علم
رتبہ تو علم کا ہی زمانے پہ جلوہ گر — لیکن ہی کون واقفِ رازِ نہانِ علم
عالم نہین ہی کوئی اگر ہی تو ایک ہی — جسکو وحید جانتے ہین قدردانِ علم
یعنی جناب مجتہد العصر و الزمان — اعجاز کے قریب ہی جنکا بیانِ علم
سیّد محمّدؐ اسم محمّدؐ کے جانشین — شرحِ کتابِ شرع ہی اُنکا بیانِ علم
اِس دور مین فصیح بیان جنکے نطق سے — مضمونِ نو کی طرح سے تازہ ہی جانِ علم
کرتا ہی خامۂ دو زبان کارِ ذوالفقار — خالی نہین ہی معرکۂ امتحانِ علم
پیدا ہوئے وہ بعد ائمّہؑ جہان مین — بے بادشاہ رہنے نہ پایا جہانِ علم
وہ جان ہین سب اہلِ خرد قالبِ خرد — وہ مغز ہین تمام جہان اُستخوانِ علم
ذہنِ بلند و طبعِ رسا کا ہو وصف کیا — یہ تاج بخش حلم و کشورستانِ علم
کیسا جواب بند ہو سحبان کا ناطقہ — جس بزم مین شروع کرین وہ بیانِ علم
موسیٰؑ کی طرح طورِ معانی مقامِ صدر — عیسیٰؑ کی طرح اُنکی جگہ آسمانِ علم
زیبا عروسِ حجلۂ معنی ہی اُنکی فکر — خالی نہین ہی حور سے باغِ جنانِ علم

ق

بہتر ہی اب بطرزِ مخاطب اگر اسیر | واہون لبِ کلام دمِ امتحانِ علم

مطلع ثانی

خوانِ خلیلِ نعمتِ الوان ہے خوانِ علم | تم میزبان تمام جہان میہمان علم
اعضا زبان کی طرح ہین صرفِ بیانِ علم | گویا ہر ایک موے بدن ہی زبانِ علم
کام و زبان ہین آپ کے کام و زبانِ علم | روح و روان ہین آپ کی روح و روانِ علم
مصروف انکشافِ معانی ہمیشہ دل | جب دیکھیے زبان پہ ہی ذکرِ بیانِ علم
ہو کس زبان سے وسعتِ ملکِ سخن بیان | آباد ہین ہر ایک طرف سو جہانِ علم
حاسد کریگا خاک تمھارا مقابلہ | وہ ہی زمینِ جہل تو آپ آسمانِ علم
آئے جو کلکِ فکر کو تحریر کا خیال | ہر ایک دائرہ ہو محیطِ جہانِ علم
ہشتم طبق زمین کا ہی جہلِ حاسدان | دسوان فلک حضور کا ہی آسمانِ علم
رنگینیِ کلام سے حاصل ہوا جو فیض | رشکِ ریاضِ خلد ہوا بوستانِ علم
ہی گرمیِ طبیعتِ عالی کا یہ سبب | ہی عقل کے تنور مین پختہ جوانانِ علم
جسطرح سے کہ ایک صدف مین ہون دو گہر | یون آپ کے ہین ذہن و ذکا توامانِ علم
کاغذ نہین معانیِ رنگین کا ہی چمن | خامہ ہی آپ کا شجرِ بوستانِ علم
دقتِ بیان ہی واہ عجب تیزیِ زبان | کھلتا ہی اس کلید سے قفلِ مکانِ علم
کیا روشنی بیان مین ہی کیا صاف ہر سخن | روشن انھین ستارون سے ہی آسمانِ علم
قرآن حدیث اصول لغت فقہ نحو صرف | رستم کی طرح فتح کیے ہفتخوانِ علم
ہی قطع تن پر آپ کے پیراہنِ عمل | زیبا تھا رے دوش پہ ہی طیلسانِ علم
تیغِ زبان سے ملکِ معانی کیے ہین سر | کیونکر کہین نہ سب تمھین صاحب قرانِ علم
کرتی اگر نہ جودتِ طبع رسا مدد | شمشیرِ عقل تیز نہ کرتی فسانِ علم
بولا فلک یہ راستیِ طبع دیکھ کر | محتاجِ تیر اب نہ رہیگی کمانِ علم
ہوگا نہ محو صفحۂ ہستی سے حشر تک | تحریر آپ کی ہوئی خطِ امانِ علم
گردن کشانِ عرصۂ جنگاہِ قیل و قال | ق | زور آورانِ معرکۂ امتحانِ علم

ہوتا ہو جب مقابلہ سر سے اُتار کر — رکھ دیتے ہین قدم پہ کلاہِ بیانِ علم
ہو کر خلاف تم سے اگر کوئی بیخرد — کرنے لگا کبھی سرِ محفل بیانِ علم
بس ایک ہی جواب مین ایسا ہو انخجل — مُہرِ سکوت ہوگئی قفلِ دہانِ علم
العلم نقطۃٌ جو کہا ہی امیر نے — وہ نقطہ دل ہی آپ کا ای رمزدانِ علم
بعد اُسکے ہی جو کثر ہا الجاہلون ہی — جاہل وہ ہین جو کرتے ہین بیجا بیانِ علم
اُنکا کہان بیان تمہارا کہان بیان — تم خضرِ راہِ علم ہو وہ رہزنانِ علم
جاہل کی جاہلون کو مبارک ہو پیروی — عالم وہ ہین جو آپ کے ہین رتبہ دان علم
جبتک بناے مدرسہ قیل وقال ہی — جبتک کہ بحث علم کرین طالبانِ علم
سایے مین آپ کے رہین ارباب علم وفضل — سر پہ تمہارے سایہ فگن سایبانِ علم
دیکھے بہارِ علم نہ روے خزان کبھی — خرم اس ابرِ فیض سے ہو بوستانِ علم

در مدح حضرت واجد علی شاہ اودھ خلد اللہ ملکہٗ

نصیب اہلِ جہان کو ہو کسطرح زر و سیم — خسیس زال جہان پیر آسمان ہی لئیم
چھپائین صورتِ یاقوت ولعل صاحب بخل — طلب کرین کبھی آتش جو انسے ابراہیم
یہ عام رسمِ مصیبت ہی بحرِ عالم مین — گہر صدف مین جو پیدا ہوئے تو وہ بھی یتیم
کبھی نہ قایلِ اعجاز ہون یہ منکرِ حق — جو لاکھ بار بنے اژدہا عصاے کلیم
وحوش خاک اُڑاتے ہین کوہ وصحرا مین — دلِ طیور ہین سیماب کی طرح سے دو نیم
امید زیست کی کیا خاک ہو مریضون کو — طبیب ہی ملک الموت خود مسیح سقیم
کسی کو سات درم کا بھی ہو اگر مقدور — کہے کہ مین بھی ہون اب بادشاہِ ہفت اقلیم
جو آئے اوڑھ کے جاہل دوشالۂ گلنار — تو اہلِ بزم کرین اُٹھ کے سرو قد تعظیم
ملی ہی ایک بھی سوزن جسے وہ ہی عیسےٰ — عصا لیے ہی جو ہاتھون مین وہ بنا ہی کلیم
ہوا یہ دہر مین بازار بے تمیزی گرم — کہ ذرے کرنے لگے آفتاب پر تقدیم
کسی کا عیش کسی کو ہی باعث ایذا — ہنسا جو پھول بڑھا اضطرابِ موج نسیم

خیالِ خندۂ شادی جو آسمان نے کیا
دہانِ زخم بنا ماہتاب ہو کے دو نیم

وہ بزم کیا ہوئی ہی کسطرف وہ میخانہ
کہ جسمین ہوتے تھے ساغر شراب کے تقسیم

یہ وہ زمانہ ہی منت اگر مریض کرے
سوائے تلخ نہ شیرین دوا بتائے حکیم

اجل بھی ساتھ روانہ ہو صورتِ رہزن
چلے جو کوچۂ دار الشفا کو نبض سقیم

فلک نے اہلِ سعادت کو پس ڈالا ہی
ہوئی ہین سرمۂ چشمِ ہما عظامِ رمیم

زمانہ عیش کرے اب جہان پر قسمت
جو جزو لاینجزا کی ہو سکے تقسیم

عجب نہین اثر گرم و سردِ عالم سے
بدنمون کو ملے نانِ سرد و آبِ حمیم

بسانِ طالعِ مظلوم پست دستِ کرم
بلند دستِ ستم ہی بجائے دستِ کریم

کوئی غریب پہنتا ہی رخت کہنہ اگر
دوشالہ پوش یہ کہتے ہین کسقدر ہی لئیم

گلے ہین غنچون کے زخمی لہومین لال ہین گل
ہوئی ہی خنجرِ بیدادِ ان چمن مین موجِ نسیم

عجب نہین ہی اگر انقلاب عالم سے
دوبارہ ہو گرۂ نار باغِ ابراہیم

وہ کم نصیب ہین مثلِ ہلال اہلِ جہان
کہ جن کی گدائی بنے وہ صورتِ سیم

مسافرون کا یہی حال تنگدستی سے
کمر مین پشت دوتا ہی بجائے نانِ دو نیم

کوئی یہان ہی پریشان کوئی شکستہ حال
نہین ہی عکدۂ دہر جائے ناز و نعیم

اگرچہ نیک و بد دہر سے ہون مین فارغ
مگر زمانۂ غدار سے ہی مجکو بیم

اب اسکے در پہ مین جاؤنگا بہر داد رسی
خمیدہ پشت فلک ہی جہان پہ تسلیم

سپہر مرتبہ واجد علی شہِ دوران
خدیو زینت اورنگ رونقِ دیہیم

گلِ شگفتۂ گلزارِ شوکت و اقبال
دُرِ یگانۂ دریائے التفاتِ عمیم

یتیم دوست مسافر نواز نیک نہاد
کریم دہر فلک قدر واجب التعظیم

نہو جود امنِ حفظ اسکا پردۂ فانوس
چراغ گل کو کرے گل چمن مین موجِ نسیم

نہ اسطرح کا ہی رستم نہ اسطرح کا شجاع
نہ اسطرح کا ہی حاتم نہ اسطرح کا کریم

اسی کے لطف سے ہی کشورِ جہان آباد
شکستہ خانۂ دل جو ہوا کیا ترمیم

جو صبح ہوتی وہ ہوتا ہی بزم سے رخصت
گلوے شمع پہ چلتی ہی تیغِ موجِ نسیم

وہ ذاتِ پاک کہ کہتے ہین جسکو کردگار — وہ خلق عام کہ کہتے ہین جسکو خلق عظیم
سوال آنے کا کرتا ہی خلد سے رضوان — جواب تک نہین دیتے اُس آستان کے مقیم
وہ بزم باغِ جنان فیض وجود و دو چشمے — کہ نام ایک کا کوثر ہی ایک کا تسنیم
دقیق مسئلہ ایسا ہی اُسکی حکمت کا — کہ آئے فہم فلاطون بین بعدِ صد تفہیم
خوشا وہ چشم جو ہو پائبوس حضرت شاہ — زہے وہ سر کہ جو ہو صرف سجدۂ تسلیم
رقم کیئے ہین مضامین جو اُسکی رفعت کے — بسانِ کعبہ ہی ہر بیت واجب التعظیم
وہ جلوہ گاہ جہان حادثہ کا ہی مجمع — وہ آستانہ جو ہی سبعہ گاہ ہفت اقلیم
درِ جنان کی ہی مفتاح جسکو کہتے ہین لطف — عتاب نام ہی جسکا وہ ہی کلیدِ جحیم
جدھر کو اُسکی سواری چلے پڑے تسخیر — نقیب بنکے جلو مین رواں ہو فتح عظیم
فقیر تک کو یہ راحت ہی عہد والا مین — کہ کنج فقر مین ہی عشرتِ ریاض نعیم
یہ جبر جود و سخاوت ہی دہر مین جاری — گہر کی قدر نہین کچھ بر نگ طفل یتیم
وہ حلم آپ کا جس حلم کے گواہ نبیؐ — وہ علم آپ کا جس علم کا خدا ہی علیم
ہوا جو آپ کا شاگرد وہ ہوا اُستاد — نصیب علم ہوا اُسکو جسطرح کی تعلیم
وہ بادشاہِ سخن جسکی نظم کے آگے — کلام خسرو و سعدی کا کہنہ ہی تقویم
نہ تھے جو آپ تو حوّا پہ تھا گمان عقیم — نہ تھے حضرتِ آدم نہ تھی جو آپ کی ذات
خدا نے اُسکو کیا خسرو ہزار اقلیم — کیئے ہین ملک دلِ خلق سیکڑون تسخیر
ہوئے ہین آکے بہم ساکنانِ ہفت اقلیم — درِ کرم وہ مسافر نواز ہی کہ جہان
زبانِ شکر ہی ہر موج کوثر و تسنیم — بلا ہی قلزم طبع رواں سے جو نم فیض
کہ برگ صبر و رضا اُسمین ہین گل تسلیم — عجب شجر ہی دلِ صاف باغِ عالم مین
یہ جبر کوہ کو لعل و گہر کیئے تقسیم — ہمیشہ صرف ہی لیکن کمی نہین ہوتی
یہ فرق ہی اُسے تخصیص ہی اسے تعمیم — جو عدل آپ کا ہی وہ عدالتِ کسریٰ
ہزار پھول کھلین پر نہ ایک مین ہو شمیم — ہوائے فیض اگر صحن باغ مین نہ چلے
کیا خدا نے عنایت عجیب فہم سلیم — ہر اک مہم مین قدم جادۂ سلامت پر

وہ کون مثل ہی کہتے ہین جسکو یاری بخت — وہ کیا شبیہ ہی جسکا ہی نام جاہ و جلال
کسی مکان مین تو ائتی ہی دولت بیدار — کسی جگہ تو ہی تقسیم گنج بذل و نوال
کسی مکان مین تو ہی انتشار و ابغرار — کسی زمین پہ تو ثابت قدم ہی استقلال
کسی جگہ تو ہی خندان ہرا ہرا سبزہ — کسی چمن مین تو پھولے پھلے ہین نخل نہال
یہی تھی فکر کہ اک رات آگئی مجھے نیند — کھلی جو آنکھ ہوا فضل ایزد متعال
کہا یہ مہم غیبی نے کیون پریشان ہی — سفر ہی شرط ظفر کا اگر ہی تجکو خیال
نہین ہی عیش زمانے مین کوئی بے تکلیف — کمال ماہ کو ہوتا ہی دیکھ بعد زوال
اٹھا جو صبح چلا صورت نسیم سحر — چلتا جو باغ وطن رنگ رنگ کے تھے خیال
بیدرنگ جادہ کسی وقت فکر دور از — غبار راہ کی صورت کبھی پریشان حال
ہوا جو چلتی تھی پیدا تھی اک صدائے مہیب — نہ تھا وہ سبزہ کھڑے تھے زمین کے جسم پہ بال
فلک کو کیا کسی دل سوختہ کے غم سے خبر — کہ سوز شمع کا فانوس کو گمان ہی خیال
اسی طرح جو سفر مین بسر ہوئے کئی روز — تو بعد قطع منازل ملی وہ گرد ملال
قریب شام سواد ایک شہر کا دیکھا — نگاہ دیدۂ عاشق مین جیسے شام وصال
کہا یہ دل نے یہی شام عید ہی شاید — امید صبح مین دل شاد شاد ہی جو کمال
پہونچ کے شہر مین کی ہر طرح وہ رات بسر — سحر ہوئی تو چلا بہر سیر مثل خیال
عجب مکان فلک شان و دلکشا دیکھے — کمند وہم کا آنا جہان تھا مرمحال
عجیب نور کی بازار کہکشان سرکین — ہر اک دکان کی محراب روشنی مین ہلال
جدھر نگاہ گئی سیکڑون حسین دیکھے — ہزارہا نظر آئے بتان مہ تمثال
نگاہ پڑگئی ناگاہ ایک کمرے پر — دل آگیا نظر آیا وہ آفتاب جمال
نہ تھا وہ جلوۂ عارض خدا کی قدرت تھی — چمک کی برق نے خرمن کو کردیا پامال
نگاہ ابروے پرخم کی جھک کے وہ شمشیر — کہ ہوگیا دل مجروح زخم کھاکے نڈھال
جگر کا جنبش مژگان سے طرفہ حال ہوا — کہ جسطرح کوئی طائر کرے چھری سے حلال
بجا ہی رشتہ پا ہوگیا جو طائر دل — کہ دلفریب ہوا دام زلف و دانۂ خال

فرشتے قید ہون جس چاہ مین وہ چاہ ذقن — شکار شیر کرے نرگس سیہ وہ غزال
اٹھائی ضرب وہ قبضے سے تیغ ابرو کے — کہ آج تک ہی خمیدہ فلک پہ پشت ہلال
بجا ہی کہیئے اگر اسکو حسن کا سلطان — کہ سر پہ زلف تھی ظل ہما سے فرخ فال
یہ رنگ شوخ کہان پائے پنجۂ مرجان — کہ تھے وہ دست ستم عاشقون کے خون سے لال
عیان تھا اس شکم صاف سے وہ موے کمر — سفید کاسۂ چینی مین جیسے کوئی بال
وہ کاسہ جام حیات خضر کرے لبریز — وہ بال دیکھ کے موسے کو زندگی ہو وبال
تلاش نام جو کی ایک راہرو نے کہا — یہی جہان مین ہی مشہور شاہد اقبال
ہوا مین پشت بدیوار اور حیرت سے — کہ جیسے بیٹھ رہے تھک کے مرغ بے پر و بال
ہوا طلب کا اشارہ اسے بھی رحم آیا — اگر دکھائے نہ کیونکر جو عشق مین ہو کمال
بجا تھی چشم سخنگو یہ جنبش مژگان — کہ انگلیان ہین زبانین بنے تکلم لال
گیا جو بام پہ مجھپر وہ ماجرا گذرا — پہونچ کے طور پہ جیسا ہوا کلیم کا حال
کمال خلق سے بٹھلا کے مجھسے یہ پوچھا — کوئی ہنر ہی کوئی کسب تجھ مین کوئی کمال
کہا یہ مین نے کوئی اور تو کمال نہین — کیے ہین مین نے فن شعر مین سہ صد سال
مری زبان سے جو نکلے ہو خلق مین مشہور — ملے ولون سے نہ تا روز حشر نقش مقال
کہان ہی مجھسا کوئی ناظم فصیح بیان — کیا اشارہ پڑھو کچھ کہ ہم بھی آج سنین
کہا یہ مین نے رباعی پڑھون کہ کوئی غزل — عروس معنی روشن دکھائے نور جمال
کہا قصیدہ کہا ہان بشرط آنکہ وہ ہو — کہا نہین دل نازک پہ ہی گران ہر مقال
نقط یہ شہر نہین ہر دیار کا سلطان — ثنا مین اسکی جو ہی خاص ایزد متعال
جناب کلب علیخان بہادر جمجاہ — فقط یہ ملک نہین حاکم جنوب و شمال
تمام ہو زاغ اگر اسکی راہ مین لوٹے — کہ مجھسے سیکڑون خادم ہین ان قدر تمثال
تکیو سرشت و جوان دولت و جوان طالع — ملے جو خاک قدم دیو ہو پری تمثال
فلک شکوہ و فلک شوکت و فلک اورنگ — بلند بخت و بلند اختر و بلند اقبال
مسیح چرخ حکومت کلیم طور کمال — مسیح

نہنگ بحر شجاعت ہزبر بیشۂ جنگ — کرم مین حاتم طائی و غا مین رستم زال
دم وغا دم تیغ و دم سخا ابر گہر — نسیم گلشن جاہ و شمیم مشک جلال
دیا اسی نے تو چتر شکوہ دارا کو — ملا اسی سے سکندر کو افسر اقبال
رقم ہوا در کوئی ای قلم یہان مطلع — جواب ہو سخن لاجواب کا فی الحال

مطلع ثانی

بھرا چمن یہ گل فیض سے کہ غنچہ مثال — جو طائر آئے تو بیٹھے سمیٹ کر پر و بال
وہ کار خیر شب و روز تجھسے ہوتے ہین — کہ جسکو لکھ نہین سکتے ہین کاتب اعمال
ترے کرم سے یہ ہین بور یا نشین منعم — جو دل مین آئے تو دم مین خرید لین نیپال
یہ عاجزون کا بڑھا رتبہ بزم عالی مین — ق — کہ سرکشون کو نہین سرکشی کی اُنسے مجال
عجب نہین جو زمین سے اٹھا کے سائے کو — روا کی طرح سر دوش پر بٹھائین نہال
تری طرح ترا دست کرم ہی صاحب خلق — جو سائل آئے تو کرتا ہی بڑھ کے استقبال
کیا ہی صحن جہان یہ ہوا سے لطف نے صاف — ق — کہ منزلون نہین ملتا نشان گرد ملال
کہین رہی نہ کدورت نہ دہر مین الجھن — صفائے زلف سے ہی دست شانہ فارغبال
جو باز بھی طرف باغ لطف آ نکلا — تو گل ہوا دم پرواز غنچۂ چنگال
ٹھہر رہی تری نخل کو دیکھکر لچپ — صبا جو ب کی جانب چلی نہ سوے شمال
ملی یہ سائے کو قدمون کے نیچے آسائش — کہ شام تک نہ بڑھا اپنی حد سے بعد زوال
وہ نور ہی کہ اگر ایک دم یہان ٹھہرے — صبیح ہو رخ یوسف سے بڑھ کے روے بلال
وہ بزم باغ مصفا ہی کہ دلبل سے — برنگ طائر بو آئے جھاڑ کر پر و بال
دم بیان فصاحت وہ رنگ دکھلایا — کہ مثل غنچہ ہی منھ مین زبان سحبان لال
وہ باغ ہی تری تفسیر کے بیان کا وسیع — جہان کہ قاضی بیضا مین مرغ نے پر و بال
کبھی دقیقہ رسی پر جو آئے سوزن فکر — تو پھانس نقص کی معنی کے دل سے لے وہ نکال
رواج شرع ہی ایسا ترے زمانے مین — قضا نماز کرے جو ہو اُسکا خون حلال
زبان خود اُسکے دہن کو ہو مرہ تعزیر — شکست صوم کا لائے کوئی جو دل مین خیال

خارِ ست کو ہی میکشی کا خمیازہ — بدن مین رعشہ ہی ساغر کشی کا ہی یہ مآل
دیا ہی تو نے جو فرمان ترک میخواری — نہ دُر دیتا ہی صافی سے اب کوئی نہ زلال
بڑھائے ہاتھ بطرفی کی سمت اگر میکش — کبھی نہ سید ہو اُڑ جاے کھولکر پر و بال
یہ معدلت ہی کہ جاری ہو حکم جس ہوا — کسی کے دامنِ دل کو چھوے جو گردِ ملال
نگاہِ قہر جو دے حکم ہر زہ گردون کو — کہ حد سے پاؤن بڑھائین نہ مردمک کی مثال
تو جام بادہ مین یو مثلِ دُر دبیٹھ رہے — نہ نکلے الحذ کے گھر سے حشر تک تمثال

مطلع ثالث

ہمیشہ حفظ مین دورِ فلک سے ہون اطفال — لگائین طوق مین گر تیرے ناخنون کے ہلال
عجیب صورتِ زیبا خدا نے بخشی ہی — درود بھیجین فرشتے جو دیکھ لین یہ جمال
یہ تیرے قد سے ہوئے منفعل صنوبر قد — زمین مین گڑ گئے پانی مین جیسے عکس نہال
جنان سے چشمۂ کوثر کا لائے دامنِ حور — وضو کے بعد اگر تو طلب کرے رومال
نسیمِ لطف نے دریا کو دی یہ آرایش — کہ پاے موج مین گرداب بنگیا خلخال
لگائے ابر کے دامن مین آگ برقِ غضب — اُٹھائے دل مین جو طوفان آب گردِ ملال
جو تو ہو حامی مظلوم یہ ڈرین ظالم — کہ تیر طائرِ بے پر کو نذر دے پر و بال
ندا نے تجھکو زمانے مین کر دیا مختار — تری کنیز ہی دولت ترا غلام اقبال
وسیع ہی یہ ترے بحرِ فیض کا دامن — کہ ہر حباب کی ہی آنکھ اُسمین نیلی تال
ہوا چلی ہی ترے فیض کی جو دریا پر — ہوا ہی کیسہ ماہی درم سے مالا مال
عطا کیے ہین خزانے یہ تنگدستون کو — وبال ہی اُنھین دولت جو لوگ تھے کنگال
عجیب در پہ ترے سائلون کے ہین سامان — ہزارون ساتھ مین مزدور سیکڑون حمّال
وہ ابرِ دستِ کرم جس سے بحر کہتا ہی — اُدھار پیٹ کا میرے ہی تیرے منھ کا اگال
دماغ ہی یہ ترے میکدے کے مستون کو — جو ائین خسرو و جمشید بھی کرین نہ خیال
اُٹھین عدا ہاتھ سجود کے ذرا پئے تسلیم — بڑھے نہ پاے خمِ بادہ بہر استقبال
سموم قہر چلے باغ کو کرے گلخن — نسیم لطف سے گلخن ہو حوض آبِ زلال

نہ بس ہی خوف کوئی دانہ ہو نہ فریادی
ہین آسیائے گلی سے بھی دست کش اطفال

نگاہِ تند سے کب شیر دیکھ سکتا ہی
جو آنکھ ڈالے تو آنکھین نکالین اُسکی غزال

ملے جو ذرہ خاک قدم کہان کا مرض
پہاڑ ٹالتی ہی گو دوا ہو اک مثقال

جمالِ پاک نے دی ہی جو آنکھ کو قوت
ہمیشہ مرغ نظر اُڑ رہا ہی بے پر و بال

خیال مین مرے آئے ہین اور بھی مطلع
کہ دامن آنکے ہین مضمون کے زر سے مالا مال

مطلع رابع

کرے قصیدے مین شاعر جو نظم وصف نوال
نہ بندھ سکے کبھی پھر اُس سے قافیون مین سوال

مقابلے کا ترے قصر سے ہی اُسکو خیال
بجا ہی اب جو نکالے فلک مین شاخ ہلال

عجب نہین ہی جو ظلمت ہو تو رسے پامال
سحر کو حکم ہی چھوڑے نہ شام کا دُنبال

عدو کو ہوتے ہی پیدا فلک کرے تہ خاک
نہ پائے گاڑنے دایہ زمین مین کاٹ کے نال

یقین ہی بام پہ جب چاند دیکھنے کو چڑھے
اُتر کے دیدۂ دشمن مین ناخنہ ہو ہلال

ترے خلاف جو گردش کرین یہ ستارے
ہر ایک برج کی ہو سیر اُنکے حق مین وبال

یہ تیرے نیزے نے پست و بلند کو چھانا
زمین ہی خانۂ زنبور آسمان غربال

غضب ہی قہر ہی روز وغا یہ مارو سر
کہ خوفناک ہین اہل جنوب و اہل شمال

سرون کو تن سے گراتی ہی اسطرح تری تیغ
زمین پہ جیسے کہ اثمار شاخ دیتی ہی ڈال

یہی ہی ماہِ نوِ آسمانِ فتح و ظفر
یہی ہی ماہیِ دریائے نصرت و اقبال

یہ ریزہ ریزہ کیا اسنے جسم اعدا کو
کہ روز حشر ہوا اُنکا اجتماع محال

جو بعد قتل تجھے پونچھنا ہو تیغ کا منہ
تو پیش دامن زخم عدو کرے رومال

خوشی ہوئی یہ اسے آکے تیرے قبضے مین
کہ روز بڑھتی ہی اب بال بھر برنگ ہلال

قلم ہو تیز سیاہی روان تو لکھون مین
ثنائے اسپ سبک رو کہ ہی وہ برق مثال

قدم یہ اسمین ہی دریا کہ بنتے ہین دم سیر
زمین پہ نقش قدم چشمہ ہائے آب زلال

خوشی مین کوہ بھی مانند کبک چل نکلے
جو کھینچ دے کوئی نقاش سنگ پر تمثال

لگائے اُسکو دم سیر تو جو کاوون پر
تو گرد پوش بنے آکے گردشِ مہ و سال

ہوا کی طرح روان ہو جو خرمن گل پر
سبک روی سے نہو ایک برگ گل پامال

چلے جو ساتھ تو ماند گرد رہجائے
ہوا جنوب کی پہونچے اسے نہ باد شمال

جبین ہو ماہ دو ہفتہ تو ماہ نو گردن
جو کان غنچہ سوسن تو سنبل اسکی ہو یال

جدا ہو پھر نہ کبھی سم سے نعل کی صورت
فلک سے اسکے قدم تک پہونچ سکے جو ہلال

جو ذکر اسکا شب ہجر مین کرے عاشق
یقین ہو دم مین گذر جائے مثل روز وصال

سخن بلند نہو وصف فیل مین کیونکر
کہ پست اسکی بلندی کے سامنے ہین جبال

جو نیلبان نے رنگا ہو تو مین بھی مدح کرون
عروس معنی رنگین کو چاہیئے سکھ پال

نہین ہین دانت یہ خرطوم فیل کے چپ و راست
روان ہین نیل سے دو چشمہ ہائے آب زلال

کبھی یہ ترک فلک چرکٹون مین تھا چاکر
ق سرشت سفلہ ہین ہے عادت خیانت مال

کبھی کنارہ لیا روٹ کا کبھی گنتا
وہی ہے کاہکشان آج تک وہی ہے ہلال

اسپر ختم قصیدے کو کرنہ دے اب طول
کہ ہے طویل سخن گوش سامعین کو وبال

کرون جو شکر عنایت کہان زبان ایسی
کہ آبرو مجھے بخشی سوائے دولت و مال

اگر ہے زیست تو پھر آستان پہ آونگا
ضرور اب مجھے کعبے کا حج ہوا ہر سال

خوشی ہو دل کو نہ کیون جب یہان جھکی گردن
جو خم ہو شیشہ تو ساغر ہو مے سے مالا مال

خدا سے مانگ دعا اب کہ یا رحیم و کریم
چمک کے مہر درخشان ہو کوکب اقبال

اسی کی ذات سے پاتا ہے پرورش عالم
رہے جہان مین سلامت یہ تا صد و سی سال

در مدح نواب محمد کلب علیخان بہادر حاکم رامپور

زمین پہ میرے قدم ہین سر سمان ہین مکان
عروج بخت نے پہونچا دیا کہان سے کہان

سر نیاز جھکا ہے اُس آستانے پر
کہ جسکے سجدے کا ہے ماہ کی جبین کا نشان

عجب نہین کہ یہ ذرہ چمک کے ہو خورشید
عجب نہین کہ یہ قطرہ ہو گوہر غلطان

عجب بہشت مین لائی تھی زیست مین تقدیر
کہ عین عالم پیری مین ہو گیا مین جوان

وہی ہے قوت بازو وہی ہے نور بصر
وہی دماغ وہی دل وہی ہے تاب و توان

وہ راست تیر کی صورت ہی قوتِ دل سے
خمیدہ ضعف سے جو قد ہوا تھا مثلِ کمان

فسردہ تھی جو طبیعت وہ اب ہوا ایسی گرم
زبانہ شمع تجلی کا بن گئی ہی زبان

صدا گلے سے نکلتی ہی زمزمہ بنکر
وہ لب ہین صورتِ منقار مرغ خوش الحان

الٰہی اسکو کہون خواب یا مین بیداری
چٹکا جیم ملا مجکو بوستانِ جنان

کسی زمانے مین تھا لکھنؤ مرا مسکن
کہ آج ہی وہ چمن زار پائمال خزان

خدا کے فضل سے نعم البدل ملا مجکو
وہ شہر کون جو ہی رام پور خلد نشان

مٹا وہ داغ کہ مطلق اثر نہین اُسکا
بھرا وہ زخم کہ باقی رہا ذرا نہ نشان

پہونچ کے مین نے اُٹھائی ہین لذتین کیا کیا
بیان مین جسکے ہی قاصر زبان صدق بیان

عجب سواد طرب خیز طرفہ آب وہوا
عجب بہار کہ جسمین نئے نئے سامان

عمارتین ہین وہ عالی کہ تا بحشر نہو
کمند وہم رسا تا بہ کنگرِ ایوان

جو خشت ہی وہ زرِ مہر و سیم ماہ سے ہی
نظیر قصر جنان ہی ہر اک بلند مکان

بلند ہی وہ درِ شہر دیکھتی ہی جو حور
تو کہتی ہی کہ یہ ہی باب روضۂ رضوان

دراز ایسے بنائے ہین شہر کے بازار
کہ راستے نظر آتے ہین شکل کا بکشان

کیا ہی گنج وہ طیار دلکشا و وسیع
بنا مین جسکی ہوا ہوگا صرف گنج روان

جو جنس گنج مین نایاب ہی وہ ڈور کی ہی
برنگ منزلِ مہتاب ہی ہر ایک دکان

رئیس شہر کو دیکھا تو صاحبِ ہمت
غریب دوست مسافر نواز مرتبہ دان

عجب رئیس عجب حکمران عجب نواب
جناب کلب علیخان بہادر ذیشان

دلیلِ دعوی ترجیح اشرفِ مخلوق
خمیر مایۂ ایجادِ عالم امکان

وہ انتظامِ ممالک وہ انصرامِ امور
خلل کا نام نہ باقی فتور کا ہی نشان

جو فوج دیکھیے آراستہ برنگ عروس
بشکل آئینہ چشم فلک جہان حیران

عدالتون کے ہین احکام سب موافق شرع
وہ امر و نہی جو ختم الرسل کا ہی فرمان

شکوہ و شوکت و اقبال و جاہ کو دیکھین
کہان ہین خسرو و جمشید و قیصر و خاقان

اُسی کی ذات پہ ہی قطع جامۂ ہر فن
نقوشِ علم و ہنر چین آستین سے عیان

کیا ہی سارے زمانے کو اُسنے حلقہ بگوش — وہ کون ہی جو نہین اُسکا بندۂ احسان
سُنے جو گوش خرد سے یہ گفتگوے فصیح — یقین ہی نام فصاحت کا پھر نہ لے سحبان
عدالت ایسی کہ کسرائے عہد کہتے ہین سب — شجاعت ایسی کہ مغلوب رستم دستان
بڑھائی اُسنے یہ دین رسول کی رونق — کہ خلد مین ہین ثنا خوان ابوذر و سلمان
یہ مثل آب شب و روز فیض جاری ہی — کہ سیم و زر کا برستا ہی ہر طرف باران
مقابلہ ہو جو جا سے لشکر اعدا — دم نبرد وہ تیغ ہی دم ثعبان
عدو ہی قابل نفرت سبب یہ زیست کا ہی — رکی ہی تیغ تو اُس سے کھنچی ہوئی ہی کمان
ہوا ہی صدر نشین جب سے وہ بلند مقام — ہر ایک امر کی رونق ہوئی ہی صد چندان
ہوا یہ شہرۂ الطاف دہر مین شائع — کہ ہر طرف سے ہوے جمع کاملان جہان
کہان یہ عالم و فاضل کہان یہ اہل ہنر — کہان یہ ناظم و ناثر کہان یہ اہل زبان
حکیم و عابد و زاہد و مفتی و قاضی — فقیہ و عارف و حفاظ و قاری قرآن
شریک بزم ہین نواب امیر شہزادے — وہ میزبان کہ رضامند اُس سے سب مہمان
کرم ہوا متقاضی یہ ذات اقدس کا — اُٹھائین فائدے ہمسے تمام اہل جہان
جہان مین جتنے کہ تاجر ہین اور سوداگر — ہر ایک شہر سے لے لے کے آئین جنس گران
دیا قرار وہ میلا کہ جو ہوا مشہور — فراہم اُسمین ہوے دور دور کے انسان
جو اچھی چیزین ہین وہ خود خرید لیتے ہین — دو چند دیتے ہین قیمت کہ خلق ہو شادان
جو دھوم دھام سُنی مین نے ایسے میلے کی — ہوا مین شوق کے دریا مین مثل موج روان
لگائے راہ مین اسدرجہ اشتیاق نے پر — کہ اُڑ چلا تن خاکی بھی مثل طائر جان
پہونچ کے مجھکو ملی بے نظیر باغ مین جا — وہی مقام ہی میلے کا رشک باغ جنان
رفیع قدر عجب باغ کا ہی دروازہ — بلند ہی کسی شاعر کا مطلع دیوان
کہا یہ دل نے یہی قصر و نہر جنت ہی — ملا جو بہر سکونت قریب نہر مکان
ہزار دن کعبۂ مقصود مین کیے سجدے — کہان یہ چشمۂ زمزم کہان یہ تشنہ دہان
قریب اُسکے وہ کوٹھی کہ جسمین ہین نواب — کہون جو عرش اُسے بول اُٹھے سپہر کہان

صفا مین کچھ دل عارف سے بھی زیادہ ہی
فروغ برق تجلی ہی مثل طور عیان

زمین پر آکے اٹھاتے نہ داغ غم آدم
جو دیکھتے یہ منازل یہ قصر یہ ایوان

کسی دیار کسی شہر مین نہین دیکھی
وسیع سامنے کوٹھی کے ہی جو نہر روان

نہ جا سکے کبھی اس لب سے آنکھ اُس لب تک
نگاہ موج صفت بیچ مین ہو سرگردان

حباب وموج نہ سمجھو پے نظارہ وصف
ہزار چشم یہ سرچشمہ ہی ہزار زبان

اک اور نہر بنائی گئی ہی جانب شرق
کہ جسکو خضر بھی کہتے ہین چشمۂ حیوان

نہین ہین اُسمین برابر بلند فوارے
اُٹھے ہین دست سخاوت کہون گہر افشان

کہان زبان بسلم کو یہ قوت تقریر
کرے بیان جو میلے کا سب سروسامان

ہزارون خیمے ہین استادہ سیکڑون پالین
پُر سکونت وبہر قیام خرد وکلان

ہر ایک شہر سے آئے ہین لوگ غول کے غول
امیر اہل تمول رئیس پیر وجوان

عجب ہجوم ہی سوداگردن کا میلے مین
کہ سارے باغ مین ملتی نہین ہی جاے دکان

دو رستہ چار طرف سیکڑون دکانین ہین
متاع تحفہ وانواع مال بے پایان

طرح طرح کا ہی ہر سو جو ڈھیر پشمینہ
کھلا ہی باغ نیا پھول ہین نئے خندان

کہین ہی اطلس وکمخواب وگلبدن کی بہار
عجب بہار کہ جسکو کبھی نہین ہی خزان

کم آئے خواب اُسے دیکھے جو آنکھ یہ کمخواب
وہ چادرین جو کرین چادر قمر کو کتان

لٹائین گھر کو تو لین مست نشۂ دولت
دکانین جوہریون کی کسی طرف بیحد

کسی طرف کو ہین چینی فروش ومیوہ فروش
جواہر ایسے کہ جنکی ثنا مین لال زبان

طروف سیم نہین پہلوے ظروف طلا
کہین کیے ہوے صراف ڈھیر اشرفیان

لٹکتے ہین جو دکانون مین جھاڑ صاف ولطیف
ہزار ہا مہ وخورشید کا ہوا ہی قران

مٹھائیان ہین وہ حلوائیون کی پاک ولطیف
نہال وادی ایمن کا دے رہے ہین نشان

وہ در بہشت کہ دی جسنے روح کو لذت
ہوا ہی جنکے بنانے مین صرف شیرۂ جان

کبابیون کی دکانون کی کس سے ہو تعریف
در بہشت کھلا آگئی ہوا سے جنان

وہ ذائقے کہ دہجو لینگے جسکو کام وزبان

نہین ہو ایسی کوئی چیز جو نہین موجود — جہان بھر کی ہین میلے مین نعمت الوان
خصوص زہرہ جبین ماہرو وہ ساتن ہو — تمام میلے مین مشہور خاص جسکی دکان
وہ شمع اہل تماشا ہین اسکے پروانے — وہ رشک شاہد معنی قیس ہو تمام جہان
دھرے ہوئے ہین طلاکار سیکڑون پنجے — چمک مین ماہ درخشندہ سیکڑون قلیان
چلم پیے وہی جو پہلے زر بھی دے دل بھی — سوائے سکۂ رائج ہو نذر نقد روان
قریب اسکے جو کوٹھی ہو مسکن سرکار — نئی طرح کے تماشے ہجوم اہل جہان
کہین اکھاڑے مین کرتے ہین پنج کشتی گیر — کہ ٹھوک ٹھوک کے خم ٹھونکتے ہین جوانسے جوان
کہین پڑے کی کسی جا ہی بانک کی کثرت — وہ جست خیز وہ چونچین کہ عقل ہو حیران
فسونگرون کے تماشے ٹٹون کے رقص عجب — وہ سانگ دل مین چبھوئین جو بیدلون کے سنان
بلند کیون نہ صدائین ہون گانے والون کی — چمن کھلا ہو چہکتے ہین مرغ خوش الحان
تمام باغ اکھاڑا ہوا ہی اندر کا — کہین جہان مین ایسے پری جمال کہان
پری جمال کوئی ہو تو کوئی حور مثال — جہان سے آئی ہین حورین تو قاف سے پریان
ہوا نے جب یہ خبر لکھ ہاے ابر کو دی — تو وہ بھی سیر کو بیتاب آئے قطرہ زنان
دلون کو سرد کیا لیکن انکی آمد نے — وبال ہو گئے ناخواندہ جسطرح مہمان
فلک نے بیچ کے خورشید انھین کیا رخصت — کہ غیر جنس کا آنا تھا سب کے دل کو گران
بلا کٹی جو کٹی صاف ہو گیا مطلع — کرم وہ کیا کہ غضب مین ہون جس سے اہل جہان
وہی ہجوم وہی جمگھٹے ہین پھر ہر جا — اسی طرح سے تماشے مین گرم پیر و جوان
ہر ایک درخت کے نیچے ہو محفل عشرت — ہر ایک خیمے مین عیش و نشاط کا سامان
تمام روز تو ہین لوگ گشت مین مصروف — شب آتی ہو تو چراغان کے ہوتے ہین سامان
زمین سے تا بفلک طرفہ نور کا عالم — کنول زمین پہ ستارے سپہر پر رخشان
علی الخصوص شب آخرین کو میلے مین — عجب طرح کا بندھا قدرت خدا سے سمان
سوار کشتی گردون شکوہ پر نواب — کمال لطف چراغان کنار نہر روان
عیان ہین تین چراغان جو غور سے دیکھو — چراغ دیدۂ مردم کو اکب رخشان

رواں ہی کشتیِ مہتاب برجِ آبی مین — جلوسِ خسرو خاور وہان بشوکت و شان
کہین ہین سرخ کنول اور کہین ہین سبز کنول — چمن ہین لالے کے کیا سبزہ زار مین خندان
پڑا ہی عکس جو اس روشنی کا پانی مین — وہ کان لعل و زمرد ہی زیرِ آب رواں
کرہ ہوا کا دمِ شغلِ بازیِ آتش — یہ گرم ہی کرۂ نار کا ہی سب کو گمان
کہا جنون نے کہ ہم خاکیون پہ غالب ہین — کیا ہی پردۂ آتش نے روے خاک نہان
کہین پھرانے لگے چرخیون کو آتشبازر — کہین لڑانے لگے فیل مثل فیلِ دمان
کبھی تو پھول کھلے گاہ چاندنی چھٹکی — دکھایا جلوۂ مہتاب گلفشان نے سمان
چلین جو قلعے کی توپین ہزار صور پھنکے — زمین کانپ گئی آسمان ہوا لرزان
کہا قطار غبارون کی دیکھکر سب نے — ہوا پہ زیرِ فلک برجِ آتشی ہین رواں
بیان کیا ہون جو کیفیتین اٹھائی ہین — ادا نہ شکر ہو ہر موے تن اگر ہو زبان
تمام حال کیا کلکِ فکر نے تحریر — مگر خلاصۂ مطلب ابھی ہوا نہ بیان
کہو ادب سے کہ بزمِ سخن سے باہر ہو — جو بات حق ہی بھلا کسطرح ہو دل مین نہان
رہی نگاہ مین تو دن بہار میلے کی — ہزارون دیکھے حسین گلعذار غنچہ دہان
برسبب کعبہ بناوٹ کی کچھ یہ بات نہین — یہ شہر مصر ہی سرکار یوسفِ کنعان
کبھی ہی طائرِ دل پر نگہ خدنگ افگن — کبھی ہی زخم جگر پہ ہنسی نمک افشان
کلام کرتے ہین جب منھ سے پھول جھڑتے ہین — عجب کلام ہی رنگین عجب شگفتہ بیان
خدا کی شان ہی حسن و جمال سے پیدا — زمانے مین کہین ہوتے ہین اسطرح کے جوان
یہ جاہ و دولت و اقبال حشر تک قائم — خدا کا سایہ ہمیشہ رہے نبی کی امان
اسیر ختم قصیدے کو کر دعا اب مانگ — اٹھا کے ہاتھ بدرگاہ ایزدِ منان
کہ جب تلک مہ و خورشید مین ہو نور و ضیا — ستارہ شوکت و اقبال و جاہ کا تابان
تمام ملک زمانے کے آئین زیرنگین — تمام خلق الٰہی رہے تابع فرمان

در مدح نواب محمد کلب علیخان بہادر ادام اقبالہ

ہرگز ہمارے دل کا نہین ہمسر آئینہ — یہ ایک لوح نور کی ہی پھرا نہ

دل کو ظہور جوہر ذاتی سے ہی فروغ
جوہر کھلین تو اور ہو بے جوہر آئنہ

دل اپنا دیکھتا نہین شستا نہین ہی کیا
اسکے تو گوش و چشم ہین کور و کر آئنہ

جب خاکیون کا دست نگر ہی تو کیا ہی قدر
روشن ہی صاف کرتی ہی خاکستر آئنہ

جوش صفا سے دل ہی کف دست شیر حق
ہو چشم گر بہ چکے اگر خود سر آئنہ

سو بال آئین غم سے تو دل کو نہین وبال
بیکار ایک بال سے ہو بیکر آئنہ

کھائیگا میرے دل سے مقرر شکست فاش
کہدو کہ جلد بزم سے ہو باہر آئنہ

اڑ جاے سامنے سے جو ہی پاس آبرو
کچھ طوطیون سے مانگ کے بال و پر آئنہ

اب بھی صفاے قلب کی پائے اگر خبر
تولے یقین ہی سنگ سے اسکندر آئنہ

وجہ صفا اگر کوئی پوچھے کہون یہ صاف
اہل صفا سے مجکو ہی صحبت ہر آئنہ

کھویا ہی اُنکے فیض سے یون مین نے زنگ دل
جسطرح صاف کرتے ہین روشنگر آئنہ

اہل صفا وہ لوگ کہ جنکا ہی سر گروہ
روشن ضمیر جسکا ہی سنگ در آئنہ

انجم سپاہ کلب علیخان جم شکوہ
دارا حشم سکندر ثانی ہر آئنہ

ہی صبح عید چاہیئے کچھ نذر کے لیے
لیکن ہی حال مور سلیمان پر آئنہ

گذرے یہی قصیدہ نظر سے بجاے نذر
جوش صفا سے ہی جو صفا پرور آئنہ

لایا تو رو برو مگر اتنا خیال ہی
کیا ہوگا زیب محفل اسکندر آئنہ

ہان عکس روے صاف کا پڑ جائیگا اگر
بنجائیگا چمک کے مہ انور آئنہ

مذکور ماہ کیا ہی کہ ہو جائیگا ابھی
رتبے مین آفتاب سے بھی برتر آئنہ

پرتو سے خط و خال کے جاے عجب نہین
محفل مین ہو جو فرد سر دفتر آئنہ

کھلجائینگے ذرا بھی جو دندان دم کلام
پیدا کریگا مثل صدف گوہر آئنہ

مشہور اسکے رنگ طلائی کا فیض ہی
کیا بعید عجب جو سونے کا پائے گھر آئنہ

آب آئنہ کی آب طلا عکس سے بنی
مانند آفتاب ہو طشت زر آئنہ

پائی یہ پرتو لب شیرین سے آبرو
تسنیم ہو کبھی تو کبھی کوثر آئنہ

آنکھون کا عکس اور سر دست دعوہ
صاف کی ظہور کا ہو ساغر آئنہ

دیکھے جو اُسکا چاہ زنخدان تو ہو نثار
گرداب کی طرح سے کرے چکر آئنہ
ہو دل مین اور اب کوئی مطلع سنائیے
جسکو کہین تمام سخن پر در آئنہ

مطلع ثانی

فضلِ خدا سے ہی وہ رخِ انور آئنہ
ہی جس سے شکلِ شوکتِ اسکندر آئنہ
گردون وقار مہرِ لقا عرش منزلت
ہر نقش پاے داورِ دارا فسر آئنہ
تقریر ہی وہ صاف کہ ہر ایک لفظ سے
ہین معنیِ شریعتِ پیغمبر آئنہ
دیتی ہی دل کو خاکِ درِ پاک یون فروغ
جسطرح صاف کرتی ہی خاکستر آئنہ
نورِ جمالِ پاک کو دیکھے جو خواب مین
بُت توڑکر بنانے لگے آزر آئنہ
چاہے جو زینتِ رخ و زلفِ عروسِ جاہ
مشّاطہ شانہ لائے تو اسکندر آئنہ
حکمت مین دیکھیے تو فلاطون روزگار
شوکت مین دیکھیے تو سلیمان ہر آئنہ
وہ زیبِ بزم چاہے تو آئینہ دار کیا
ہر صبح لیکے آئے شہِ خاور آئنہ
ہو حاضرِ حضور تو دولت نصیب ہو
چاندی کا بلک سونے کا پائے گھر آئنہ
ہر چند بزم و ہر مین حاکم ہین سیکڑون ق
صاحب خبر پر اُنمین یہی ہی ہر آئنہ
گھر بیٹھے اُسکو سارے زمانے کی ہی خبر
ہی حال ہر جزیرہ و ہر کشور آئنہ
وہ صاف دل کہ قبضۂ قدرت مین اُسکے ہی
جس گنجنے کا ہو ورقِ ابتر آئنہ
خوبون کو منعِ نازشِ بیجا اگر کرے ق
بیشک وہی عمل مین وہ لائین ہر آئنہ
شرمائے ایسی چھوڑدے زینت کو زال ہر
رکھے چھپا چھپا کے تر چادر آئنہ
ہر چند رعبِ محفلِ عالی سے ہو مدام ق
لرزان بسان کشتیِ بے لنگر آئنہ
پر ہی یہ فائدہ کہ ہوئی دفعِ چشمِ بد
جوہر سپند ہین صفتِ مجمر آئنہ
جسدن وہ دیکھے آئنہ وارون کا جانور
آئے بغل مین داب کے اسکندر آئنہ
ہی جسمین شکلِ دولت و اقبال لازوال
حقا وہ اُسکے بخت کا ہی اختر آئنہ
دریاصفاے قلب کا جس جا ہی موجزن
ترتا ہی صورتِ گلِ نیلوفر آئنہ
تیغِ نگاہِ قہر سے ڈرتا ہوا سقدر
پہنے ہی جسم مین زرہ جوہر آئنہ

زانو پہ اُسکے پاکے جگہ یہ بلند ہو — گردون پر آفتاب سے لے ٹکر آئنہ
پہونچے اگر نہ محفلِ عالی مین چار دن — ہو بدر سے ہلال پہ ہولا غر آئنہ
وہ نور کا ورق ہی جبین جسکو دیکھکر — مُہرے کی طرح بزم مین ہی شش در آئنہ
تشبیہ روے پاک سے سمجھے ہین لیکہ مین — مردم صفر مین دیکھتے ہین اکثر آئنہ
اب مدح چاہیے کہ بطرزِ خطاب ہو — معنی وہ ہون کہ جیسے صفا چو در آئنہ
زانو پہ جب سے آپ نے دی ہی اُسے جگہ — مارے خوشی کے جامے سے ہی باہر آئنہ
پایا ہی عکسِ عارضِ روشن سے طرفہ حسن — گہ حور وش ہی گاہ پری پیکر آئنہ
زردار ہو کے رنگ طلائی سے کیا عجب — مہرِ فلک سے چھین لے تاجِ زر آئنہ
طولِ سخن ضرور نہین قصہ مختصر — صدقے سے آپ کے ہی بلند اختر آئنہ
ہوتا اگر نہ محفلِ عالی مین باریاب — پاتا کہان سے طالعِ اسکندر آئنہ
اب بھی کبھی جو آنکھ ذرا آپ پھیر لین — ہو گھٹ کے آرسی سے کہین کمتر آئنہ
دل پر پڑے وہ چوٹ جو قدمون سے ہو جدا — چھوڑے ٹپک کے سنگ پہ اپنا سر آئنہ
روشن ہو اکہ آپ کے در کا فقیر ہی — تن پر ملے ہوئے ہی جو خاکستر آئنہ
لیکن ہین صاف صاف دلون کی طرف سے آپ — منظور کب یہ ہی کہ پھرے در بدر آئنہ
ایسا کیا ہی اُسکو مصاحب حضور نے — پیشِ نگاہ صبح سے ہی دن بھر آئنہ
ممکن نہین کہ اب کسی محفل کو رُخ کرے — سمجھا ہوا ہی آپ کے گھر کو گھر آئنہ
دشمن عدو کا آپ کے ہی دوست کا یہ دوست — اِس خاصّے مین مجھسے بھی ہی بڑھکر آئنہ
اُسکو جلاے اِسکو کرے سیر اِسلیے — آتشکدہ کبھی ہی کبھی کوثر آئنہ
کیا خوب اِس قصیدے مین کہتا ہی انوری — مضمون شعر نور سے ہی انور آئنہ
شاہنشہے کہ بہرِ عروسِ جمال دوست — ہفت آسمان مشاطہ و ہفت اختر آئنہ
منظور پیروی ہوئی اُسکی جو فکر کو — نکلا یہ شعر جیسے صفا گشتر آئنہ
وہ مالکِ جہان کہ ہی بہرِ عروسِ مُلک — مشاطہ عدل نیتِ حق پرور آئنہ
کرتا ہی ایک شاعرِ شیرین بیان بیان — ہی محفلِ سخن مین یہ شعر تر آئنہ

در سلخ کہ دشنۂ قصاب رہ نبرد
بندد قنارہ بر جگرِ مخبر آئنہ

اپنی بھی فکر نے دمِ فکرِ سخن کیا
آئینہ آئنے کے مقابل ہر آئنہ

شادی کا دن ہی دشمنِ بدبین کو روزِ مرگ
دولھا دولھن کے بیچ مین ہی خنجر آئنہ

دشمن وہ زشت رو ہی جو پڑھ جائے اسکا عکس
جل بجھ کے نارِ غم سے ہو خاکستر آئنہ

دم بھر مین اسکے پرتوِ رخسارِ سیاہ سے
بنجائے مہر سے صفتِ شپّر آئنہ

آئے مقابلے کو کسی دن جو بدنصیب
گھر جائے آفتون مین منافق ہر آئنہ

صورت اجل کی اسکو نظر آئے ہر طرف
دکھلائے اسکو تیغ کبھی خنجر آئنہ

اعدا کے عکس سے متاذی ہی اسقدر
ڈنگی کو جانتا ہی پری پیکر آئنہ

نکلے نیام سے جو تری تیغ آبدار
سمجھین یہ سب نمد سے ہوا باہر آئنہ

چار آئنے کو کرتی ہی چورنگ کرکے آٹھ
کیونکر نہ اسکی ضرب سے ہو شش در آئنہ

رہوار وہ کہ ختم ہی اسپر سبکروی
ٹوٹے نہ زیرِ پا ہو اگر بستر آئنہ

سختی سم سے ٹوٹے تو ایسا ہو چور چور
پھر بن سکے کبھی سے نہ تا محشر آئنہ

پتلی ہی سم کی جسم مصفا کے سامنے
یاد آتی ہی حورِ لب کوثر آئنہ

ایسا وہ تیز رو ہی کہ ہنگامِ جست و خیز
رکھدے جولا کے سامنے اسکندر آئنہ

اس تک نہ پہونچے عکس یہ بڑھ جائے منزلون
اب کیا کہ منعکس نہو تا محشر آئنہ

بس اے اسیر حاجتِ طولِ سخن نہین
ایسا بیان ہی جس سے نہین بڑھکر آئنہ

وقتِ دعا ہی چاہیے کچھ اس جگہ دعا
ہی حالِ لطفِ ربِّ مہ و اختر آئنہ

جبتک جہان مین آئینہ بینی کا ہو رواج
جبتک کہ زشت و خوب کہے منھ پر آئنہ

دشمن کا دل ہو شانے کے مانند چاک چاک
ہو روے دوست جیسے صفا گستر آئنہ

قصیدۂ ذوبحرین در مدح نواب محمد کلب علیخان بہادر

موسمِ گل ہی مناسب ہی گلستان مین مقام
رنگ پر آئے ہین غنچون کے شبو پھولون کے جام

مست رین مرغِ چمن چلتی ہی مستانہ نسیم
سبزہ مجھک مجھک کے قدح نوشون کو کرتا ہی سلام

پتے نکلے ہین درختون مین گلستان ہی ہرا
جان آتی ہی جو ہوتی ہی صبا گرم خرام

رشکِ نرگس ہی کہ نظارہ گلستان کا کرو — سرو کا سب سے اشارہ ہی کہ لے پاے قیام
جا بجا نہرِ چمن مین ہی بہرا آبِ بقا — کیون نہ مستون کو ملے مثلِ خضر عمرِ دوام
چہچہاتا ہی یہ گلشن مین ہر اک مرغِ چمن — یا ادا ہوتے ہین موسیقی کے مطرب سے مقام
مطرب آئے ہین بجانے کے لئے چنگ و رباب — مہربان ساقی جم رتبہ ہی گردش مین ہی جام
مرغِ عشرت کا پھنسانا ہی جو منظورِ نظر — موجین پانی مین نہین چشمون مین گسترده ہی دام
سال بھر سے تھے جو پژمردہ انھین زندہ کیا — فیض کیا بادِ بہاری کا گلستان مین ہی عام
جوشِ مستی مین سب آئینہ ہی احوالِ جہان — جامِ جم بادہ پرستون کی نگاہون مین ہین جام
دستِ قاضی مین قدح کاندھے پہ زاہد کے سبو — محتسب مجکو حوالے کرون اسکو سلام
قاصدِ بادِ صبا پھرتا ہی گلشن مین کہان — میری جانب سے ذرا کہدے یہ واعظ سے پیام
تجکو کیا پیکش اگر مے کو سمجھتے ہین حلال — تنگ ہوتا ہی عبث اُنسے کہ غصہ ہی حرام
سیکھے سوسن سے خموشی کی روش کیون ہی خفا — دس زبانین ہین مگر مدِ نظر ترکِ کلام
وجہ شادی کی اگر پوچھے سنانا یہ اُسے — مسند آرائے حکومت ہی عجب مادِ تمام
جسکے جلوے سے ہوئی سارے زمانے مین ضیا — کفر ایمان سے گریزندہ ضیا سے ہی ظلام
شان و شوکت کے مقابل ہین نہ داراہی نہ جم — زور بازو کی ترازو مین نہ رستم ہی دسام
ہو زمانے پہ ابھی قبضہ سلیمان کی طرح — ہو مرے دل کے نگینے پہ اگر کندہ یہ نام
خرمنِ عمرِ عدو پھونکے وہ بجلی ہی سنان — رہتی ہی حورِ ظفر جسمین وہ چشمہ ہی حسام
اے قلم اب کوئی مطلع ہو یہان تازہ رقم — جس سے یہ عقدہ کھلے آئینہ عالم مین ہو نام

مطلع ثانی

واہ کیا کلبِ علیخانِ بہادر کا ہی نام — ہر حفظ اہلِ جہان کو یہ وظیفہ ہی مدام
آستان اُسکا ہی کرتا ہی جو حاجت کردا — آئے اس جا ہو جسے مدِ نظر نیل مرام
جسطرف اُسکا اغلده ہوا دھر دم مین پھرے — روز و شب قبضے مین شبدیز فلک کی ہی لجام
حاکمِ عدلِ جہانون دے ابھی حکم سزا — خندہ زن شیشے کے رونے پہ اگر ہو کوئی جام
خانہ جود و سخاوت کی ہی جسدن سے بنا — ہی حاتم کی سخا اُسمین عطا اُسکی ہی بام

بڑھ کے ہین اُسکو جو دانش ہین زمانے سے کہون — عقل اول کو کبھی اُسمین نہو جاے کلام
سایۂ رب احد ہین ہے وہ خورشید کرم — کیون میسر ہو نہ اقبالِ ابد عمر دوام
عدل وہ جس سے میسر ہے زمانے کو امان — خلق وہ جس سے معطر ہے زمانے کا مشام
لطف پر آتا ہے جسدم وہ قلم بنتی ہے تیغ — فیصلہ کرتا ہے تو کرتا ہے قلم کار حسام
دو ملازم ہین وہ اقبالِ ازل بخت سعید — دو مصاحب ہین وہ اجلالِ ابد عیش مدام
صاف جیسا ہے وہ رخ دل مین ہے ویسی ہی ضیا — آئنہ ہے وہ سکندر کا تو یہ جم کا ہے جام
ابر نیسان کی طرح اُسکی برابر ہے عطا — خاص بخشش ہی جو اُسکی ہے وہ عالم مین ہے عام
آپ محنت مین کہ حاصل ہو خلائق کو رفاہ — راحت خلقِ خدا مدِ نظر اُسکو مدام
زور بازو سے دیا شرعِ پیمبر کو رواج — دور ایمان سے پراگندہ کیے کفر و ظلام
ذہن کو ایسی رسائی ہے کہ کھلجاتا ہے صاف — گوش گل مین جو دہن غنچے کا کرتا ہے کلام
جتنے کاتب ہین زمانے مین وہ سب مل کے لکھین — غیر ممکن ہے کہ اوصافِ معلّی ہون تمام
کوئی حاتم کو نہین اُسکی سخاوت مین سخن — کوئی سحبان کو نہین اُسکی فصاحت مین کلام
دن جو ہوتا ہے تو ہوتا ہے عدالت مین بسر — شب جو ہوتی ہے تو ہوتی ہے عبادت مین تمام
عدل کا اُسکے یہ آوازہ ہے عالم مین بلند — کوئی کسریٰ کا زمانے مین نہین لیتا ہے نام
اہلِ نطق کا ہے کیا منہ جو کھلین اُنکے دہن — تاب کیا ہے جو کرین اہلِ کلام اُس سے کلام
یہ بھی اک شان حمایت ہے کہ رہرو کے لیے — تیغ خورشید فلک کی ہے سپر ظلِ غمام
شام جب ہوتی ہے ماہ آتا ہے بیان بہر سجود — صبح جب ہوتی ہے مہر آتا ہے بیان بہر سلام
سایۂ حق ہے بجا ہے جو یہ ہے اُسمین صفت — پرورش سارے زمانے کی فقط اُسکا ہے کام
گنجہ جتنا زمانے کا ہے قابو مین ہے سب — تاج بخشی سے ہین سب میر و وزیر اُسکے غلام
خُلق عالی کا جو میخانہ نہایت ہے وسیع — آسمان اُسمین ہے خم شمس و قمر اُسمین ہین جام
اہلِ دانش کی ہے یون بزم معلے مین جگہ — خانقہ جیسے ہو ارباب عبادت کا مقام
ظلِ حق وہ بھی ہے یکتائی ہے اُسکو بھی نصیب — قل ہو اللہ احد رتبِ صمد کا ہے کلام
چھوڑ کر اُسکی گلی کو جو ہوا کعبہ نشین — واہ اے شیخ حرم ایسی نمازون کو سلام

وہ مقدم ہی جو دانا ہین وہ پیرو ہین بدل
اس جماعت کا نہین اسکے سوا کوئی امام

داغ لالے مین نہین مہ سے بھی زائل ہی کلف
عہد دولت مین کسی جا بھی نہین ظل ظلام

فیض ایسا ہی کہ ہی اس سے زمانے کو فراغ
خلق ایسا ہی کہ عالم کا معطر ہی مشام

ثبت کچھ وصف سراپا مین بھی مضمون ہون نئے
ایسی تصویرین کھنچین جنسے ہو حیرت کا مقام

حسن کہتے ہین اسے سارا زمانہ ہی مطیع
ذکر پریون کا تو کیا آتے ہین حوردن کے پیام

دونون رخسارون سے پیدا ہی عجب نور و ضیا
مہر سب کہتے ہین اسکو تو اسے ماہ تمام

قد و عارض کے نظارے نے یہ وارفتہ کیا
گل سے بلبل کو نہ قمری کو صنوبر سے ہی کام

ہو سکے کس سے بیان گیسو و عارض کی تنا
یہ بنارس کی سحر ہی تو اودھ کی ہی وہ شام

روے روشن سے جو پردہ نہین مہر نظر
ہاتھ مین کاسہ لیئے پھرتا ہی کیون ماہ تمام

خال عارض کی محبت مین پھنسے رہتے ہین دل
یہ وہ دانہ ہی جسے اہل خرد کہتے ہین دام

وصف کچھ گیسوے مشکین کا کرے کوئی بیان
سلسلہ دور و تسلسل کا جو ہو جائے تمام

لاجواب اسکے دہن کو جو بیان کرتے ہین ہم
غنچہ کہتا ہی کہ کچھ اسمین نہین جائے کلام

چار ابرو کی رباعی مین وہ لب یون ہی عیان
جسطرح چرخ چہارم پہ مسیحا کا مقام

اہل حاجت کو وہ ابرو ہی در قصر مراد
ہین جو صائم وہ سمجھتے ہین مہ عید صیام

فرغ دل انمین نہ کیونکر ہون خلائق کے اسیر
ہاتھ مین جتنی لکیرین ہین بچھاتی ہین وہ دام

راہرو آنکھین بچھاتے ہین بجا زیر قدم
کبک وطاؤس چمن مین یہ کہان طرز خرام

مشک کی ہوتی ہی تو گرد سواری سے عیان
مثل صحراے ختن کوچے معطر ہین تمام

آبدار ایسی ہی تیغ اسکی کہ ہنگام نبرد
عمر دشمن کا جو خالی ہو تو بھر دیتی ہی جام

خرمن ہستی اعدا کو جلا دیتی ہی صاف
برق بنجاتی ہی میدان مین جو کرتی ہی خرام

خون اعدا ہی سیہ مکین جو جوہر ہی بجا
چشم انجم کے لیئے سرمہ ہی تاریکی شام

تیزی اسپ سبک رو کی صفت کیا ہو بیان
جان صرصر مین پڑے کتنا عجب کا ہی مقام

بخت منعم ہی چمکنے مین ضیا مین ہی وہ مہر
عقل دانا ہی وہ تیزی مین بلندی مین ہی نام

وصف اسکا ہو بیان ایسی کہان عقل بشر
چاہیئے اسمین خموشی ہی خموشی کا مقام

ہاتھ اُٹھانا ہی ضروری یہ دعا کا ہی محل — عرض کرتا ہی اسیر ابتو کہ یا رب انام
گلشن بزم معلے مین رہے جوش بہار — بزم عشرت مین چلین جام مئی تازہ مدام
محفل جاہ و حشم تازہ رہے مثل چمن — قصر دولت مین قیام اُسکو ہو تا روز قیام

در مدح نواب محمد کلب علیخان بہادر دام اقبالہ

آنکھ جب کھلی اپنی خواب صبحدم کے بعد — نور کا تتق دیکھا چادر ظلم کے بعد
صاف ہو کیا روشن پرچہ چرخ کا بہروپ — اور سہی جو دیکھی اور صورت ایکدم کے بعد
سوچ رہے تھے جو چونکے دل کو یہ خیال آیا — ہمنے کیا نیست یون ہی ہست حشر مین عدم کے بعد
صبح کا جو دیکھا وقت فرض ادا کیا مین نے — کرکے نیت خالص ہمت اتم کے بعد
کر رکوع مین پہونچا گہ سجود سے اُٹھا — بعد راستی خم تھا راستی تھی خم کے بعد
ختم رکعتین کرکے بیشتر پڑھے اوراد — شکر حق بجا لایا ذکر بیش و کم کے بعد
کھولکر کبھی قرآن یکقلم پڑھے مین نے — اور بھی کئی سورے نون و القلم کے بعد
عجز سے دعا عین کین دیکے رب اکبر کو — واسطہ ائمہ کا سید امم کے بعد
اُٹھ کے پھر مصلے سے اپنے حجرے مین بیٹھا — ہاتھ مین لیا کاغذ و فشان قلم کے بعد
سوچنے لگے دل کو پھر نئے نئے مضمون — خود بخود غزال آئے مرے پاس رم کے بعد
پہلے اک غزل لکھی سامعین سنین اسکو — یہ بھی اک گلستان ہی گلشن ارم کے بعد

غزل

غم ہی ہمکو غم کے بعد تازہ رنج الم کے بعد — گور قطع دم کے بعد زیست پھر عدم کے بعد
لاکھ راہ پر آؤ پھر بھی راہ بتلاؤ — تم وہ ہو کہ پھر جاؤ قول کے قسم کے بعد
یار کیون یہ عجلت ہی نزع کی تو حالت ہی — بیٹھ جا کہ رحلت ہی اپنی ایک دم کے بعد
وہ کمر چھلا وا ہی وہ دہن معما ہی — یہ بھی ایک دھوکا ہی عالم عدم کے بعد
جلوہ سارے عالم کا صدقہ ہی ترے دم کا — پہلے رخ ترا چمکا مہر و ماہ چمکے بعد
مستی و ما دم سے بڑھ گئے ہین عالم سے — ساقیا ہوئی جیسے قدر جام جم کے بعد
دل خدا کی قدرت ہی عرش رب عزت ہی — فرض اسکی طاعت ہی طاعت حرم کے بعد

سر نوشت جب میری ثبت روز اول کی — لوح بھی بہت روئی گریۂ قلم کے بعد
غیر پر کرم اسکا ہم پہ یہ ستم اسکا — اس پہ ہی یہ دم اسکا عذر ہی ستم کے بعد
کھا کے لقمۂ غم کو موت آگئی ہم کو — خواب جیسے عالم کو سیری شکم کے بعد
کوہ غم سنبھالے ہین پاؤن تب نکالے ہین — قبل دل کے چھالے ہین آبلے قدم کے بعد
صبح جب ہوئی پیدا میکدے گیا سیدھا — جم سے پیشتر پہونچا یا کبھی ہین جم کے بعد
گور سے اسیر ایسا دغدغہ ہی تجھکو کیا — آنکھ کیا نہوگی وا غفلت عدم کے بعد
کرکے یہ غزل موزون لکھ چکا جو کاغذ پر — دل کو پھر نئی سوجھی فکر کیف وکم کے بعد
یعنی اب ہو وصف اسکا ہی جو اس ریاست کا — ذی حق اپنے اب کے جد محترم کے بعد
کاف لام با اول عین لام یا آخر — ہی بہادر ذیشان خان محتشم کے بعد
اور اک لکھون مطلع منکے جسکو خاقانی — ہاتھ چوم لے میرے بوسۂ قلم کے بعد

مطلع ثانی

ہی شرف مین یہ یکتا اپنی آپ کے عم کے بعد — جیسے احمد مرسل جد محترم کے بعد
نور معرفت بخشا ساتھ حکمرانی کے — معدلت بھی دی حق نے شوکت وحشم کے بعد
اسکے عدل سے نسبت کیا ہی عدل کسری کو — ابتدا سے یہان انصاف عدل وہان ستم کے بعد
ہی سخی کمان ایسا جو ہر ایک سائل کو — فقد آبرو بخشے ریزش درم کے بعد
سب سے ہی یہ بالا تر جیسے وہی جو سمجھے — تاج وتخت اسکا ہی تاج وتخت جم کے بعد
رب پاک نے چاہا خلق مین ظہور اسکا — ہی غرض حدوث اس سے جوہر قدم کے بعد
قول پر صداقت ختم جو کیے کرے بیشک — لا دہان سے نکلے دخل کیا نعم کے بعد
پہلے صلح کا فرمان پیچھے جنگ کا سامان — تیغ کام کرتی ہی جنبش قلم کے بعد
کیا بیان ہو رفعت کا جسکی بزم شوکت مین — جا جم وسکندر کی ہی صف خدم کے بعد
نامی اسکو لکھتے ہین جب رئیس ہفت اقلیم — ق نامہ بر سے کہتے ہین قد غن اتم کے بعد
کعبہ اسکا کوچہ ہی نامہ بر ہی تو حاجی — سر جھکا کے کرتا جا سجدہ ہر قدم کے بعد
کیا رواج ایمان ہی موکب ظفر پیکر — سوے دیر اگر آئے طاعت حرم کے بعد

برہمن مسلمان ہون ذکر بت سے باز آئین
ہو صمد لب پر پھر صنم صنم کے بعد

طرفہ بزم ہی دلچسپ آتے ہین جو درباری
ق تھم کے ہوتے ہین حضت پھر وہ ایک دم کے بعد

خود اُدھر کو چلتے ہین دل اِدھر کو کھینچتا ہی
دیکھتی ہین پھر پھر کر آنکھین ہر قدم کے بعد

شہرۂ جلال اُسکا کس جگہ نہین پہونچا
طی کیا عرب کو بھی کشورِ عجم کے بعد

حسن وہ کہ چہرے سے آفتاب مٹتا ہی
مثل قطرۂ شبنم ایک آدھ دم کے بعد

بوسے کا کل مشکین سو مگتے ہین جو ہر دم یہ
مشکناب کو مٹی جانتے ہین شم کے بعد

ماہ مصر سے بڑھ جاے کیا عجب جمال اُسکا
گرہی ترقی ہی ایک ایک دم کے بعد

سیر باغ عشرت ہی کب نصیب دشمن مین
ق خار غم وہ کھاتا ہی روز خارِ غم کے بعد

کیا بری طبیعت ہی کیا بدی ہی طینت مین
مکر ہی کرے پر فن قول کے قسم کے بعد

علم سے علاقہ کیا جہل کیون نہو ظاہر
لفظ ظلم مین فتحہ جب پڑھے وہ ضم کے بعد

کیا صراط محشر پر چل سکے گا وہ مجرم
گر پڑیگا دوزخ مین لغزشِ قدم کے بعد

تیغ وہ مصفا ہی جسکی قتلگاہ ہون مین
کھلتے جاتے ہین جوہر ایک ایک دم کے بعد

خاک عکس سے کردے پہلے خرمنِ ہستی
سرچہ اہل نخوت کے برق وار چکے بعد

کرتی ہی وہ میدان مین تن عدو کے یون بیسر
دور ضم مضارع کا جیسے دخلِ لم کے بعد

اسپ وہ اگر دوڑے ساتھ ابلقِ ایام
اُٹھ سکے نہ میدان سے گر کے دو قدم کے بعد

اک ذرا اگر دب جاے شہسوار کا آسن
ہند سے عرب پہونچے پھر عرب عجم کے بعد

فیل کا یہ شکوہ ہی کلک سے دمِ توصیف
کلک عذر کرتا ہی تو بزرگ تھا اُس سے

طول اب ہی لاحاصل وصف ہی بہت مشکل
اِس سے ذکر تیرا ہو اُس پری شیم کے بعد

کیون نہ قیدی الفت دل ہون سارے عالم کے
مر کے گر جیے کوئی زندہ ہو عدم کے بعد

کرکے راہ محنت طی ہم جو آئے اِس در تک
خُلق یہ مجسم ہی سیر ایام کے بعد

چھوٹ کر حوادث سے جاے امن مین پہونچے
جلوۂ حرم دیکھا وادیِ حرم کے بعد

اب دعا کا موقع ہی اے زبان نہو خاموش
مہربان ہوا ہم پر آسمان ستم کے بعد

بار بار کہو رب سے ایک ایک دم کے بعد

بادشاہ ہفت اقلیم کر اُسے خدا یا تو | ہو عرب میں بھی قبضہ کشورِ عجم کے بعد

در مدح نواب محمد کلب علیخان بہادر دام اقبالہ

بہار آئی ہے پھولوں میں رنگ روئے عروس | بدل رہے ہیں جوانانِ بوستان ملبوس
خزان کا رنگ مٹا دورِ فصل گل آیا | جو خشک شاخ تھی پھولوں سے ہے پرطاؤس
بہارِ شاہِ اولوالعزم تخت گاہِ چمن | سریر ہے گل اور رنگ تاجِ خروس
کھلا ہے شاخ پہ پھول تاج دار اہے | درخت ہے جو چھلارا وہ چتر کیکاؤس
نہ پھیکے فوجِ خزان ہے شہِ بہار کا حکم | لگے ہوئے ہیں نسیم و صبا کے دو جاسوس
شگفتہ بیٹھی ہے گلبن پر اسطرح بلبل | کہ جیسے شاہ کا اورنگِ سلطنت پہ جلوس
صدا یہ دیتی ہے ہر فاختہ صنوبر پر | کہ سبزوار گلستان میں ہوں میں راس اُوس
روشِ روش پہ چمن میں نظارہ بازوں کو | دکھا رہا ہے لجا لو بہارِ شرمِ عروس
خوشی سے راست ہوا ہے قدِ خمیدہ بید | بدل گئے ہیں بلندی سے طالعِ معکوس
غضب ہیں سرو کی شیریں ادائیاں لبِ نہر | اُٹھا رہا ہے لبِ جوئبار جو حلاوتِ پابوس
ہوا نے صاف کیا ہے زمیں کو ایسا | کہ رہروؤں کو دفینے ہیں ہر قدم محسوس
بجا ہے کوچہ بکوچہ ہے شورِ گل کا جو نور | جدا رباغ ہے دیوار خانۂ فانوس
بہار دیکھ کے کرتے ہیں فکرِ رحمت رب | گنہگار جو تھے سیرِ خلد سے مایوس
مٹائی سرخیِ گل نے یہ رونقِ آتش | کہ آئے باغ میں آتشکدے بجھا کے مجوس
یقین ہے لطف ہوا سے بنے وہ حلۂ خلد | جو اس بہار میں سیرِ چمن کو شیخ آئے
میں ایسے وقت میں ناواقفِ طریقِ طرب | برنگِ سبزۂ بیگانہ خستۂ دو مایوس
زبان دہن میں کہ ماہی کے بطن میں یونس | بدن میں روح مہ مصر چاہ میں محبوس
کبھی خوشی کی نظر آگئی جو شکل تو یوں | کہ جیسی ہوتی ہے نبضِ ضعیف نامحسوس
کمال جورِ سپہرِ دنی سے دل گلہ مند | زبان پہ قصۂ اصحاب کہف و دقیانوس

دعاے عیش کبھی کی تو یہ صدا آئی
کہان ہی قابلِ رنگِ حنا کفِ افسوس

مرا یہ حال کہ اتنے مین اک شفیق آئے
کہا یہ کیا ہی یہ کیا ہی جو تو ہی یون مایوس

بہار ایسی چمن رنگ پر شجر سرسبز
ترا یہ رنگ کہ قیدِ ملال مین محبوس

بیان کر کوئی باعث کوئی سبب کوئی وجہ
کہا یہ مین نے کہ تکلیف وطالعِ معکوس

نہ مے نہ جام نہ مینا نہ مطرب و ساقی
چمن مین جاے وہ کیا جس سے باغبان ہو عبوس

ہنسے شفیق کہا کسقدر ہی تو نادان
وسیعِ ملکِ خدا تنگ تو نہین افسوس

مرض بشر کو ہو عارض تو ہی ضرور دوا
براے صرفہ ہی لازم تلاشِ اصل اسوس

شتاب اُس درِ دولت پہ جا کے حاضر ہو
کہ خاک بیز جہان کے ہین رشک کیکاؤس

جناب کلب علیخان بہادرِ جمجاہ
وہ فخر از ہو پاے جود و دولت پابوس

اُسی کے قبضۂ قدرت مین ہی تمام جہان
جو ملک ہی اُسی کشورستان کا ہی محروس

وہی ہی وارثِ تخت و کلاہ و چتر و علم
وہی ہی مالکِ کشور وہی ہی راس رؤس

طلب کی کچھ نہین حاجت ہی بے طلب ہمبخش
درِ کریم سے پھرتا نہین کوئی مایوس

وبالِ گوش مبارک ہی یون سوالِ گدا
شبِ وصال مین عاشق کو جیسے بانگِ خروس

خدا شناس شریعت اساس حامیِ دین
محب خاصِ نبیؐ برگزیدۂ قدوس

سواے عدل نہین کام کوئی عادل کو
کیا ہی تخت حکومت پر اُسنے جب سے جلوس

وہ ژبدہ بہ ہی وہ رعب شی کہ کہتی ہی خلق
کہ اس شکوہ کا جمشید تھا نہ کیکاؤس

کمالِ دانش و حکمت سے یہ ہوا ثابت
کہ خاکپا سے تھا اُسکی خمیر بطلیموس

جو مرغ دانہ چگنے اُسکی کشتِ دانش مین
پھنسے نہ جال بچھائے ہزار جالینوس

وہ علم و فضل کہ جسکا کہین نظیر نہین
سوادِ ہند سے تا سندروم سے تا روس

جہان مین عالمِ علمِ لغت کہان ایسا
صراح و ورد زبان ہی تو ورد لب قاموس

رواج شرع ہی ایسا فریب کفر مٹا
چھپا ہی سبحہ مین ہر تار خرقۂ صالوس

عجب نہین ہی جو پیدا ہو مرغ بسم اللہ
جو تبکدے مین شکستہ ہو بیضۂ ناقوس

یہ اُسکی محفلِ پُر نور ہی وسیع و رفیع
جہان کہ شمع ہی مہتاب آسمان فانوس

ان کو شفیق نے آکر کہا اے نادان

چمن مین جا کے دکھائے اگر مسیحائی
زمین پہ ظلِ بدن لوٹ کر بنے طاؤس

جری کے سامنے جس روز آگیا بہرام
اُٹھا نہ رعب سے سر صورتِ نگاہِ عروس

لرزہ ہا ہی تہ خاک آج تک رستم
کسی کو خواب مین جیسے ہو عشرتِ کابوس

عجیب عہد ہی اُسکا کہ ہین شگفتہ جبین
جو لوگ خبثِ طبیعت سے پیشتر زین تھے عبوس

کرے ہزار کوئی قصدِ ثبتِ چہرۂ دیو
کبھی قلم سے نہ نکلے سوائے شکلِ عروس

ہوئے ہین صاحبِ عدل اہلِ ظلم چھوڑ کے ظلم
بنے ہین صاحبِ ایمان بدل کے دین مجوس

جہاد نفس پر اپنے بندی ہی اُنکی کمر
بگاڑتا تھا گھروندے کا جنکو قتلِ نفوس

یہ اُسکے عہد مین لازم ہی کیفرِ کردار
ق کرے کسی کو جو محبوس آپ ہو محبوس

کیا جو پھولون کو سہرے کے دام مین پابند
حنا نے باندھ دیے آکے دست و پاے عروس

گذر جو اُسکی سواری کا ہو کبھی سوے دیر
ق سعید برہمنون کے ہون طالعِ منحوس

نشانِ کفر مٹے بتکدہ بنے مسجد
صدا ے اشہد ان لا الہ دے ناقوس

یہ حکم ہو کہ ابھی پاے عنکبوت سزا
کرے مگس کو اگر اپنے جال مین محبوس

چھپائے سے کوئی چھپتا ہی فیض عام اُسکا
ق ضیاے شمع ہو پوشیدہ کیا تہ فانوس

مگر کہے کوئی کیا حال خیر پنہان کا
وہ مثلِ سایۂ ختمِ رسل ہی نامحسوس

جگر کو اُسکے اعانت نہ دے جو قوتِ ہضم
غذا کو معدے مین کیلوس ہو نہ پھر کیموس

جو لوگ ہاتھ سے چھوڑینگے ایسے دامن کو
ملینگے مثلِ مگس عمر بھر کفِ افسوس

یہ اُسکے عہد مین حاصل ہی سب کو آزادی
کہ طفل تک نہین سنت کے طوق مین محبوس

نزاع اُٹھ گئی ایسی کہ گھر مین اُفعی کے
ہوئے ہین آکے گلستان سے میہمان طاؤس

قلم کرے ابھی دستِ جفا کو شحنۂ عدل
کرے دریدہ کسی کا جو پردۂ ناموس

کیا ہی کلک نے اُسکے جو کارِ مشاطہ
تو روے مُلک ہی آراستہ بہ رنگِ عروس

وہ تاج بخش لبِ باغبان پہ آئے جو ذکر
اُگے نہ پھول چمن مین سواے تاجِ خروس

زمین مین کہتے ہین دُردے کہ اِس زمانے مین
ہوئے نہ زندہ ہم افسوس صد ہزار افسوس

جو آئے بزم مین وہ بزم ہو یہ بالیدہ
نہ کہ جسم شمع پہ ہو تنگ جامۂ فانوس

جہان ہوا متمول یہ فیض سے اُسکے
کہ بوریا ہی گدا کا سریر کیکاؤس

ہزار نعمتِ الوان ہی اُنکے مطبخ مین
نصیب تیرے فاقے تھی جنکو نان سپوس

غنی ہوئے ہین یہ عطا فیض سے اُسکے
کہ اشرفی کو نہین بیچتے وہ مغزِ فلوس

مُحِ ولا سے ذرا تر کرے اگر لبِ خشک
عجب نہین ہی جو شیرین زبان ہو مُردہ عبوس

سیاہ روہی وہ دشمن جو دیکھ لے کوئی شکل
ضرور خواب مین عارض ہو عِلّتِ کابوس

سحر کو نام ہی لیتا نہین کوئی اُسکا
زُحل کی طرح ہی مشہور اسقدر منحوس

شکست فاش یہ دی اُسنے فوج اعدا کو
سپر سے مِل کے سپر نے ملے کفِ افسوس

اُٹھائے اسپ جو وہ گرد ہو فلک پہ چلا
ہوا سے دامنِ زین اُڑکے دُھان پہ قربوس

تو سُتش جہت سے نکلجاے اکدم مین بعد
پھرے یہ جلد کہ پھرنا نہو سکے محسوس

خرام اسپ سُبک رو نہین تماشا ہی
نہ کبک کوہ مین ایسا نہ باغ مین طاؤس

کسی سے مرحلۂ وصف فیل کیا طے ہو
جو نیم راہ مین رہجاے عقلِ بطلیموس

اسیر ختمِ قصیدے کو کر ہی وقت دعا
اُٹھا بھی ہاتھ بدرگاہ خالقِ قدوس

بڑھے جلال ترقی ہو جاہ و حشمت کو
زمانہ تحت حکومت ہو ہند سے تا روس

محب سعید عزیز جہان جلیل القدر
عدو ذلیل نگون سار زار و منکوس

ایضاً در مدح نواب صاحب بہادر دام اقبالہ

رخِ حبیب پہ نکلا نہین ہی خطِ سیاہ
جمی ہوئی ہی یہ اہلِ نظر کی گردِ نگاہ

زوالِ حُسن کا سامان ہی مٹ گئی رونق
نہ آب آئنۂ رخ نہ تابِ زلفِ سیاہ

یہ چار ابرو وون مین اب ہی حُسن کا عالم
ہو چار موج مین جیسے کوئی سفینہ تباہ

وہ روک ٹوک نہین آئین تشنۂ دیدار
سبیل چاہ زنخدان ہی فی سبیل اللہ

یہ فوتِ وقت جوانی کا غم ہی دامنگیر
لباس پہنے ہوئے دونون پُتلیان ہین سیاہ

کیا وہ کبر طبیعت سے ہی مزاج مین فقر
دہن جو گوشہ نشین ہی کمر فنا فی اللہ

رہے نہ دیکھنے والے بنا ؤ کسکے لیے
نہ شانہ واقفِ گیسو نہ آئنہ پہ لگا ہ

پگڑا ہو بیچ کہان فتح بیچ چوٹی کا — جو دل ہی ٹوٹ گیا کیلیے شکست کلاہ
جو آنکھین نیچی رہوتی تھین اب نہین اٹھتین — بسانِ کودکِ مکتب ہی پشت پا پہ نگاہ
پلک جو تیر کے پر کاٹتی تھی اب ہی یہ حال — کہ جنبش اُسکی ہی مانند جنبشِ پرِ کاہ
خمیدگی ہو اب اسطرح تیغ ابرو مین — جھکائے سر کوئی نادم ہو جیسے بعدِ گناہ
قدم زمین پہ جو رکھنا تو پھونک پھونک کے اب — خیال یہ نہو پامال دل کوئی سرِ راہ
لغو کے شبہے مین ملکر جسنا کو ملنا ہاتھ — یہ احتیاط یہ ڈر لا الہ الا اللہ
نگاہ وٹین تھین جو عشاق سے ہوئین موقوف — یہ آرزو ہی کہ نکلے کوئی ملاپ کی راہ
نگاہ چار طرف یون تلاش طالب مین — ہوائے تند مین طائر کوئی ہو جیسے تباہ
مزہ ہی کیا جو ہو معقول عاملِ معزول — کہین گناہ سے بدتر ہی عذر بعدِ گناہ
خبر مجھے کہ وہ اگلی شرارتین نہ رہین — کہان وہ برق کہ خرمن تھا جس سے خاک سیاہ
سوائے چشمِ عنایت رہی نہ چشمِ غضب — گئے وہ دن کہ نہ ملتی تھی عاشقون سے نگاہ
ہجومِ مشوق زیارت مین تھا جو لوگون کا — وہ ازدحام گیا بند ہوگئی درگاہ
یہ حال سُنکے چلا ایک روز سیر کو مین — یکایک اُنسے ملاقات ہوگئی سرِ راہ
لڑی جو ہاے دوچشمی کی طرح آنکھ سے آنکھ — تو مثلِ حرفِ مشدد دلی نگہ سے نگاہ
کیا سلام تو مین نے دیا جواب سلام — کہا فراخ تو مین نے کہا کہ شکر اللہ
معانقے کو بڑھے ہاتھ دونون جانب سے — کہ جیسے کاہ ربا سے لپٹ رہے پرِ کاہ
گلہ زبان پر اُنکے کہ کیا ہوا وہ ربط — نہ مہر ہی نہ محبت نہ پیار ہی نہ وہ چاہ
کہو تو وجہ کچھ اسکی کہ کیون ہو عید کے چاند — کہ اگلے حال دکھائی دیئے نہ تم سرِ راہ
کہا یہ مین نے کہ شکوہ تو ہی بجا لیکن — جب اختیار نہو کیا کرے ترقیخواہ
گیا تھا مین طرفِ شہر مصطفےٰ آباد — پڑی مصافحہ حاجیانِ بیت اللہ
وہ لوگ ساتھ جو تھے آپ نامدار کے تھے — میان شیر ب وبطحا و درمیانہ راہ
خصوص حضرتِ نواب ظلِ رحمتِ رب — جناب کلب علیخان بہادرِ جمجاہ
یہ حوصلہ نہین دیکھا کسی کا آج تلک — کہ چھوڑ کر حشم و جاہ و ملک و مالِ سپاہ

ن

پُر زیارت وہ حج اپنی تخت گہ سے گئے — خزانے صرف کیئے کیسے حبّذا للہ
وہان کے لوگ جو تھے اُنکو زر دیا اتنا — ہوئے وہ شکر گذارِ عطائے ظل اللہ
وہان بھی آپ کا اعزاز سا ہوا اعزاز — چلین سلامی کی توپین زہے تجمّل و جاہ
فرشتے راہ مین آئے برائے استقبال — مجاورانِ حرم ہالہ ذات آپ کی ماہ
فقط نہ بوسے کا مشتاق سنگ اسود تھا — پُر قدوم تھا زمزم کا چشمہ چشم براہ
غرض وہ ذات معلّی کہ جس سے قائم ہے — بنائے اشہدان لا الٰہ الا اللہ
وہی ہے رُکن رکین خلافتِ کبریٰ — اُسی کے سائے مین پاتے ہین اہل شرع پناہ
اُسی کو سجدہ کرین لوگ صورتِ آدم — نہو جو طاعتِ غیرِ خدا عظیم گناہ
رجوع غیر سے کی جسنے چھوڑ کر اُسکو — حرم سے دیر کی جانب گیا وہ بھول کے راہ
اسیر اور سناؤن ہین وصف مین مطلع — زبان نے مرے مُنھ مین جو کلکِ صنع الٰہ

مطلع ثانی

کیا وہی جو کہا اُسنے شام گاہ و پگاہ — کل کے بات ہوئی مُنھ سے حکم نادرشاہ
اُسی نے کی ہے مقرر فلک پہ یہ تنخواہ — قمر کو شمس سے ملتا ہے زر جو ماہ بماہ
کیئے ہین خلق کے آرام کے لیئے تعمیر — جگہ جگہ پُل و مہمان سرا و مسجد و چاہ
ذرا جو چشم تو جُبہ پھرے جواہر سے — ابھی ہو لعل کا نیلم کی طرح رنگ سیاہ
درِ خزانہ کشادہ بلند دستِ سخا — سلوک خلق سے کیا کیا ہین حبّذا للہ
خدا نے دی ہین اسے روز جنگ دو فوجین — سوائے فوج ہے جمعیتِ حواس سپاہ
وہ اُسکی نہر سخا باغ دہر مین ہے روان — ہے جسکے شکر مین رطب اللسان گیاہ گیاہ
زمانہ عدل سے اُسکے یہ ہے درستی پر — نہین شکست کبھی جا بجز شکست کلاہ
مجال کیا کہ ذرا ہو دراز دستِ ستم — کہ آستین مین ہے مانند آستین کوتاہ
بگاڑتا نہین دشمن کا بھی وہ بے تقصیر — یہی سبب ہے جو بنتے ہین کام خاطر خواہ
ہزار دانہ ہے تسبیح منصفون کی جو صف — وہ اُسکے صدق پہ ہے یکزبان ہزار گواہ
حفاظت اُسکی یہ گھیرے ہوئے ہے عالم کو — کہ گرد شہر نہین احتیاج شہر پناہ

وہ علم و فضل کہ جسکا مقر ہی سب عالم | وہ جود و فیض کہ شاہد ہی جسکی خلق اللہ
شجاعت ایسی کہ جسکی ہی دھوم چار طرف | عبادت ایسی کہ دولت سرا عباد تگاہ
نہ پوچھ اُسکی عبادت رہے جو شب بیدار | نماز شام ادا کرکے تا نماز پگاہ
کبھی تلاوت قرآن کبھی ہی ذکر حدیث | کبھی ہی اُسکو خدا سے کبھی رسول سے راہ
جہان کو جس سے ہو راحت چلن وہی مرغوب | پسند چال وہی جسپہ خلق کی ہو رفاہ
گیا جو کعبے کو وہ ساتھ ایک خلق گئی | کہ خضر راہ وہی ہی جسے خدا سے ہو راہ
پھرا جو حج سے تو ایسا ہجوم خلق ہوا | کہ آستانۂ دولت بنا زیارتگاہ
نماز اہل عبادت کی کیون نہو مقبول | کہ ین سجود جو اُسکے چمن کی لیگئے گیاہ
لغت زبان پہ ہی نحو و صرف مین کامل | ہر ایک علم مین ہر فن مین دخل خاطر خواہ
لکھی کبھی جو عبارت جلا دیئے مُردے | صریر خامہ ہوئی صاف قم باذن اللہ
مرے خیال مین آیا ہی اور بھی مطلع | کہ جسکو سُنکے کہین سارے اہل فہم کہ واہ

مطلع ثالث

ہر ایک بزم مین کیونکر پڑے نہ اُس پہ نگاہ | کہ قافلے مین ہی یوسف برات مین نوشاہ
کہین ہی قصر معلّے بلند گردون سے | محافظ اُسکے ہین دو دن کو مہر رات کو ماہ
وہ سرو باغ ریاست ہی قامت موزون | جو اک نظر اُسے دیکھے وہ ہو بلند نگاہ
وہ جام طرف کہ جس جام مین شراب طہور | کباب شعلۂ تقریر مرغ بسم اللہ
خلاف مرضی اقدس ہو کیا یہ دور جہان | سپہر خادم دیرینہ بندۂ درگاہ
کہون جبین کو اگر لوح نور جھوٹ نہین | سر سپہر ہین دو ماہ و آفتاب گواہ
کدورت ایسی ہی رد کردہ عہد مین اُسکے | کہ شاعرون مین ہی متروک لفظ گرد نگاہ
کرے اگر نگہ قہر آسمان کی طرف | ابھی تو سنبلہ ہو جاے زرد صورت کاہ
خلاف ہو کے اگر اُس سے اس زمانے مین ق | کرے ارادہ حکومت کا ملک مین کوئی شاہ
یقین ہی چتر کے پھرتے ہی سر پہ سر پھر جاے | ابھی ہو آبرپا اُتر کے سر سے کلاہ
جمال بھی وہ خدا نے دیا ہی لاثانی ق | کہ دیکھکر نہ پھرے صاحب نظر کی نگاہ

جگہ کرے جو کبھی چشم مین خیال اُسکا
صدا یہ مردمکِ چشم دے کہ بسم اللہ

عدو وہ رشتہ عمل ہی کہ بعد مرنے کے
ق
نہان جو خاک کے پردے مین ہووے نامہ سیاہ

فرشتے کھینچ کے لیجائین اُسکو سوے سقر
پکارین اہلِ سقر یکزبان پناہ پناہ

فلک جو نام کو دے اُسکو عیش تو اسطرح
کہ آبِ چشم تو مُرغ ہو کباب مُرغ نگاہ

مقید اشک ندامت ہوے نہ دشمن کو
برس کے اور سیہ ہو گیا یہ ابر سیاہ

کسی سے تیغ کی تعریف ہو سکے کیونکر
کہ اُسکی ضرب کی کونین مین نہین ہی پناہ

چمک مین برق روانی مین سیل شکل مین موج
وہ موج جس سے کہ ہی کشتیِ حیات تباہ

کھچے نیام سے جسدم ہو شعلہ بار ایسی
شرر سے تا بہ ثریا ہو جل کے خاک سیاہ

بیان کرے کوئی کیونکر سمند کی تیزی
جو ایکدم مین کرے طی ہزار سال کی راہ

کرے جو جست تو تیار ہو نیا گنبد
لگائے گردِ جو کاوہ بنائے شہر پناہ

فلک ہی پست کہین فیل کوہ پیکر سے
کہون جو راست بلندی مین ہی یہ عرش آلہ

بیان قائمۂ عرش ہین یہ دونون دانت
تو دونون آنکھین ہین قندیل عرش پیشِ نگاہ

اسیر رحمتِ ممدوح ہی بہت دشوار
دعا کا وقت ہی کر یہ دعا کہ یا اللہ

یہ مملکت یہ ریاست یہ معدلت قائم
رہے ترقی اقبال و عمر و دولت و جاہ

ایضاً در مدح نواب محمد کلب علیخان بہادر دام اقبالہ

ایک دن چرخ پہ نکلا جو سرِ شام قمر
چاندنی چھٹکی ہوا صحن مکان نور کا گھر

صورتِ چرخ زمین بھی نظر آئی پر نور
خاک پر خاک کے ذرّے تھے جواب اختر

چاندنی وہ کہ مسافر کو ہو ہر دم دھوکا
جب کھلے آنکھ کہے ہو گئی شاید کہ سحر

پتّے پتّے سے انا البرق کی آواز آئی
شجر طور ہوے گلشنِ عالم کے شجر

ایسے عالم مین جو فرحت ہوئی حاصل دل کو
آگئی جان کھلے رحمتِ فیاض کے در

چڑھ گیا بام پہ مین سیر دہوا کھانے کو
اُٹھ گئی آنکھ پڑی ماہ و کواکب پہ نظر

بزم شادی کا دکھایا مجھے گردون نے سمان
بیچ مین ماہ مبین گرد ہزارون اختر

دیکھتا کیا ہون کہ ہی رقص وغنا کی محفل — حرکات فلکی سے ہین عیان نغمۂ تر
زہرہ جو مطربۂ چرخ ہی کرتی ہی وہ رقص — پیرہن نور کا ہی نور کا اُسکا زیور
ذوذنب جلوہ نما ہی جو مثال زہرہ — مشعلین نور کی گویا ہین اِدھر اور اُدھر
پانون پڑتے ہین اس انداز سے اُسکے دم رقص — قاضی چرخ کا ہر مرتبہ لہجاتا ہی سر
ہاتھ مین منشی گردون کے قلم ہی بیکار — دیکھے کاغذ جو تماشے سے کرے قطع نظر
بادۂ ذوق تماشا سے ہی ایسا بیخود — گر پڑا ہی کف جلّاد فلک سے خنجر
راگنی نے صنم آسا جو دکھایا ہی جمال — ہندوے چرخ نے باندھی ہی پرستش پہ کمر
ترک گردون کا یہ خرسند ہی دل دیکھے رقص — کہ تصدق مین اُٹھاتا ہی ثریا کے گہر
فیض تاثیر کو اکب سے جہان ہی گلزار — ہی موالید ثلثہ پہ کواکب کی نظر
جانور نغمہ سرا صرف تنعم انسان — لعل و یاقوت مجر خرم و شاداب شجر
الغرض دیکھکے یہ گلشن آفاق کا رنگ — کھل گیا غنچۂ دل سینے مین مثل گل تر
دل مین سوچا کہ یہ سامان ہی کیا آج کی رات — کون وہ نخل طرب ہی کہ یہ جسکے ہین ثمر
کوئی سلطان کسی کشور مین ہوا تخت نشین — کوئی ایوان کسی مہوش سے ہوا برج قمر
لشکر کفر نے کھائی کسی میدان مین شکست — فوج اسلام نے پائی کسی قلعے پہ ظفر
کسی گلشن مین کوئی نخل جوانی پھولا — کسی نوشاہ نے پھولون کا ہی پہنا زیور
روز نوروز ہی شاید کہ یہ عالم کا ہی رنگ — دن ہی کیا عید کا ایسی جو خوشی ہی گھر گھر
یہ تو سب ایک طرف دل کو جو ایسی ہی نشاط — ہو نہوا اپنے مقدر کا بھی چمکا اختر
ہاتھ آئیگا مقرر کوئی اس باغ مین گل — اپنے حصے کا بھی اس مین ہی کوئی ساغر
راست ہی جھوٹ نہین راہ ہی دل کو دل سے — دوست کو دوست کے احوال کی ہوتی ہی خبر
واسطہ ہی کو بھی کچھ اُس سے ہی اسمین نہین شک — کچھ تو سر ہی ہمین بھی یہ ہی دل کو باور
عشق پوشیدہ کے نیرنگ سے پیدا ہین یہ رنگ — جذبۂ الفت کامل یہ دکھاتا ہی اثر
ہو چکا قلب تو آگاہ بظاہر لیکن — کٹ گئی رات اگر صبح تک آئیگی خبر
یہی اندیشہ رہا نیند نہ آئی تا صبح — دیکھتے ماہ و کواکب کو کٹے چار پہر

ناگہان آئی موذن کی صدا مسجد سے
گوہرِ گوش ہوا نغمۂ مرغانِ سحر

نہوا تھا رخِ خورشید ابھی بے پردہ
معدن کوہ سے نکلا تھا نہ لعلِ احمر

آکے خط مجکو دیا ڈاک کے ہرکارے نے
وحی نازل ہوئی گویا کہ کھلا فیض کا در

کھولکر خط جو پڑھا نجم بقدر چمکا
دل مین جو شکل تھی آئی وہی آنکھون کو نظر

شاخ ہر سطر سے پھولا گلِ مضمون طرب
حرف شیرین سے ماذا لقۂ قند و شکر

تھا یہ مضمون کہ کھلے خلق پہ ابوابِ کرم
اہلِ عالم پہ ہوا فضل خدائے اکبر

سند دولت و اقبال نے رونق پائی
دھوم اس صدر نشینی کی ہے کشور کشور

کون وہ کلب علیخانِ بہادر جاہ
کون وہ صدر نشین صاحب چتر و فر

دل جوان بخت جوان آپ جوان سال جوان
داد گر صاحبِ انصافِ رعایا پرور

دل ہے وہ جامِ جہان بین کہ اسے دیتا ہے
ایک عالم کی نہین بلکہ دو عالم کی خبر

عقل ایسی ہے کہ ہین پست عقولِ عشرہ
علم اسدرجہ کہ ہین چار کتابین ازبر

خاکِ پا اسکی بناتی ہے گدا کو منعم
صاف ظاہر ہے کہ ہوتا ہے مس اکسیر سے زر

نظرِ فیض سے ہر طرفِ گلی ساغرِ جم
عکس رخسار سے سنگ آئینۂ اسکندر

حرز بازو سے تو اماہے پیمبر کی دعا
سایۂ حفظ خدا پشت مبارک پہ سپر

ہے عدو مرحبِ ثانی تو نہین خوف کی جا
دستِ پرزور مین ہے قوتِ دستِ حیدر

اسکی جرأت سے ہے ہر ایک کی جرأت کا قیام
گرنو رستم ہے عرض تیغ ہے اسکی جوہر

کیا عدالت ہے کہ گردون کو لگائے درّے
آتشِ مہر سے اڑ جائے جو کاغوِ سحر

نگہِ فیض کسی مرغِ چمن پر جو پڑی
پھوٹین کلیان تو ہوین گل کی طرح صاحبِ پر

حکم وہ حکم ذرا بھی جو اشارا ہو جائے
مورچہ بنکے ابھی تیغ کو کھائے جوہر

اس مسیحا کے جو عارض پہ کبھی آنکھ پڑی
پڑ گئی جان ہوا نغمہ سرا مرغِ نظر

خونِ دشمن سے نہین تیغ خطا کار اسکی
دامنِ ابر نم آب سے ہوتا نہین تر

دیکھے دریا کا تلاطم جو عدو سے نامرد
اچھلے مینڈھے کی طرح سینۂ بزدل مین جگر

تیغ وہ تیغ کہ مین ہے کہ ہنگامِ وغا
ذوالفقارِ اسدالله کے جسمین جوہر

جنگ جو جنگ مین رکھے جو قدم بے رخصت — ہاتھ تلوار کی گر جاے کٹین تیر کے پر
بہر فرعون ہوے موسی عمران پیدا — ہی عدو سانپ تو طاؤس ہی یہ تیغ دوسر
کبھی ہوتا ہی جو وہ اسپ سبک رو پہ سوار — خلق کہتی ہی کہ ہی طور پہ موسے کا گذر
فرش سے عرش پہ یہ جا کے پھر آئے سو بار — جب تلک تا بفلک جاے کے پھرے پیک نظر
برق پہونچے نہ کبھی دوڑ مین ہمراہ رکاب — گرد کی طرح رہے سائے کے پیچھے صرصر
توسن گل فرط نزاکت سے سبک مثل نسیم — تیر اندیشے کے مانند پہونچنے مین خبر
دھیان آتا ہی اگر فیل نشینی کا اسے — شبہہ ہوتا ہی فلک پر ہی مسیحا کا مقر
ایسے حاکم کا ہوا جلوہ نما جشن جلوس — شہر آراستہ ہی عید کا سامان گھر گھر
کوبکو رقص و غنا چار طرف محفل عیش — صبح سے شام تلک شام سے تا وقت سحر
رات دن بزم مین اندر کے اکھاڑے کا سمان — جسطرف دیکھیے آتا ہی پری خانہ نظر
وقت انعام حقیقت ہی زر و سیم کی کیا — ڈھیر یون خلق کو تقسیم ہوے لعل و گہر
تھان کمخواب کے رومال دوشالے دستار — اسپ و فیل و زرہ و مغفر و شمشیر و سپر
اے خوشا وہ جو ہوے بزم معلی مین شریک — اے خوشا وہ کہ ہوا جنکا مقدر سے گذر
پڑھ چکا جب مین یہ مضمون تو بڑھا شوق ایسا — کہ ابھی اڑ کے پہونچ جاؤن نکل آئین جو پر
غیب سے آئی ندا ہوش مین آ ہوش مین آ — واہ یہ پردۂ غفلت ہی ترا دھیان کدھر
شب کو گذرا تھا جو کچھ حال تجھے یاد نہین — جتنا سامان تھا وہ آیا تجھے گھر بیٹھے نظر
دور سے تجکو کیا حق نے شریک محفل — شکر کی جا ہی دعا کر کہ خدا ے اکبر
تیرے مالک کی کرے نوح صفت عمر دراز — دولت و حشمت و اقبال بڑھے تا محشر
ہوش مین آ کے کہا مین نے کہ یا رب کریم — بہر پیغمبر و زہرا و طفیل حیدر
خضر کی طرح بڑھے کلب علیخان کی حیات — سب جہان زیر نگین ہو صفت اسکندر

قصیدہ

ایک دن مجکو لارہ مین وہ آئشہ رو — کہ ٹہلتے ہوے جاتے تھے زمین پر گیسو
عرض کی مین نے یہ بالون کا بڑھانا کیسا — صید دل مد نظر ہی کہ شکار آہو

حسرت آلود نگہ کرکے یہ بولا کہ نہین — ہون پریشان بہت ہوش نہین ہی سر مو
خبر آئی ہی کہ اک عاشقِ شیدا میرا — کہ وفا جسکو مشفق ہی مرا جیسے کہ تو
آج مرتا ہی عدم جانے کی تیاری ہی — ہچکیان لیتا ہی شیشے کی طرح خستہ گلو
ہچکیون مین ہی بدستور اُسے یاد مری — رنگ بیرنگ ہی لیکن وہی الفت کی ہی بو
ہی یہ نزدیک کہ ہو غرق فنا کشتیِ عمر — وقفۂ زیست ہی مانند حبابِ لبِ جو
ایسے بیمار کی ہی مجکو عیادت واجب — رسم دنیا کی بھی ہی رسم شریعت یکسو
آدمی کیا ہی جسے پاس ملاقات نہو — چاہیئے در دبٹائے ہوا گر ہم پہلو
کہکے یہ مجکو لیا ساتھ گیا اُسکے گھر — حالتِ نزع مین بہتے ہوے دیکھے آنسو
طرفہ ہنگامہ تھا موجود تھے فصاد و طبیب — کوئی سر اور کوئی پیٹ رہا تھا زانو
کوئی پاشویہ کوئی فصد کی تدبیر مین تھا — پیس کر سر پہ لگاتا تھا کوئی مغز کدو
ایک نے تھام کے شانے کو پڑھا سورۂ حمد — لکھ کے کی نادِ علی ایک نے تعویذ گلو
آخرِ کار طبیبون کی یہ تجویز ہوئی — اور تو کچھ نہین چلتا ہی ہمارا قابو
ہان جو اصلی کہین ملجاے جواہر مُہرہ — نفع بے شبہہ کرے فرق نہین ہی سر مو
مجھسے اُس آئینہ رخسار نے گھبراکے کہا — لاؤ سرکارے تم جاکے پھر دیکھون ہر سو
کون سرکار جو آفاق مین ہی عالیجاہ — ماسنِ اہلِ جہان مرجع کل عرشِ علو
حلقۂ دیدۂ غلمان سے نہین کم حلقہ — در کی زنجیر ہی یا حورِ جنان کا گیسو
درِ دولت اسی باعث سے اُسے کہتے ہین لوگ — پٹ جو موتی کے تو ہیرے کے ہین ترشے بازو
کہیئے اُس در کو بزرگی مین جو مسجد ہی بجا — صاحبِ زہد بھی آتے ہین یہان کرکے وضو
کعبۃ اللہ کی محراب ہی محراب نہین — ہو مسلمان جو اُسے خواب مین دیکھے ہندو
خاک درگاہ نہین سرمۂ تسخیر سے کم — جاے وحشت اگر آنکھون مین لگائے آہو
مژۂ چشم کرین لوگ جو پائین پرکاہ — جیسے زخمی پہ طاؤس کرے حرزِ گلو
جسکی درگاہ ہی یہ وہ ہی بڑا عالی قدر — سب سلاطین سے ہی بڑھکر اُسے سمجھو نہ غلو
کیا عدالت ہی قوی یہ ضعفا ہین بیخوف — رہتے ہین ایک جگہ شیر و پلنگ و آہو

رشتۂ خطِ شعاعی سے عجب کیا ہو اگر
مچ کے چاکِ گریبان کو کرے مہرِ رفو

بال بیکا ہو اگر ایک بھی شانے سے کبھی
سیکڑوں دُرّۂ تعزیر لگائے گیسو

کیا سخاوت ہے کہ ہر ایک گدا ہے زردار
گھر فقیروں کے ہوئے لعل و گہر سے مالو

طشت مانندِ صدف ہوتا ہے لبریز گہر
قطرے پانی کے ٹپکتے ہیں اگر وقتِ وضو

رات دن کرتے تھے جو بسترِ خارا پہ بسر
پاؤں سے غرق جواہر میں ہیں وہ تا بہ گلو

ایسی دلچسپ ہے وہ بزم کہ سب بزم نشیں
بیٹھکر یہ نہیں ممکن ہے کہ بدلیں زانو

پہلوان سامنے آکر یہ ہوئے رعب سے خشک
کہ دو ورقی کی طرح ملگئے دونوں پہلو

کیا عبادت ہے کہ داخل ہو اگر وقتِ نماز ق
درِ مسجد کے ہلیں خوف میں دونوں بازو

دوڑ کر لائے مصلا ابھی کعبے سے ہوا
ابرِ زمزم سے بھرے مشک کہ دے آبِ وضو

عہد والا میں یہ ممنوع ہوئے منہیات ق
کوئی پیتا نہیں سب مُے کو سمجھتے ہیں لہو

اب اگر جام کو بھولے سے اٹھائے ساقی
خشک ہو ہاتھ اُسی دم صفتِ دستِ سبو

حسن صورت میں ہے آفاق میں سب سے افضل
دست و پا ایسے نہ دیکھے نہ یہ چشم و ابرو

قد کا ہمسر بھی کوئی ہے جو خبر دے یہ صبا
فاختہ سرو پہ گھبرا کے صدا دے کو کو

گڑ گیا سر و زمیں میں قدِ موزوں کے حضور
اپنے سائے کی طرح جا کے چھپا ہے تہِ جو

واہ کیا چہرۂ رنگین ہے کہ گل کھاتے ہیں داغ
دیکھیں غنچے جو دہن کاٹیں ندامت سے گلو

بدنِ صاف میں دیکھی جو وہ باریک کمر
خوب معلوم ہوا دُرِ بنجف میں ہے یہ مُو

اس پہ قوت یہ عطا کی ہے خدا نے اُسکو
کہ نہ تھا رستم دستاں میں یہ زور و بازو

نثر میں نظم میں اللہ نے بخشا وہ کمال
اہلِ فن سنکے یہ کہتے ہیں کہ است جادو

کون سا لفظ ہے جسمیں کہ نہیں حسن کا رنگ
کون مضمون ہے جسمیں کہ نہیں عشق کی بو

حسن دکھلاتی ہیں کیا کیا سرِ اوراقِ سطور
جیسے رخسارۂ حورانِ جنان پر گیسو

خط خطِ چہرۂ جانان تو مژہ زیر و زبر
دائرے دیدۂ محبوب ہر اک مدا برو

اگیا شعر میں جب سینۂ معشوق کا ذکر
صاف حرفوں سے ہوا حسن کا پیدا پہلو

کسی عاشق کے جو دل کا کوئی مضمون آیا
اس نزاکت سے بندھا جیسے کہ بیمار کی مو

دل سے کیونکر نہ دلیری کا ہو قائل دشمن
جرأت شیر مین کیا شاخ نکالے آہو

تیغ اُسکی وہ دُلھن ہی کہ دم زیب جسے
منھدی ملنے کے لیئے چاہیئے دشمن کا لہو

کیون نہ شیر فلک دکا و زمین ہون چو رنگ
تیغ ایسی کبھی دیکھی ہی نہ ایسا بازو

سر میدان جو چلی صورت صرصر وہ تیغ
مثل اوراق خزان گرنے لگے فرق عدو

خون اعدا کا زمین نے یہ پیا ہی دم جنگ
کھودیے چاہ تو نکلے عوض آب لہو

چارہ کوئی نہین دشمن کو گرفتاری سے
ہیچ تقدیر کا ہی اُسکے لیئے طوق گلو

دوست جو ہی اُسے جام مے گلگون ہو نصیب
دام عسرت مین گرفتار رہے ہو جو عدو

قصیدۂ مشقی

کرتی ہی باغ مین کیا کار نمایان شبنم
روے گل کیسوے شبنم پہ ہی افشان شبنم

تر و تازہ ہین گل و لالہ و نسرین و سمن
کس پہ کرتی نہین گلزار مین احسان شبنم

کھول دے دل مین جو غنچون کے پڑے ہین عقدے
تیز رکھتی ہی فقط اسلیئے دندان شبنم

چشم نرگس پہ ہی عینک پڑی نظارۂ باغ
گوش گل کے لیئے ہی گوہر غلطان شبنم

جسطرف دیکھیئے روشن ہین شقایق کے چراغ
بنگئی روغن گل بہر چراغان شبنم

نوجوانان چمن زندۂ جاوید ہین سب
رکھتی ہی خاصہ چشمۂ حیوان شبنم

بارش فیض مین کم بادِ بہاری سے نہین
تازہ کرتی ہی گلستان کے گلستان شبنم

کیون نہ کانٹے بھی ہون پھولون کی طرح تازہ و تر
قطرہ زن ہو جو بیابان نہ بیابان شبنم

ہو گئے سارے گلستان کے پیرو تابع
بنگئی خاتم انگشت سلیمان شبنم

باغبان سے کہو اتنا نہ کرے دل بھاری
رات کی رات ہی اس باغ مین مہمان شبنم

سب کے کام اس سے نکلتے ہین نہین کچھ بیکار
کرتی ہی سرو و گل و لالہ پہ احسان شبنم

ایک دن مین جو گیا سیر گلستان کے لیئے
دیکھی ہر ایک گل تر پہ نمایان شبنم

کبھی پھولے نہ سماتی تھی وصال گل سے
تھی کبھی دہشت خورشید سے لرزان شبنم

شاہد گل سے ہم آغوش تر نخل چمن
مجکو دیکھا جو وہان ہوگئی حیران شبنم

میرے معشوق کی فرقت کا جو غم مجھسے سنا
دیر تک حال پہ میرے ہوئی گریان شبنم

مجھسے کہنے لگی تو کون ہین بولا شاعر
لیکے پھر مجھسے لگی دیکھنے دیوان شبنم

شعر رنگین جو پڑھے میرے بہت آئے پسند
ہوکے خوش دینے لگی گوہر غلطان شبنم

کرکے انکار کہا مین نے کہ ظرف ہی تو
مین اٹھاؤ نگا نہ ہرگز ترا احسان شبنم

اُس سے لینا ہی مجھے آج قصیدے کا صلہ
جسکے گلزار سخاوت مین ہی عمان شبنم

صاحب حوصلہ نواب مسیحا رفعت
جسکے پرتو سے بنی مہر درخشان شبنم

دست فیاض سے کیونکر ہو مقابل دریا
کوئی کرسکتی ہی ہمچشمی باران شبنم

ہو کبھی جامۂ باریک کی خواہش جو اُسے
ابر دے آب روان نذر گلستان شبنم

باغ مین جاے اگر اُسکی سخاوت کی ہوا
لعل و یاقوت ہون گل گوہر غلطان شبنم

اُسکے رخسار کتابی کو جو دیکھے تو ابھی
دھوے سب حضرت سعدی کی گلستان شبنم

یہ بھی تعلیم ہی اُسکی جو پڑھا کرتی ہی
مصحف گل صفت قاری قرآن شبنم

لب جان بخش کا پرتو جو پڑا ہی اُس پر
دیدۂ خضر مین ہی چشمۂ حیوان شبنم

پھول شرمندہ ہین رخسارۂ روشن کے حضور
یہ پسینا ہی جسے سمجھے ہین انسان شبنم

وہ اگر لطف کرے ہر رخ گل ہو رخ حور
سمجھے گلزار کو بھی روضۂ رضوان شبنم

وہ اگر قہر کرے ہر رگ گل ہو زنجیر
صحن گلشن کو کہے خانۂ زندان شبنم

اثر لطف و غضب سے چمن دہر مین ہی
روے خندان گل تر دیدۂ گریان شبنم

کیا عدالت ہی کرے آتش تہدید سے خشک
زخم گل پر جو در اہو نمک افشان شبنم

حکم ہی باد صبا کو کہ چلے باغ مین یون
ہوے پائے نہ چپے راست پریشان شبنم

گل کے رخسار کتابی پہ عبث مرتی ہی
لائے اُس مصحف رخسار کا ایمان شبنم

وہ جو منصف ہو تو پھر گریۂ مظلوم کہان
سامنے مہر کے ہوجاتی ہی پنہان شبنم

چشم پوشی جو اُسے سیر سے ہو مدنظر
ابھی روزہ کے کرے باغ مین طوفان شبنم

زر سے ہر دامن گل اُسکی سخاوت نے بھرا
کیون بھری بیٹھی ہی اے خالق یزدان شبنم

حفظ گلزار کا جو حکم دیا ہی اُسنے
چشم وا رکھتی ہی مانند نگہبان شبنم

اثرِ لطف سے ہر گُل گلِ خورشید بنے | قطرۂ آب سے ہو گوہرِ غلطان شبنم
قہر اُسکا ہو تو گلشن مین جلے خرمنِ گُل | برق بنکر ہو ہوا مین شرر افشان شبنم
برق اُس تیغ کے آگے جو کرے بڑھ کے کلام | خشم آلود ہو ایسے ابھی دندان شبنم
اُسکے گلگون کی صفت کیا کوئی لکھ سکتا ہی | ہی عرق اُسکے بدن پر دمِ جولان شبنم
وہ سبک رو ہی جو رکھے ورقِ گُل پہ قدم | برگ گُل کو ہو نہ جنبش نہ پریشان شبنم
سُم کی ٹپی سے اگر دے کوئی نسبت تو ابھی | حوریجائے پری سے ہو دوچندان شبنم
اُسکی چوٹی کا اگر باندھتی ہی شام سے دھیان | صبح تک دیکھتی ہی خواب پریشان شبنم
جب تلک گل ہون شگفتہ چمنِ عالم مین | جب تلک ہو سببِ زیبِ گلستان شبنم
خندہ زن پھول کے مانند رہین اُسکے محب | دلِ دشمن مین تجھے صورتِ پیکان شبنم
وصف اُس قلزمِ عرفان کا لکھا مین نے اسیر | دھوئے کیونکر نہ مرا نامۂ عصیان شبنم

در بیان آمد شاہزادۂ والاشان دام اقبالہ

ہوئی جو خواب سے وا چشمِ نجمِ صبح مثال | تمام ملک کو پایا خوشی سے مالا مال
گمان ہوا کہ یہی روز ہی مگر نوروز | یقین ہوا کہ یہی دن ہی غرۂ شوال
لبون پہ خندۂ شادی دلون مین جوشِ طرب | خوشی سے صورتِ یاقوت سب کے چہرے لال
ہجومِ اہلِ تماشا سے ہر گلی معمور | سوائے سایہ گذر دھوپ کا زمین پہ مجال
دُکانین برجِ قمر کہکشان ہر ایک سڑک | نفیس فرش دکاندار آفتابِ جمال
سرِ دکان کی کسی سے جلوس کی تحریک | کسی سے قولِ لبِ بام کا تعال تعال
یہ رنگ دیکھکے صورت بدل گئی دل کی | بنی وہ نکہتِ گُل دل مین تھی جو گردِ ملال
کہا یہ دل نے الٰہی یہ کون سی ہی عید | کہ آج صبح سے خلقِ خدا ہی شادکمال
صدا سروش نے دی کیا نہین ہی تو آگاہ | کہ اِس دیار پہ ہی فضل ایزدِ متعال
ہی شاہزادۂ والاتبار کی آمد | روان ہین آنکھون سے مردم برائے استقبال
وہ شاہزادہ جو ہی مالکِ ممالکِ دہر | بلند ہمت و مہرسپہر جاہ و جلال
اُسی کے قبضۂ قدرت مین غرب سے تا شرق | اُسی کے تحتِ حکومت جنوب تا بشمال

اُسی کا تخت فلک ہی اُسی کا تاج ہی مہر — اُسی کا خامہ عطارد اُسی کی تیغ ہلال
وہی ہی چار حدِ دہر مین جو ان طالع — وہی ہی شش جہتِ ملک مین بلند اقبال
کیا فساد سے ایسا زمین کو خالی — حکیم کہنے لگے اب خلا نہین ہی محال
خدا کے فضل سے دنیا مین اُسکی دولت ہی — وہ آفتاب کہ جسکو کبھی نہین ہی زوال
ہزار خسرو و جم جرعہ خوار ساغر ذل — ہزار حاتم طی ریزہ چین خوانِ نوال
قریب در جو براہیم ادہم آتا ہی — پکارتا ہی کہ صورت فقیر کی ہی سوال
لکھون شگفتگی طبع کا اگر مضمون — سواد صفحہ کاغذ ہو بوستانِ خیال
سند چمن کو ملے نزہت طبیعت سے — کہ مُہر داغ سے ہی برگِ لالہ صورتحال
جو ابرِ لطف نہو آبیار باغِ فلک — تو پھول بدر کا پیدا کرے نہ شاخ ہلال
کرین قبول جو دعوت حضور کے خادم — تو قیس ناقہ لیلیٰ کرے خوشی سے حلال
یہ اتحاد کو آفاق مین رواج دیا — کہ ایک ہو گئے ماضی و حال و استقبال
یہ رسم جور و جفا اُٹھ گئی زمانے سے — ق نہین رہا کسی عاشق کے دل مین داغ ملال
حسین بھی طائر دل صید کر نہین سکتے — نہ دام زلف ہی دام اب نہ دانہ دانۂ خال
نگاہ مہر کرے وہ تو حق عاشق مین — شبِ فراق سے بھی ہو در ازروز وصال
گھٹے یہ روز جو وہ چشم قہر سے دیکھے — کہ دوپہر نہ بجے آفتاب کو ہو زوال
نہین یہ کاہکشان جسکو لوگ کہتے ہین — ق فلک پہ پہونچی ہی موج محیطِ جود و نوال
عذاب تھا جو ستارون پہ منگیا سارا — نہین قیام کسی برج مین کسی کو وبال
بلند ہی وہ نظر جسکے آگے ہی بیقدر — سپہرِ بوقلمون مثل عیدی اطفال
حکومت اُسکی فقط چار حد سے ہی مقصود — نتیجہ ایک ہی دیتی ہین ملکے چار اشکال
بجھا دیا اُسے ابرِ کرم کی بارش نے — ہوائے یاس سے اُٹھی کہین جو گرد ملال
جو مانگتے ہین وہ پاتے ہین اُس سے حاجتمند — درِ کریم سے ممکن نہین ہی ردِّ سوال
وہ بام ہمت عالی بلند ہی جس تک — کمند وہم نہ پہونچے نہ نردبان خیال
رعایا خلق یہان تک ہی عہد والا مین — ق خوشی سے سارے جہان مین بدل گیا ہی ملال

جو قید غم مین تھے چھٹ کر وہ صرف زینت ہین — گلے کا طوق ہو قمری کے یا ؤن مین خلخال
سیاہ روہی پہانتک جو دشمن اُسکا ہو — کہ روے نحس ہو مجرم کا نامۂ اعمال
یہ داغ غم دیے گردون نے اُسکے دشمن کو — کہ استخوان ہوے پہلو کے مثل رمال
یہ زار ہو کے معاند جہان سے گذرا ہو — کہ مور و قطرۂ شبنم ہین گور کن غسال
کہان قرار عدو کیون نہ روز جنگ اُس سے — کہ بوے شیر سے صحرا مین بھاگتے ہین غزال
چمن کو آب جو دے کوئی باغبان بے حکم — ق یقین ہو سوکھ کے کانٹا ہون مثل خار ببال
یہ چہرۂ گل و شبنم پہ تیرگی چھائی — ہو ایک گوش سیہ گوش ایک چشم غزال
قدم کی خاک ہو آنکھون کو کحل بہر ضیا — نہین رہی ہو زمانے مین حاجت کحال
تمام بانٹ دیا سیم و زر انجم — تہی ہوئی کف ہمت سے چرخ کی ٹکسال
غضب کیا تو گلستان بھی بنگیا مقتل — ق یہ اس گل کا ہوا بلبلون کے خون سے لال
گرے درخت سے مثل سر بریدہ ثمر — نسیم چلنے لگی ہر روش پہ تیغ کی چال
سواری جاے اگر سوے دشت رات کے وقت — ق سواد لیل مین آجاے روشنی کا خیال
بناے آنکھون کے پردون کو پھاڑ کر مشعل — دو شاخہ لیکے چلے ساتھ اپنے سر پہ غزال
غریب پاتے ہین راحت یہ اُسکے کوچے مین — کہ خواب مین نہین آتا کبھی وطن کا خیال
غنی کیا ہو کرم سے یہ اہل حاجت کو — فقیر بھول گئے ہین جہان مین طرز سوال
جہان ہو اُسکی بدولت یہ صاحب دولت — کہ چرخ زن بھی یہ کہتی ہو گنج ہو کیا مال
تمام صاحب فرمان ہین تابع فرمان — کہان جہان مین ایسے ہین صاحب اقبال
غضب کی تیغ ہو قبضے مین اُسکے دشمن سوز — کہے کوئی اسے آتش فشان کہ برق خصال
جو وقت حملہ پڑے فرق شیر پر شیر — دو نیمہ آئے نظر مثل نقش پاے غزال
وہ راہوار چلے اُسکے ساتھ وہم اگر — تو تھک کے بیٹھ رہے مثل مرغ بے پر و بال
عجیب فیل سواری ہو آسمان رفعت — کہ جک ہو صاف کف فیلبان مین خیل ہلال
کیا لپیٹ کے خرطوم مین فلک کو وہ — زمین پر جو پڑا پا ؤن آگیا بھونچال
کسی سے مدحت ممدوح ہو یہ کیا طاقت — کرون تمام قصیدہ کہ ہے یہ امر محال

کہ تھا مصاحبِ سلطان کسی زمانے مین
گذر گیا وہ زمانہ تلف ہوا وہ مال

ہوا مین گوشہ نشین خستہ حال پیر ضعیف
سوائے نقص نہین اور کوئی مجھ مین کمال

حضور کی نظرِ لطف ہو اگر مجھ پر
ہے دو کوئی تردد ہو یہ مریض بحال

کیے درست تحائف اگر امیرون نے
غریب کی بھی یہی نذر ہے دولت و مال

ہمیشہ دبدبۂ سلطنت زیادہ ہو
رہے مدام درخشندہ کوکبِ اقبال

قصیدہ دربیان سامان شادی

شوخیِ حسن سے کہتی ہے جھجکر یہ حیا
سامنا آج سرِ بزم ہے میرا تیرا

دیکھون مین آج کی شب ہوتی ہون مغلوب کہ تو
کون پس پا ہو ظفریاب کرے کسکو خدا

دیکھون تو بزم نشینون کے اڑا دیتی ہے ہوش
یا مین ہو جاتی ہون بڑھکر سپرِ تیغ جفا

واقعی تو نے دکھائے ہین ہزارون نیرنگ
کبھی غازہ کبھی سرمہ ہے کبھی رنگ حنا

سیکڑون سینے کیے ہین ہدفِ ناوکِ ناز
طائرِ دل ہین بہت طعمۂ شمشیر ادا

ٹھوکرین سر پہ زمانے کے قیامت لائین
ہوئی کیا کیا نہ تری چال سے آفت برپا

اب زمانہ ہے مرا کچھ نہین چلنے کی تری
متغیر ہے جہان دور ہے اپنا اپنا

سر تجھے نیچی نگاہین نہ اٹھانے دینگی
ہے مثل سچ کہ ترے بول کا ہے سر نیچا

ننگ و ناموس ہین ہر وقت مری پشت و پناہ
ہے لحاظ ایک طرف ایک طرف پاس وفا

لشکرِ ناز کرے کشورِ دل کیا غارت
درمیان ہے عرقِ شرم کا حائل دریا

تیری طبع اگر تیغِ تبسم کھینچے
خامشی روک کے اسکو کہے تھم جا تھم جا

مین ہون اور چہرۂ نوشہ کی حفاظت شب بھر
فاش پردہ نہین کر سکتی ہے تو ہوش مین آ

سنکے شوخی نے کہا واہ ری گرمی تیری
میرے منہ چڑھنے کو آئی ہے یہ غمزہ ہے نیا

شعلۂ حسن چھپائے سے کوئی چھپتا ہے
برق سو ابر کے پردے ہون تو ہے جلوہ نما

ننگ و ناموس کو تو کہتی ہے حامی ہے مری
میرے ہمراہ بھی ہے لشکرِ انداز و ادا

نگہِ شوخ کی شاید کبھی دیکھی نہین آنکھ
فتنۂ چشم کی چھنک سے نہین کام پڑا

ایک ٹھوکر مین ابھی گرد سے اڑ جاتے ہین — ننگ و ناموس ہین کیا مال تری اصل ہو کیا
قصہ کوتاہ جھگڑتے ہوے کرتے ہوے بحث — پہونچے انصاف کے گھر مین کہ وہ ہو عقدہ کشا
حاضرِ وقت جو تھا فہم یہ کی عرض اُسنے — ایک مخدوم کے خادم ہین یہ دونون بخدا
جسکو مخدوم مین کہتا ہون سو ہے وہ بہ محسن — نام اِن دونون کے مشہور ہین شوخی و حیا
بحث دونون مین ہو سن قصہ چکا اے انصاف — قاضی وقت ہی تو بیٹھ وہ صدرِ قضا
بات اتنی ہی کہ شوخی کو ہی شوخی منظور — ہی حیا فضلِ شادی مین طلبگارِ حیا
جشن نوکلب علیخان بہادر کے ہو گھر — ہو شبِ عقد ولیعہد بنین گے دولھا
قول شوخی ہی کہ اک برق تجلی ہی جمال — برق کب چاہتی ہی پردہ چمکنے کے سوا
ہوئی انگشت بدندان یہ حیا کہتی ہی — نہین بیباکی و گستاخی بیجا کی یہ جا
امین جو بات کہ بہتر ہو بتا اے انصاف — کہ پئی فصل ہی دونون نے حکم تجکو کیا
ہوئی انصاف کو بھی فکر مگر غور کے بعد — سر اُٹھا کر یہ کہا قول ہی دونون کا بجا
بات اسوقت وہ کہتا ہون جو ہو قابلِ مدح — دن کی شوخی ہی تو ہی رات کی مختار حیا
رات بھر چہرۂ نوشاہ رہے زیرِ نقاب — صبح ہو جاے تو ہو مہر صفت جلوہ نما
حکم قاضی سے رضامند ہوے جب طرفین — پھر کے آئے طرفِ بزم طرب بعد رضا
جملہ ابزم کہ رغبت سے وہان حاضر ہین — امرا و عمر با و شرفا و نجبا
سارے آفاق مین ہی دھوم جو اس شادی کی — میہمان آئے ہین اس بزم مین سارے روسا
اہلِ محفل کی طرف دیکھ کے کہتا ہی فلک — ایک منزل مین کئی سو ہی قمر جلوہ نما
شجرِ وادیِ ایمن ہی جو محفل مین ہین جھاڑ — جلوہ طور ہی پیشِ نظرِ اہلِ صفا
نورِ انجم سے سوا روشنی شمع و چراغ — قمقمے قمقۂ عرش کی رکھتے ہین ضیا
دیکھکر سرو و چراغان کو یہ آتا ہی خیال — ید بیضا ہین بہت ایک ہی موسیٰ کا عصا
نرفشان شمع کا پرتو ہی جو دیوارون پر — آنکھ ہر روزنِ دیوار کی ہی کان طلا
پنجشاخون سے اگر بھول کے ہو ہم پنجہ — پنجۂ مہر جہانتاب ہو انگشت نما
کیا سعادت ہی کہ محفل مین کوئی پروانہ — شمع کے گرد پھرے آکے تو بجاے تمنا

کیون معطر نہون سب بزم نشینون کے لباس
گوشۂ گل جنت سے پھرتی ہی صبا

ترک محفل کے سوا رقص و غنا چار طرف
زہرہ اس بزم مین آئی ہی کہ ہو نغمہ سرا

غارت دل کا کیا جب کسی رقاص نے قصد
ہان مین ہان اور ملانے لگی گھنگرو کی صدا

ذائقہ نغمہ تر مین بھی مجھ مے ناب کا ہی
خلق مطرب ہی الٰہی کہ صراحی کا گلا

دل کو بیچین کیے دیتی ہی طبلون کی گمک
ہوش اڑائے لیے جاتی ہی مجیرون کی صدا

وہ کرشمے کہ فراموش ہو زہاد کو زہد
وہ ادائین کہ نمازین ہون تہجی کی قضا

روح فرہاد جو انکے لب شیرین دیکھے
تلخ شیرین نظر آئے یہ ملے اسکو مزا

اٹھ گیا ہاتھ پڑی تیغ جگر پر فی الفور
بڑھگیا پاؤن پسے دل صفت برگ حنا

بوعلی اپنے زمانے کا ہی جو مطرب ہی
ہی زوال مرض غم مین اسے دست شفا

یون ہی آغوش مغنی مین پکھاوج کی جگہ
دل عاشق مین ہو جیسے کسی معشوق کی جا

بزم تو بزم عجب شہر مین ہی رنگینی
جو دکان ہی وہ ہی مانی کا مرقع گویا

کو بکو جشن طرب کوچہ بکوچہ شادی
خلد ہر صحن مین ہر بام پہ جنت کی ہوا

پرفشان ہوتی ہی دریا مین اگر بط کوئی
صاف تا گوش حباب آتی ہی بربط کی صدا

عطر ملتی ہوئی پھرتی ہی شمیم گل تر
رقص کرتی ہوئی ہر ایک خیابان مین صبا

حکم پہونچا یہ خزانے مین بٹین گنج پہ گنج
توڑے تقسیم ہون جوڑے ہون زمانے کو عطا

تا سر قند ذرا بھی نہ چھٹا قند کہین
شیر مہتاب تو کیا شیر سحر تک نہ بچا

چلتی بر غالۂ گردون کے بھی گردن پہ چھری
اہلکارون سے نکرتے جو سفارش عیسیٰ

کھائے ہر قوم نے وہ اطعمۂ خوب و لذیذ
کہ فراموش ہوئی لذت من و سلویٰ

جوڑے تقسیم کیے سیکڑون بھاری بھاری
تھان کمخواب کے سر پیچ کمر بند قبا

چار باغ ائمین وہ رومال کہ رشک صد باغ
دور دار ایسے دوشالے کہ فلک جن پہ فدا

رنگ اڑنے کا بھی کچھ حال کرون اب مین رقم
خود بخود رنگ مین ڈوبی ہوئی ہی طبع رسا

آج کچھ گلشن آفاق کا ہی اور ہی رنگ
شرخ پھولون کی ہی دستار تو لالے کی قبا

ریش بوڑھون کی شفق گون ہوئی بے رنگ خضاب
دست و پا شرخ ہر اک طفل کے بے رنگ حنا

قصّے رنگ کے ٹوٹے تو دکھایا یہ رنگ
صفحۂ سیم بنے صورت اوراق طلا

رنگبازی کا سماں تھا کہ دکانِ صبّاغ
ہوگیا جسکا گذر ڈوب کے باہر نکلا

زعفران زار بنا خندۂ شادی سے وہ گھر
کم نہ تھی قہقہہ دیوار سے دیوارِ سرا

پہلے ساچق ہوئی پھر دھوم سے مہندی آئی
سرخرو جسکے تماشے سے ہوئی خلق خدا

بعد ان سب کے ہوئی دھوم جو آئی شبِ عقد
اُسکا احوال مناسب ہے کہ لکھوں مین جدا

مطلع ثانی

شرق سے خسروِ خاور جو ہوا جلوہ نما
زیرِ ران خنگِ فلک زینتِ سرتاجِ طلا

ہفت کشور مین کیے خطِّ شعاعی جاری
کہ فراہم دیر دولت پہ ہو سب خلقِ خدا

عید سی عید خوشی سی ہے خوشی آج کے دن
آئین پوشاک بدل کر عمر باو امرا

صبح سے شہر کی چھڑکی گئین سڑکین تا شام
خضر نے چشمۂ حیوان سے دیا آبِ بقا

شہر مین شور چلو جلد تماشے کو چلو
کہ سرِ راہ ملے سیر کو اچھی کوئی جا

کمرے آراستہ تھے فرشِ مکان نورانی
کوچے کوچے مین جمی انجمنِ رقص و غنا

جم گئے اہلِ تماشا یہ لبِ بام اگر
قطب آسا نہ رہا غدۂ لغزش پا

رونقِ جسم ہوئی ایسی شنہری پوشاک
کہ چمک کر تنِ خاکی ہوے تصویر طلا

ہوکے آراستہ تا شام چلی ایسی برات
ہمہ تن چشم ستارون سے ہوے تھے سما

روشنی کے جو دورویہ تھے ہزارون ٹھاٹھر
تھی کہین بڑھ کے ستارون سے چراغون کی ضیا

ہر طرف چھوٹتی جاتی تھی وہ آتشبازی
جمع تھی جسکے تماشے کے لیے خلقِ خدا

فیل سے فیل لڑے رقص مین آئے طاؤس
قلعے چھوٹے تو برابر ہوئی توپون کی صدا

اک کے پھول دکھانے لگے پھولون کی بہار
ہر طرف باغ برائیم کی پیدا تھی فضا

واہ کیا فیل تھا جس فیل پہ دولھا تھا سوار
اُسکی طیاری و زیور کا کرون ذکر مین کیا

دیکھ لین ایک نظر بھی جو کبھی اُسکی چمک
جلوۂ طور سے موسیٰ کو ہو پھر استغنا

فیل پر دیکھ کے نواب کو کہتی تھی یہ خلق
جلوہ گر عرشِ معلیٰ پہ یہ ہے نورِ خدا

سمت ایک ایک کی تھی چہرۂ اقدس کی طرف
جانبِ قبلہ ہو جسطرح رخِ قبلہ نما

تاج و فیل کو سب دیکھتے تھے یہی
دونون فیل نشین اور جلو مین چپ و راست
اسقدر وصف مین فیلون کے ہو اندیشہ جسیم
اسپ ہمراہ سواری کے عجب برق روش
وقت تیزی کے تھا کیا فاصلہ چرخ و زمین
ابر کو جا کے زمین سے یہ شبک رو چھو لین
چشم بینا مین پھر آتے ہین نظر سے پہلے
گرم رفتار وہ ہون گرمی رفتار سے اور
آگے آگے تھے سواری کے رسالون کے پرے
پلٹنین ایسی کہ جنین تھا تماشا سے بہار
خاص بردار ہزارون تھے لیے چقماقین
چوبدارون کی وہ کثرت کہ لرزتی تھی زمین
تیز رو سانڈنیان برق روش کبک خرام
دل کھنچے جاتے تھے اسطرح سے انکی جانب
ایسے چاندی کے ہوادار کہ جنکے آگے
جیسی فیلون پہ دکھاتے تھے نشان شان و شکوہ
انکے بنجون کی چمک سے یہ ہوا اشرمندہ
نظر آتا تھا نہ ہر ایک علم پر پرچم
نہ سنبھلتا نہ ٹھہرتے قدم پیر فلک
ساتھ وہ پالکیان نالکیان نورانی
تخت سیمین پہ روان سیکڑون ارباب نشاط
ہر جگہ غلغلہ شہنا و دف و چنگ و رباب
خبر اسکو جو اس بزم طرب کی ہوتی

رخش پر تخت سلیمان لیے جاتی ہوا
رخت نے تار سے آراستہ سارے رفقا
کہ شکوہ ہو اسے دائرہ ارض و سما
غرق دریاے جواہر مین وہ سب سرتاپا
ایک سم روے سمک ایک تھا نعل فوق سما
خاک پر ابر سے قطرے نہ گرین ہو کے جدا
گوش سامع مین پہونچ جاتے ہین وہ قبل صدا
سچ ہی سیماب کا آتش پہ ٹھہرنا کیسا
کہ پری بھی انھین دیکھے تو کہے صل علے
ہو کے جس راہ سے نکلین چمن تازہ کھلا
نیزہ دارون سے نیستان کا نمونہ رستا
سیم ماہ و زر خورشید کے ہاتھون مین عصا
زہرہ مشتاق کہ گرون مین پڑے بنکے دوا
کاہ کھنچ جاتی ہو جیسے طرف کاہ ربا
سیم اندام پہ سجدہ جھکائین سیما
نخل ایمن کی کہان طور پہ وہ نشو و نما
اس تجلی پہ ہو خورشید فلک رو بقفا
شاخ طوبی پہ کسی حور کی تھی زلف رسا
دستگیری جو نہ کرتا وہ نشان بنکے عصا
معدن سیم کوئی اور کوئی کان طلا
ہر قدم پر سر ہر مشغلہ رقص و غنا
ہر جگہ شور شغارہ و بوق و قرنا
بولی پھر کبھی ایجاد نہ کرتا شہنا

دیکھیے راہ ہوئی جمع میوں کی کثرت — [illegible] دم سے جدا
پہنچی اس شان سے جب گھر مین دلہن کے پیارے — ہر لب بام سے [illegible] کی صدا
وہی آراستہ وہ محفل عشرت دن بھر — وہی باجے تھے [illegible] رقص و غنا
اس خوشی مین جو رہا چار گھڑی دن باقی — اپنے گھر ساتھ چلا لیکے دلہن کو دولھا
وہی سامان وہی دھوم وہی فیل نشین — وہی مجمع وہی کثرت تھی وہی خلق خدا
مژدہ سنتے تھے نواب فلک جاہ بہت — موجزن جوش خلائق سے ہوا بحر عطا
ساتھ باتھی پہ کئی اشرفیون کے توڑے — کہ خزانے مین نہ تھا اشرفیون کا توڑا
کشتیان کتنی جواہر کی تھین ہمراہ رکاب — لعل و فیروزہ و الماس و دُر بیش بہا
دونون ہاتھون سے لگے پھینکنے زر چار طرف — گوہر و لعل کی بارش ہوئی ہنگام سخا
ایک ساعت مین قلندر کیے سارے مفلس — ایکدم مین ہوے زردار تہیدست گدا
تھین دعائین کہ سلامت رہے یہ حاتم عصر — نجم اقبال درخشان رہے تا روز جزا
ہر طرف دھوم مبارک ہو مبارک یہ بیاہ — جا بجا شور سلامت یہ دلہن یہ دولھا
اس جگہ حضرت نواب کی ہو مدح ضرور — کہ روانی پہ ابھی حمک ہو مری طبع رسا

مطلع ثالث

ہو وہی مرضی رب جسین کہ اُسکی ہو رضا — بے نشانی نہو جاری کبھی فرمان قضا
کہکر اُسکو مٹانا ہو جو منظور نظر — کہے بتخانے سے ناقوس کہ گر جا گر جا
چشم نرگس جو جھکے پاؤن پہ اُسکے تو نسیم — گوش گل مین کہے ہو مین بجا مین بجا
ہر طرف لطف و عنایت کی چلی ہو جو نسیم — چمن دہر کی کچھ اور ہی ہو آب و ہوا
شاخ امید خلائق سے عجب کیا ہو اگر — سرخ پھولون کی جگہ لعل فشان ہون پیدا
دہر عالم مین یہ ہو اُسکی مسیحائی کی — سارے امراض سے محفوظ ہو سب خلق خدا
موت کیسی کہ کہین فوت کا مذکور نہین — کسی مومن کی نماز اب نہین ہوتی ہو قضا
صدر عالی مین یہ انصاف نے پایا ہو رواج — کار زشت اب کوئی کرتا ہو تو پاتا ہو سزا
کس کسلکو ملتی نہین تعزیر گناہ — قید ہو گھر مین کمان کے جو کرے تیر خطا

...ر دولت پہ نہین ہٹتی کبھی ...	...ان جو اُٹھتا ہی تو اُٹھتا ہی فقط دست دعا
...ختور ...جابت ...رج شرف	جوہر تیغ شجاعت گل گلزار عطا
...سکے قدمون سے عبد ... ہی ہو کس کام کا ہی	کبھی ترشا ہوا ناخن نہوا عقدہ کشا
...بت ...دوست بھی اسکا ہی عدو	جسطرح مرگ ہی آتش کے لیئے آب بقا
...ہت اپنے قصیدے کو ندے طول امیر	دیکھے سوگند تجھے پوچھتے ہین صاف بتا
...چا پیر ہوت تو نے زمانے دیکھے	بیشتر تجھسے رہی صحبت شاہ دوزرا
...شادیان دیکھین بہت بیاہ نظر آئے بہت	حاتمی ایسی یہ سامان کہین دیکھا تھا
راست ہی راست ہی کچھ کذب کی یہ بات نہین	ہمت وجود و سخا مین ہی یہ حاتم یکتا
ایسے سامان کیئے اس بیاہ مین اس ہمت سے	مدتون دہر مین آوازہ رہیگا جسکا
یا خدا یہ حشم و جاہ یہ دولت قائم	میرے نواب کو ہو زندگی خضر عطا
صد برس سال سلامت یہ عروس و نوشاہ	وصل بلقیس و سلیمان رہے تا روز جزا
آج کی رات سلیمان سے ہی عقد بلقیس	بہر تاریخ عروسی ہی یہ مصرع زیبا

خاتمۃ الطبع مجمع البحرین ذوالسانین جلد دوم مصنفہ حضرت اسیر لکھنوی

از کارپردازان مطبع

یہ گوارش ہنوز عبارت آرائی نہوگی کہ مصنف مجمع البحرین سخن آفرین نکتہ پرور تدبیر الدولہ نظام الملک بہادر باقی کو اپنی آخر عمر کے سخن سنجون سے ویسی ہی نسبت ہی جیسے حضرت ذوقی ... اسنج مرحوم اور حضرت آتش مرحوم کو حضرت میر انیس مرحوم اور حضرت خواجہ میر درد مرحوم سے باوجودیکہ امیر مرحوم مبتدی اور رواج مرحوم طے منازل سخن مین ایسے راہرو تھے کہ اپنے ہمراہیون سے گوے سبقت لیگئے لیکن باوصف اس سبقت کے بھی اسقدر گزارش ضرور ہوسکتی ہے کہ ہنوز ان دونون نے نصف راہ بھی طے نہین کی تھی کہ حضرت اسیر مرحوم جنکو قطع نظر ایک جہان کے خود جہانبان اودھ نے اپنی استادی کے لیئے منتخب فرمایا تھا اور جنکی سنجیدہ خرامی میدان سخن کا ایک مختصر سا نمونہ یہ تصنیف ہی۔

زہے ہمت شنائق اشاعت علم و فن بالومراک نارائن صاحب زیدت حشمتہم جنھون نے اپنے مطبع کی طبع صفا آگین سے اس مجمع البحرین ذوالسانین کے شکوہ تموج کو دوبالا کردیا گویا ہر ہر دائرہ مین نور صفا بھر دیا تا آنکہ ماہ جون ۱۹۰۶ء مطابق ماہ ربیع الثانی ۱۳۲۴ھ ہجری مین سعادبخش چشم مشتاقان ہوا۔